ولی اللہ دہلوی کے سیاسی مکتوبات

خلیق احمد نظامی

لکچرار شعبہ تاریخ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

سلسلہ تصانیف مشائخ

شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے سیاسی مکتوبات

از

خلیق احمد نظامی
ایم۔ اے۔ ال۔ بی
لیکچرار شعبہ تاریخ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

(جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں)

قیمت .... ۳ روپے

جناب پروفیسر محمد حبیب صاحب

بی۔ اے (آکسن) بار ایٹ لا

صدر شعبہ سیاسیات مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

کی

خدمت میں

۷۸۶

"سلسلہ تصانیف مشائخ"

دیباچہ

ہندوستان کے صوفیاء اور مشائخ کی تصانیف اور حالات کے مطالعہ کا شوق دادا مرحوم جناب مولوی فرید احمد صاحب نظامیؒ کی صحبت میں پیدا ہوا اور جناب پروفیسر محمد حبیب صاحب (مسلم یونیورسٹی علی گڈھ) کی رہبری میں بڑھا۔ آج سے آٹھ دس سال قبل یہ طے کیا تھا کہ "سلسلہ مشائخ ہند" کے عنوان سے ہندوستان کے اولیاء کرام کے حالات معتبر ماخذ کی روشنی میں پیش کیے جائیں اور ان کی تصانیف کو صحت کے ساتھ شائع کیا جائے۔ کہ ہندوستان کی تمدنی تاریخ کا ایک اہم باب اُن کی حیات طیبہ سے وابستہ ہے۔ کئی سال کے بعد "مشائخ چشت" (متاخرین) کی پہلی جلد (حضرت شاہ کلیم اللہ دہلویؒ سے حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی تک) اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی سوانح تیار ہوئی۔ ۱۹۴۶ء میں جب کہ ان کتابوں کو طباعت کے لیئے ایک ادارہ کے سپرد کر دینے والا تھا، تقسیم ہند نے ملک کی ساری فضا بدل دی۔ اور حالات ایسے ناساز گار ہو گئے کہ اشاعت [illegible] کی ساری

گفتگو بے محل معلوم ہونے لگی۔ اسی مدت میں دو اور کتابیں یعنی خیر المجالس (ملفوظات حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ) اور سرور الصدور (ملفوظات حضرت شیخ فرید الدین محمود بن شیخ حمید الدین سوالی ناگوری خلیفہ حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ) ایڈٹ کرنے کا موقع مل گیا۔ اب یہ سوچ ہی رہا تھا کہ اس میں کس کتاب کو پہلے شائع کرنے کا بندوبست کروں کہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے مکتوبات کا ایک نادر مجموعہ دستیاب ہوا۔ دل نے فیصلہ کیا کہ اسی کے انتخاب سے اس سلسلہ کا آغاز کیا جائے۔ حالات نے مساعدت کی تو ان شاء اللہ بقیہ کتابیں بھی ایک ایک کرکے ہدیہ ناظرین کردی جائیں گی۔

ان مکتوبات کی ترتیب کے متعلق بھی کچھ عرض کرنا ہے۔ مقدمہ میں عمداً اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ مقصد یہ تھا کہ مختصر سے مختصر راہ سے ناظرین کو مکتوبات تک پہونچا دیا جائے۔ اس کے بعد جن جن پہلوؤں کی مزید تفصیلات درکار ہوں ان کو ضمیمہ جات میں دیکھا جائے۔ اٹھارویں صدی میں ہندوستان کی سیاست پر ایک تفصیلی ضمیمہ مرتب کیا تھا لیکن کتاب کا حجم بڑھ جانے کے باعث اس کو حذف کرنا پڑا۔ میں نے اپنی بساط برابر کوشش کی ہے کہ ان مکتوبات کے تمام تاریخی اشارات کی وضاحت حواشی میں کردی جائے۔ پھر بھی بہت سے نقائص رہ گئے ہیں اور مجھے ان کا احساس ہے۔

مجھے جناب پروفیسر محمد حبیب صاحب کا شکریہ ادا کرنے کے لیئے الفاظ نہیں ملتے کہ انہوں نے اپنی انتہائی مصروفیت کے باوجود اس کتاب کا مسودہ ملاحظہ

فرمایا اور "تعارف" لکھ کر کتاب کی افادیت میں اضافہ کیا اور میری عزت افزائی فرمائی
میں جناب شیخ عبدالرشید صاحب کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے شروع سے
آخر تک اس کتاب کی اشاعت میں حصہ لیا۔ اور تقریب لکھ کر ذرہ نوازی فرمائی۔
علاوہ ازیں میں ڈاکٹر آر۔پی۔ تریپاٹھی وائس چانسلر ساگر یونیورسٹی کا بھی ممنون ہوں
کہ انہوں نے ان مکتوبات کی اشاعت میں دلچسپی لی اور مفید مشورے دیئے۔ یہ
کتاب شاید اس قدر جلد شائع نہ ہو سکتی اگر جناب ماموں مولانا نسیم احمد صاحب فریدی
کی امداد اور رہبری شامل حال نہ ہوتی۔ انہوں نے کتابت کی تصحیح اور مکتوبات کے
ترجمہ میں میرا ہاتھ بٹایا۔

خلیق احمد نظامی

نفیس منزل - بدرباغ
مسلم یونیورسٹی - علی گڑھ
۲۵ر دسمبر ۱۹۵۰ء

فہرست مضامین

(ا) تعارف
(ب) تقریب
(س) مقدمہ

۲- مکتوبات	فارسی	اُردو ترجمہ
(۱) مکتوب اول۔ بجانب بادشاہ و وزیر و امرا	۴۱-۴۴	۹۳-۹۶
(۲) مکتوب دوم۔ بنام شاہ ابدالی (احمد شاہ ابدالی)	۴۵-۵۸	۹۷-۱۱۴
(۳) مکتوب سوم۔ بجانب نجیب الدولہ	۵۸	۱۱۵
(۴) مکتوب چہارم۔ " "	۵۹	۱۱۶
(۵) مکتوب پنجم۔ " "	۶۰	۱۱۷
(۶) مکتوب ششم۔ " "	۶۱-۶۲	۱۱۸-۱۱۹
(۷) مکتوب ہفتم۔ " "	۶۳-۶۴	۱۲۰-۱۲۲
(۸) مکتوب ہشتم۔ " "	۶۵-۶۶	۱۲۳-۱۲۴
(۹) مکتوب نہم۔ " "	۶۷	۱۲۵

	فارسی	اردو ترجمہ
(۱۰) مکتوب دہم - بجانب نجیب الدولہ	۶۸-۶۹	۱۲۶-۱۲۸
(۱۱) مکتوب یازدہم بنام شیخ محمدؒ عاشق	۷۰-۷۱	۱۲۹-۱۳۰
(۱۲) مکتوب دوازدہم - " "	۷۲	۱۳۱
(۱۳) مکتوب سیزدہم " "	۷۳	۱۳۲-۱۳۳
(۱۴) مکتوب چہاردہم " "	۷۴	۱۳۴-۱۳۵
(۱۵) مکتوب پانزدہم " "	۷۵	۱۳۶-۱۳۷
(۱۶) مکتوب شانزدہم - " "	۷۶	۱۳۸
(۱۷) مکتوب ہفت دہم - " "	۷۷	۱۳۹
(۱۸) مکتوب ہشت دہم - " "	۷۸	۱۴۰
(۱۹) مکتوب نوازدہم - بجانب سید احمدؒ روہیلہ	۷۹	۱۴۱
(۲۰) مکتوب بستم - بنام وزیرالممالک آصف جاہ	۸۰-۸۱	۱۴۲-۱۴۳
(۲۱) مکتوب بست ویکم " " "	۸۲	۱۴۴-۱۴۵
(۲۲) مکتوب بست و دوم " " "	۸۳-۸۴	۱۴۶-۱۴۷
(۲۳) مکتوب مکتوب بست وسوم بطرف تاج محمدؒ خان بلوچ	۸۵-۸۶	۱۴۸-۱۴۹
(۲۴) مکتوب بست وچہارم - نواب مجدالدولہ بہادر	۸۷	۱۵۰-۱۵۱
(۲۵) مکتوب بست وپنجم - نواب عبداللہ خان کشمیری	۸۸	۱۵۲
(۲۶) مکتوب بست وششم - بطرف حافظ جاراللہ پنجابی	۸۹	۱۵۳

۳۔ ترجمہ مکتوبات 91 - 154

۴۔ حواشی 155-

۵۔ ضمیمہ جات 179-

(۱) شاہ ولی اللہؒ کی سوانح اور تصانیف 179-185

(۲) شاہ ولی اللہؒ کے ہم عصر سلاطین مغلیہ 187

(۳) احمدؒ شاہ ابدالی۔ سوانح 188-192

(۴) احمدؒ شاہ ابدالی کے حملہ ہندوستان پر۔ 193-198

(۵) نجیب الدولہ۔ سوانح 199-203

(۶) نواب مجدالدولہ 203-206

(۷) مولانا سید احمدؒ روہیلہ 207-209

(۸) کتابیں جن کے حوالہ درج ہیں۔ 210-212

تعارف

(از جناب پروفیسر محمد حبیب صاحب بی اے (آکسن)، بار ایٹ لا۔)
صدر شعبہ سیاسیات مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

میرے نوجوان رفیق کار خلیق احمد صاحب نظامی نے ہند کے قرون وسطیٰ کی تاریخ اور اس کے لٹریچر کا جس گہرے انہماک اور ذہنی یکسوئی کے ساتھ مطالعہ کیا ہے اُس سے میں نے مستقبل کی بڑی امیدیں وابستہ کی ہیں۔ کامل غیر جانبداری اور ناقدانہ تحقیق اُن کی علمی کاوشوں کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ ان کی مساعی کا واحد مقصد یہ ہے کہ تاریخ کے تاریک گوشوں کو روشنی میں لایا جائے اور جو چیزیں منصۂ شہود پر نہیں آئی ہیں انکو پیش کیا جائے۔ موجودہ تالیف ان کے اس انداز تلاش و تحقیق کی ایک اچھی مثال ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کو متفقہ طور پر اٹھارویں صدی کا سب سے ممتاز عالم اور صوفی تسلیم کیا جاتا ہے۔ ہمارے عہد کے بعض اہل علم۔ خصوصًا مولانا خلیل احمد صاحب علیگ اور مولانا عبیداللہ صاحب سندھی شاہ صاحبؒ کی تصانیف کے مطالعے اور ممدوح کی اخلاقی و مذہبی تعلیمات کی تشریح کیلئے اپنی زندگیاں وقف کر چکے ہیں۔ اب نظامی صاحب نے ملک کے سامنے شاہ صاحبؒ کی سیاسی آرا اور سیاسی ردِّعمل کے متعلق پہلی بار نہایت قیمتی مواد پیش کیا ہے

دہلی، ہندوستان کے تمام شہروں میں سب سے زیادہ باعظمت اور اسی کے ساتھ سب سے

بڑھ کر بدقسمت شہر رہا ہے۔ اس کی بنا سلطان شمس الدین التمش کے ہاتھوں پڑی۔ اور سلطان علاء الدین نے اس کو پروان چڑھایا۔ یہاں تک کہ فارغ البالی کا یہ حال ہوگیا کہ دبقول شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ) معمولی فقیروں کے پاس ایک چھوڑ، دو دو کمات ہوتے تھے۔ اس محبوب شہر کی تعریف میں امیر خسرو اور عصامی کے نغمے آج تک دنیا کے کانوں میں گونج رہے ہیں، بلکہ عصامی نے تو ہر موسم میں دہلی کی آب وہوا کے معتدل ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ ع بہ ہر چار فصلش ہوا معتدل۔ آخر ۱۳۹۸ء میں تیمور کے حملہ کا سیلاب آیا جس نے دہلی کو کھنڈروں کا ڈھیر بنا دیا۔

لیکن دہلی کے مقدر میں بگڑ کر پھر بننا تھا۔ اور اگرچہ آگرہ اس کا مدمقابل تھا تاہم شاہان مغلیہ کے عہد میں دہلی کی گئی ہوئی شان وشوکت پھر واپس آگئی جب سلطنت مغلیہ کا زوال شروع ہوا تو دہلی بے سہارا رہ گئی۔ اگرچہ اس کی ظاہری شان میں چنداں فرق نہ آیا۔ بہادر شاہ اول کی وفات سے لیکر برطانوی حکومت کے قیام تک اہل دہلی کو جن مسلسل اور ہولناک مصائب کا سامنا کرنا پڑا ان کے مقابلہ میں تیمور کا قتل عام کچھ بھی نہ تھا محلات میں ریشہ دوانیاں ہورہی تھیں اور چاروں طرف خانہ جنگی پھیلی ہوئی تھی کہ نادر شاہ کا حملہ ہوگیا۔ اس حملہ نے دہلی کی رہی سہی شان بھی خاک میں ملا دی۔ ان حالات میں جب شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے احمد شاہ ابدالی سے یہ اپیل کی ــــــ

بخدائی پناہم از انکہ بدستور نادر شاہ
زالعمل آید کہ مسلمانان رازیر وزبر ساخت

ومرہٹہ وجٹ راسالم وغانم گذاشت
رفت، ازاں باز دولت کفار قوت یافت
وجنود اسلام از ہم پاشید وسلطنت دہلی
بمنزلہ لعب صبیان گشت" ص ۵۲

توحقیقت میں وہ دہلی کے تمام باشندوں کے جذبات کی ترجمانی کر رہے تھے ۔

نادر شاہ کے حملہ کے بعد جیساکہ شاہ صاحب نے فرمایا ہے " از سلطنت بجز نامے باقی نماند" ۔ اہل دہلی اور باشندگان ہند مرہٹوں سکھوں اور جاٹوں کا تسلط ضرور گوارا کر لیتے بشرطیکہ مغل ہاتھوں کی طرح ان کے سامنے کوئی تعمیری اسکیم ہوتی ۔ مگر وہ، نہ تو سلطنت مغلیہ کا احیاء کر سکتے تھے نہ اس کے عوض میں کوئی ویسی ہی عمدہ کل ہند حکومت قایم کر سکتے تھے۔ اور معاصرین نے اس حقیقت کو خوب سمجھ لیا تھا۔

میں اسے ضروری نہیں سمجھتا کہ ان خیالات کو پھر دہراؤں جو نظامی صاحب نے اس قدر وضاحت سے اپنے مقدمے میں پیش کئے ہیں ۔ شاہ صاحبؒ نے احمد شاہ ابدالی کو بالکل صحیح اطلاع دی تھی کہ ان قوتوں میں سے کوئی بھی "عوام" کی نمائندہ نہیں اور یہ کہ ان میں سے کسی میں یہ دم نہیں کہ ایک زبردست حملے کی تاب لاسکے ۔

حالات بالا میں یہ ناگزیر تھا کہ اس عہد کا ایک فاضل جو قرون وسطیٰ کی اسلامی تہذیب کا حامل تھا " قایم حقائق" کے نام پر اپیل کرے اور نیز احمد شاہ ابدالی اور نجیب الدولہ

کو ان "قدیم حقائق" کا از سرِ نو زندہ کرنے والا تصور کرے۔ ان دونوں لیڈروں کی قابلیت اور عظمت سے انکار کرنا غیر ممکن ہے۔ لیکن ہندوستان کا نجات دہندہ و بنانا ان دونوں میں سے کسی کی قسمت میں نہ تھا۔

میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ صرف میرا خیال ہی ہے یا واقعی شاہ صاحبؒ کا یہ عقیدہ تھا کہ اس وقت ایک اہم انقلاب ضروری تھا!

جس زمانہ میں یہ خطوط لکھے جا رہے تھے انگلستان واضح طور پر ایک صنعتی انقلاب کی راہ پر گامزن تھا۔ سرمایہ داری تیزی کے ساتھ بڑھتی آ رہی تھی اور دو زبردست انقلاب (امریکی اور فرانسیسی) جو مغربی دنیا کا ڈھانچہ بدل دینے والے تھے چند سال کے عرصے میں رونما ہونے کو تھے۔ یورپ کے مزدور طبقے کی مشکلات جو کچھ بھی رہی ہوں تاہم یہ حقیقت ہے کہ اصول تنظیم اور نظری و عملی سائنس میں یورپ ایشیا سے بازی لے گیا تھا۔ اب جنگ میں محض نظم، ترتیب، دلیری، جرأت و رکاوٹ ہی نہیں بلکہ سائنس اور صنعت کا سوال تھا، جیسا کہ نپولین کے مقابلہ میں انگریزوں کی فتح سے ظاہر ہے۔

نظامی صاحب نے بالکل صحیح لکھا ہے کہ پانی پت کی تیسری جنگ نے پلاسی کے فاتحوں کے لئے راستہ صاف کر دیا۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا عقلاً اس چیز کا جواز بھی نکلتا ہے۔ یہ بالکل قرین قیاس ہے کہ ہندوستان بھی، چین کی طرح بیرونی تسلط سے بچتے ہوئے عصر نو کا خیر مقدم کرتا، تاکہ اس کی قومی تاریخ کا تسلسل برقرار رہتا۔ یہی وہ نقطہ نظر ہے جس نے شاہ

ولی اللہ کے سیاسی افکار کی قدر و قیمت بہت کچھ بڑھادی ہے اور جس کا نظامی صاحب نے نہایت دقیقہ رسی سے تجزیہ کیا ہے۔ درحقیقت شاہ صاحب "سماجی تحفظ" کے حامی تھے اور یہ چاہتے تھے کہ ہند کے شاندار ماضی کی روشنی میں ملک کے سیاسی اداروں کو ازسرِنو زندہ کیا جائے۔

محمد حبیب

تقریب

(از جناب شیخ عبدالرشید صاحب ام-اے-ال-ال-بی)
صدر شعبہ تاریخ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ

سماج میں جب کوئی زبردست تبدیلی پیدا ہونے والی ہوتی ہے، تو خواہ وہ سیاست اور انسانی تعلقات کے حدود میں ہو یا اقتصادیات اور تہذیب کے شعبے میں اس کا عکس سب سے پہلے حساس اور بیدار ذہنوں میں نظر آتا ہے۔ اور جسے تہلکہ کہتے ہیں وہ بعد میں رونما ہوتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ اسی زمرے میں ہیں۔ ان کی عارفانہ بصیرت کے سامنے وہ تمام فتنے بے حجاب تھے جنہوں نے کچھ عرصے بعد مغلوں کی سلطنت کو پارہ پارہ اور مسلمانوں کی معاشرت کو زیر و زبر کر دیا۔ شاہ ولی اللہ صاحبؒ کی زندگی کا مقصد کیا تھا، ان کی شخصیت میں کون سے عناصر تھے اور وہ مسلمانوں کو کس خطرے سے آگاہ کرنا چاہتے تھے یہ اور اسی قسم کے دوسرے سوال ہیں جن پر مسلمانوں کو غور کرنا چاہیئے۔ واقعہ یہ ہے کہ شاہ صاحب کے متعلق ہماری واقفیت جوں جوں بڑھتی جائے گی اتنا ہی یہ احساس تیز ہوتا جائے گا کہ شاہ صاحبؒ کا کارنامہ بڑی اہمیت اور قدر و قیمت کا حامل ہے۔

خلیق احمد صاحب نظامی نے شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے خطوط کا یہ مجموعہ مرتب

کر کے ایک زبردست خدمت انجام دی ہے۔ یہ مجموعہ مسلمانوں کی ذہنی اور روحانی تاریخ کو سمجھنے میں بہت مفید ثابت ہوگا کیونکہ اس کے ورق ورق میں وہ درد اور وہ گداز ہے جو شاہ صاحبؒ کے رگ و پے میں جاری و ساری تھا۔ ان خطوں سے پتہ چلتا ہے کہ شاہ صاحب آنے والی تباہی کو بہت قریب سے دیکھ رہے تھے۔ چینیوں کے یہاں ایک مخصوص علامت ہے جس کا ایک پہلو "خطرہ" کی طرف اشارہ کرتا ہے اور دوسرا "امکان" کو ظاہر کرتا ہے۔ شاہ صاحب کی حیثیت اٹھارویں صدی کے ہندوستان میں بالکل اسی علامت کی سی تھی۔ وہ ایک طرف آنے والے خطرات سے آگاہ کرتے تھے دوسری طرف نئے امکانات اور بیماریوں کے علاج کا پتہ دیتے تھے۔

شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے کارنامہ کی قدر قیمت کا اندازہ لگانے کے لیے ضروری ہے کہ اٹھارویں صدی میں مسلمانوں کی سیاسی، سماجی، اقتصادی اور ذہنی حالت پر نظر رکھی جائے۔ عام طور پر مشہور یہ ہے کہ مسلمانوں کا ضعف، ان کی تہذیب کا زوال، مردہ پرستی، اخلاقی جمود اور زندگی کے حقائق سے فرار نتیجہ تھا سلطنت مغلیہ کے زوال اور اس کے اقتدار کے خاتمہ کا۔ لیکن واقعہ اس کے برعکس ہے۔ دراصل مغلوں کی قوت اور حکومت کا زوال نتیجہ تھا مسلمانوں کے زوال اور انتشار کا۔ تن آسانی اور تعیش نے مسلمانوں کی روح کو مضمحل کر دیا تھا۔ تہذیبی زوال کو روکنے کے لیے جو عناصر ابھرے تھے وہ خود ان اثرات کے ماتحت، نیز اقتصادی اور نفسیاتی ابتری کے باعث کمزور پڑ گئے تھے۔ جن لوگوں میں عمل کا حوصلہ تھا وہ فساد کے قائل ہو گئے تھے اور عیش پسند مرد

کا نعرہ لگا کر فرد اسے بے نیاز ہو گئے تھے۔ اور دوسری طرف جن لوگوں میں عمل کا ذوق نہیں تھا وہ نئے حالات سے نبرد آزما نہ ہو سکے اور ان کی جہالت اور اخلاقی کمزوری زوال کی رفتار کو تیز کرتی جا رہی تھی۔ یہ لوگ گزرے ہوئے زمانہ پر شرمندہ اور آنے والے زمانہ سے ناامید تھے۔ خلفائے راشدین کی سیرت اور ان کے کارنامے ان کی بے سود اور بے مصرف زندگی میں گرمی یا روشنی پیدا کرنے سے معذور تھے۔ یہ سب پرانی تہذیب کا خستہ لبادہ اوڑھے ہوئے بیٹھے تھے اور افسانوی شتر مرغ کی طرح انہوں نے اپنے سروں کو مغلیہ سلطنت کی عظمت کی ریگ میں چھپا رکھا تھا۔

شاہ ولی اللہ نے اس ماحول میں اعلان کیا: "مجھے خدا نے یہ شرف بخشا ہے کہ میں اس زمانہ کا مجدد، وصی اور قطب ہوں۔ مجدد کے منصب کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ شریعت کے قوانین کی توجیہ و تفسیر کو سنت کے مطابق کرے اور اس میں قیاس کو ہرگز دخل نہ دے، اور تعلیمات اور نظریات کو پیش کرتے وقت صحابہ اور تابعین کے افعال و اعمال کو سامنے رکھے۔ وصیت سے مراد یہ ہے کہ دین کے ان قوانین کو جو بتاتے ہیں کہ حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے، رسول کے اسوۂ حسنہ اور ان کے ارشادات کی روشنی میں ترتیب دے۔ قطب وہ ہے جو خدا کی مرضی کو موجودہ حالات اور ضروریات میں بنی نوع انسان پر ظاہر کر دے اگر خدا نے چاہا تو میری کوششوں سے مسلمانوں میں ایک نئی زندگی پیدا ہو جائے گی"

شاہ صاحبؒ نے مسلمانوں کو جگانے کی کوشش کی۔ اُن کے لئے ایک نظامِ عمل

مرتب کیا کہ اگر اس کی پیروی کی جاتی تو ہندوستان کے مسلمانوں کی تاریخ میں ایک نیا باب کھل جاتا اور اجتماعی زندگی کو تقویت حاصل ہو جاتی۔ مگر اس نسل نے شاہ صاحب کی اس بروقت تنبیہہ سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا۔ اور اپنی غفلت کی سزا پائی۔

شاہ صاحب کو مغلوں کی حکومت کے سنبھل جانے کی کوئی امید نہ تھی نہ یہ ان کی خواہش تھی اور نہ وہ اسے پسند کرتے تھے ہاں البتہ وہ اس کے زوال کو اس وقت تک کے لیئے روک دینا چاہتے تھے۔ جب تک اس کا کوئی نعم البدل نہ مل جائے ان کے خیال میں نظام حکومت کا بہترین نمونہ خلافت راشدہ تھی اور وہ یہ چاہتے تھے کہ اس قسم کی حکومت ہندوستان میں قائم ہو جائے تاکہ لوگوں میں اتحاد اور اتفاق ہو اور وہ خوشی اور فارغ البالی کی طرف قدم بڑھائیں۔

خلیق احمد صاحب نظامی نے یہ خطوط ایک بڑے مجموعہ سے منتخب کئے ہیں۔ ان خطوط کی دلچسپی اور افادیت یہ ہے کہ ان میں شاہ صاحب نے اپنے زمانہ کی سیاسی حالت کو تجزیہ اور مطالعہ بڑی گہری نظر سے کیا ہے اور مغلوں کے زوال، اُن کی معاشرت کی خرابیوں اور ملک کے اقتصادی بحران پر مدلل بحث کی ہے۔

شاہ صاحب کی زندگی اور ان کی تعلیمات کو سمجھنے اور حالات کے مطابق سمجھانے کی ضرورت جس قدر آج ہے اتنی شاید کبھی نہ ہوگی اور ہمیں خلیق احمد صاحب نظامی کا ممنون ہونا چاہیئے کہ انہوں نے موجودہ نسل کی اس ضرورت کو پورا کیا ہے۔

شیخ عبدالرشید

مقدمہ

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے جب آنکھ کھولی تو سلطنتِ مغلیہ کا آفتاب لبِ بام آچکا تھا، معاشرہ اور سیاست کا پُر فضا نظام منہدم ہو رہا تھا زندگی کے ہر شعبہ میں زوال و انحطاط کے اثرات نہایت سرعت کے ساتھ کام کر رہے تھے، سارا نظام کھوکھلا ہو چکا تھا، اور اخلاقی قدروں کی گرفت ڈھیلی پڑ رہی تھی، مرکز کے کمزور ہو جانے کے باعث ساری سلطنت میں ابتری بدنظمی اور طوائف الملوکی پھیلی ہوئی تھی، شاہ جہاں اور اورنگ زیب کی دہلی اپنی عظمتِ دیرینہ کو خیرباد کہہ چکی تھی ہندوستان کا یہ قلب و جگر جس کی عظمت و شوکت کے ترانے کبھی اس طرح گائے گئے تھے ؎

حضرتِ دہلی کنفِ دین و داد | جنّت عدن است کہ آباد باد
ہست چو ذاتِ ارم اندر صفات | حرسہا اللہ عن الحادثات
ملک ز دروازہ او فتح یاب | سبزدہ دروازہ و صد فتح باب
نامِ بلندش رہِ بالا گرفت | تا بہ فلک شد رہِ عیسا گرفت

گر شنو د قصۂ ابن بوستاں
گر شود طائف ہندوستاں (امیر خسروؒ)

اس وقت "بمنزلہ لعبِ صبیان" تھا۔ دکن سے جو طوفان اُٹھتا تھا وہ لال قلعہ سے آکر ٹکراتا تھا پنجاب سے جو آندھی اُٹھتی تھی اُس کے زلزلے دہلی میں محسوس ہوتے تھے۔ جاٹوں کا جو ہنگامہ برپا ہوتا تھا اُس کی جولان گاہ یہ ہی بدبخت شہر بنتا تھا۔ اُمراء کی شاطرانہ چالوں کی بساط قلعہ معلّی ہی کے اندر بچھتی تھی، دہلی کے وہ باشندے جنہوں نے شاہجہاں اور اورنگ زیب کے عہد میں امن اور چین کے ساتھ زندگی بسر کی تھی ان پیہم ہنگامہ آرائیوں سے تنگ آگئے تھے، اُن کو اپنی عزت و ناموس کا بچانا محال نظر آتا تھا، زمین و آسمان کا بدلا ہوا رنگ دیکھ کر اُن پر بدحواسی، مایوسی، وحشت، کم ہمتی، اور خود فراموشی کے وہ مہیب اثرات طاری تھے جنہوں نے ساری قوم کو بے کار اور مفلوج کر دیا تھا۔

بادشاہ ہنگامہائے ناؤ نوش میں مدہوش اور عیش و عشرت میں غرق تھے۔ اُن کے چاروں طرف اُمراء کی سازشوں کا ہولناک جال بچھا ہوا تھا۔ صوبوں میں خود مختاریاں اور نوابیاں قائم ہو رہی تھیں، سارا ملک سیاسی ہنگامہ آرائی اور کشمکش کا بازیچہ بن گیا تھا، پارٹی بندی کے مسموم اثرات محلات سے گزر کر عوام کی زندگی میں تلخی پیدا کر رہے تھے!

فوج میں ابتری پھیلی ہوئی تھی بد دیانتی، غداری، حکم عدولی اور بغاوت نے

عسکری نظام کو تباہ کر دیا تھا۔ فوج اس قابل نہ رہی تھی کہ وہ ملک کے سرکش عناصر کا استیصال کر سکے۔ مجبوراً بادشاہوں کو اپنے دشمنوں سے صلح نمہ یدنی پڑتی تھی اور اس طرح سلطنتِ مغلیہ کا اقتدار دن بدن کم ہوتا جاتا تھا۔

اقتصادی حالت سب سے زیادہ تباہ تھی، صوبہ داریوں کے قایم ہو جانے کے باعث آمدنی کے اصلی ذرائع ختم ہو چکے تھے جو علاقے باقی رہ گئے تھے، وہ جاگیرداروں اور منصب داروں کے قبضہ میں تھے

سلطنتِ شاہ عالم

از دہلی تا پالم

کا نقشہ تھا۔ خالصہ کا علاقہ کم ہو جانے کے باعث بادشاہوں کی حالت گداگروں سے بدتر تھی۔ [1]

مرہٹے، سکھ، جاٹ، روہیلے، سب میں ملک گیری کی ہوس پیدا ہو گئی تھی، ملک کے گوشہ گوشہ میں باغیانہ قوتیں کام کر رہی تھیں، لوٹ مار، قتل و غارت گری کا بازار گرم تھا اور شاہانِ مغلیہ کا تاج طوفانی موجوں کے آغوش میں کھلونا بنا ہوا تھا۔

شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے دل و دماغ پر ان حالات کا جو اثر ہوا اس کا

---

[1] اس زمانہ میں شہزادوں کو تین تین دن کے فاقے کرنے پڑتے ہیں۔ ملاحظہ ہو تاریخ عالمگیر ثانی (قلمی) ص ۱۹۰
نیز Fall of the Mughal Empire Vol. II, P. 36-37

اندازہ تو اُن کے اس شعر سے ہوتا ہے ؎

کانّ نجومًا اومضت فی الغیاھب
عیون الأفاعی او رؤس العقارب

تاریکیوں میں جو ستارے چمک رہے ہیں، مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ناگوں کی آنکھیں ہیں یا بچھوؤں کے سر ہیں)

لیکن مایوسی اور قنوطیت کو انھوں نے پاس نہ آنے دیا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ طوفان کے ہر تھپیڑے نے اُن کے مرکب ہمت کے لئے مہمیز کا کام کیا — اُنھوں نے حالات گرد و پیش کا جائزہ پوری سیاسی بصیرت کے ساتھ لیا زوال و انحطاط کے ایک ایک سبب پر غور کیا۔ ہندوستان کے بسنے والوں کی عام حالت کا اندازہ لگایا۔ اُمراء و سلاطین کی انفرادی صلاحیتوں کو پرکھا اور پھر اپنے اصلاحی پروگرام کا خاکہ تیار کیا وہ زندگی کے اُن تمام گوشوں سے واقف تھے جن میں اصلاح کی ضرورت تھی۔ تفہیمات میں فرماتے ہیں۔

" ملا اعلیٰ کی طرف سے اصلاحی مطالبات کا اس زمانہ میں جن جن امور کے متعلق تقاضا ہو رہا ہے اُس کا ایک طویل باب ہے"

اُن کا اعتقاد تھا کہ یہ " اصلاحی مطالبات اُن ہی کے ذریعہ سے پورے ہوں گے- چنانچہ فیوض الحرمین میں ارشاد ہوتا ہے۔

" رأیتنی فی المنام قائم الزمان اعنی بذالک

ان اللہ اذا اراد شیئاً من نظام الخیر جعلنی کالجارحۃ لاتمام مرادہ" ص ۸۹

"میں نے خواب میں اپنے آپ کو دیکھا کہ میں قائم الزمان ہوں جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب بھلائی اور خیر کے کسی نظام کو قائم فرمانا چاہتا ہے تو مجھے اس مقصد کی تکمیل کے لئے گویا ایک آلہ یا واسطہ بنا لیتا ہے۔

زوال کے اسباب شاہ صاحبؒ کی نظر میں

شاہ صاحبؒ نے "مسلم سوسائٹی" اور "سلطنت مغلیہ" کے زوال و انحطاط کے اسباب علیحدہ علیحدہ متعین کئے تھے۔ اُن کی تصانیف کا اگر بغور مطالعہ کیا جائے تو ان دونوں کے متعلق اُن کے خیالات کا پتہ چل سکتا ہے۔ مسلم سوسائٹی کے زوال کا سبب اُن کے خیال میں مذہبی شعار سے بے اعتنائی، اور علوم دینیہ سے بے تعلقی تھی۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کا سبب اُنھوں نے اقتصادی انحطاط کو قرار دیا تھا، اس ہی کے باعث تمام سیاسی انتشار اور بدنظمیاں پیدا ہوئی تھیں۔ فرماتے ہیں کہ جس سوسائٹی میں اقتصادی توازن نہ ہو اس میں طرح طرح کے روگ پیدا ہو جاتے ہیں، نہ وہاں عدل و انصاف قائم ہو سکتا ہے اور نہ مذہب اپنا اچھا اثر ڈال سکتا ہے۔

انھوں نے مسلم سوسائٹی کے ہر ہر طبقہ سے خطاب کرکے اس کی بے راہ روی پر اُسے متنبہ کیا۔ تفہیمات کا وہ حصّہ خاص طور سے مطالعہ کے قابل ہے جس میں انھوں نے مسلم سوسائٹی کے ایک ایک گروہ کو نام بنام مخاطب کیا ہے اور اس کے نقائص بیان کئے ہیں جہاں تک معاشی خرابیوں کا تعلق ہے اس میں تقریباً ہر طبقہ کو یکساں گرفتار پایا ہے، امیروں سے خطاب کرتے ہیں:

"اے امیرو! دیکھو! کیا تم خدا سے نہیں ڈرتے۔ دُنیا کی فانی لذتوں میں تم ڈوبے جا رہے ہو اور جن لوگوں کی نگرانی تمہارے سپرد ہوئی ہے ان کو تم نے چھوڑ دیا ہے تاکہ ان میں بعض بعض کو کھاتے اور نگلتے رہیں۔ تمہاری ساری ذہنی قوتیں اس پر صرف ہو رہی ہیں کہ لذیذ کھانوں کی قسمیں پکواتے رہو اور نرم و گداز جسم والی عورتوں سے لطف اُٹھاتے رہو، اچھے کپڑوں اور اونچے مکانات کے سوا تمہاری توجّہ کسی طرف منعطف نہیں ہوتی۔"

سپاہیوں سے کہتے ہیں:

"تم اعتدال کی راہ اپنے خرچ میں اختیار کرو اور محض اتنی روزی پر قناعت کرنے کے لئے آمادہ ہو جاؤ جو بآسانی تمہیں اُخروی زندگی کے نتائج تک پہنچا دے۔۔۔۔؟ دیکھو! اپنے خرچ کو اپنی آمدنی سے کم رکھا کرو، پھر جو بچ جایا کرے اس سے مسافروں کی مسکینوں کی مدد کیا کرو۔ اور کچھ

اتفاقی مصائب اور ضرورتوں کے لئے پسماندہ بھی کیا کرو۔"

مشائخ کو للکارتے ہیں:

"ہم ایسے لوگوں کو قطعاً پسند نہیں کرتے جو محض لوگوں کو اس لئے مرید کرتے ہیں تاکہ اُن سے ٹکے وصول کریں۔"

عوام کو خطاب کرکے فرماتے ہیں:

"اپنے مصارف وضع قطع میں تکلف سے کام نہ لیا کرو، اگر تم ایسا کروگے تو تمہارے نفوس بالآخر فسق کے حدود تک پہنچ جائیں گے، اللہ تعالیٰ اس کو پسند فرماتا ہے کہ اس کے بندے اس کی آسائیوں سے فائدہ اٹھائیں ۔ ... اتنے کمانے کی کوشش کرو جس سے تمہاری ضرورتیں پوری ہوں دوسروں کے سینوں کے بوجھ بننے کی کوشش نہ کرو کہ اُن سے مانگ مانگ کر کھایا کرو یا تم اُن سے مانگو اور وہ نہ دیں، اس طرح بیچارے بادشاہوں اور حکام کے اوپر بھی بوجھ نہ بن جاؤ۔ تمہارے لئے یہی پسندیدہ ہے کہ تم خود کما کر کھایا کرو۔ اگر تم ایسا کروگے تو خدا تمہیں معاش کی بھی راہ سجھائے گا جو تمہارے لئے کافی ہوگی۔

اے آدم کے بچو! جسے خدا نے ایک جائے سکونت دے رکھی ہو جس میں وہ آرام کرے، اتنا پانی جس سے سیراب ہو، اتنا کھانا جس سے بسر ہو جائے، اتنا کپڑا جس سے تن ڈھک جائے، ایسی بیوی جو اس کے

بہن بھن کی جد و جہد میں مدد دے سکتی ہو تو یاد رکھو کہ دنیا کا مال طرت اس شخص کو مل چکی ہے۔ چاہئیے کہ اس پر خدا کا شکر کرے۔

...... بہرحال کوئی نہ راہ کمائی کی آدمی ضرور اختیار کرے۔"

ان انفرادی نقائص سے قطع نظر، شاہ صاحب نے سلطنت کے زوال کے اسباب کو "حجۃ اللہ البالغہ" میں اجمال اور ان مکتوبات میں جو آپ کے سامنے پیش کئے جا رہے ہیں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں:۔

وغالب سبب خراب البلدان فی هذا الزمان شیئان احدهما تضیقهم علی بیت المال ان یعتادوا التکسب بالاخذ منه علی انهم من الغزاة او من العلماء الذین لهم حق فیه۔ او من الذین جرت عادة الملوک بصلتهم کالزهاد والشعراء او بوجه من وجوه التکدی ویکون العمدة عندهم هو التکسب دون القیام بالمصلحة فیدخل قوم علی قوم فینغصون علیهم ویصیرون کلاً علی المدینة۔ والثانی ضرب الضرائب الثقیلة علی الزراع والتجار والمحترفة والتشدید علیهم حتی یفضی الی الاجحاف المطاوعین واستئصالهم والی تمنع اولی باس شدید

وبغيهم وانما تصلح المدينة بالجباية اليسيرة و اقامة الحفظة بقدر الضرورة فليقب اهل الزمان لهذه النكتة (باب سياست المدينة)

اس زمانہ میں ملک کی خرابی و ویرانی کے زیادہ تر دو سبب ہیں، ایک بیت المال یعنی ملک کے خزانہ پر تنگی، وہ اس طرح کہ لوگوں کو یہ عادت پڑ گئی ہے کہ کسی محنت کے بغیر خزانہ سے روپیہ اس دعویٰ سے حاصل کریں کہ وہ سپاہی ہیں یا عالم ہیں جن کا حق اس خزانہ کی آمدنی میں ہے، یا اُن لوگوں میں سے ہیں جن کو بادشاہ خود انعام واکرام دیا کرتے ہیں جیسے زاہد پیشہ صوفی اور شاعر اور دوسرے گروہوں میں سے جو ملک و سلطنت کے کسی کام کے بغیر کسی نہ کسی طریقہ سے روزی حاصل کرتے ہیں جو محنت کے بغیر اُن کو ملتی ہے یہ لوگ اُن کے، اور دوسروں کے ذرائع آمدنی کو کم کر دیتے ہیں اور ملک پر بوجھ ہیں۔

دوسرا سبب کاشتکاروں، بیوپاریوں اور پیشہ وروں پر بھاری محصول لگانا اور ان پر اس بارہ میں سختی کرنا ہے، یہاں تک کہ جو بیچارے حکومت کے مطیع اور اس کے حکم کو مانتے ہیں وہ تباہ ہو رہے ہیں اور، جو

---

[1] عربی عبارت کا اردو ترجمہ جناب مولانا سید سلیمان صاحب ندوی کا کیا ہوا ہے۔

(الفرقان شاہ ولی اللہ نمبر ص ۳۲۳-۳۲۴)

سرکش اور ناد ہندہیں وہ اور سرکش ہو رہے ہیں اور حکومت کے محصول نہیں ادا کرتے حالانکہ ملک اور سلطنت کی آبادی اسی سے محصول اور فوج اور عہدہ داروں کے بقدر ضرورت تقرر پر ہے چاہیے کہ اس زمانہ کے لوگ ہوشیار ہو کر سیاست کے اس راز کو سمجھیں۔"

مکتوبات میں ان ہی بنیادی خرابیوں کی تشریح کی ہے اور زوال کے اسباب یہ متعین کیے ہیں۔

(۱) خالصہ کے علاقہ کا محدود ہونا۔

(۲) خزانہ کی قلت

(۳) جاگیرداروں کی کثرت

(۴) اجارہ داری کے مسموم اثرات

(۵) افواج کے مواجب کا بروقت نہ ملنا۔ وغیرہ وغیرہ

آج دو سو سال گزر جانے کے بعد بھی مورخین سلطنت مغلیہ کے زوال کے اسباب کا اس قدر صحیح تجزیہ نہیں کر سکے جتنا شاہ صاحب نے اس طوفانی دور میں ہوتے ہوئے کیا تھا اس سے ان کی بے پناہ سیاسی بصیرت کا اندازہ ہوتا ہے، انھوں نے "حجۃ اللہ البالغہ" میں قوموں کے عروج و زوال سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار اس طرح کیا ہے:

"اگر کسی قوم میں تمدن کی مسلسل ترقی جاری رہے تو اس کی صنعت وحرفت

اعلیٰ کمال پر پہونچ جاتی ہے اس کے بعد اگر حکمراں جماعت آرام و آسائش اور زینت و تفاخر کی زندگی کو اپنا شعار بنالے تو اس کا بوجھ قوم کے کارگیر طبقات پر اتنا بڑھ جائے گا کہ سوسائٹی کا اکثر حصہ حیوانوں جیسی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوگا۔ انسانیت کے اجتماعی اخلاق اُس وقت برباد ہو جاتے ہیں جب کسی جبر سے اُن کو اقتصادی تنگی پر مجبور کر دیا جائے، اُس وقت وہ گدھوں اور بیلوں کی طرح صرف روٹی کمانے کے لئے کام کریں گے جب انسانیت پر ایسی مصیبت نازل ہوتی ہے تو خدا تعالیٰ انسانیت کو اُن سے نجات دلانے کے لئے کوئی راستہ ضرور الہام کرتا ہے یعنی ضروری ہے کہ قدرتِ الٰہیہ انقلاب کے سامان پیدا کرکے قوم کے سر سے اس ناجائز حکومت کا بوجھ اتار دے۔"

حالات کو دُرست کرنے کی کوشش

شاہ صاحبؒ نے مسلم سوسائٹی کی تجدید و احیاء کے لئے جو مسلسل جد و جہد کی ہے اُس کے بیان کرنے کا یہاں موقعہ نہیں۔ یہاں صرف اُن کی خدمات کے سیاسی پہلو سے بحث کرنی ہے۔

تفہیمات میں فرماتے ہیں اگر موقع و محل کا تقاضا ہوتا تو میں جنگ کر کے عملاً اصلاح کرنے کی قابلیت بھی رکھتا تھا۔

"فلو فرض ان یکون ھٰذا الرجل فی زمان و اقتضت الاسباب ان یکون اصلاح الناس باقامۃ الحروب و نفث فی قلبہ اصلاحھم لقام ھٰذا الرجل بامر الحرب اتم قیام وکان اماماً فی الحرب لایقاس بالرستم والاسفندیار وغیرھما طفیلیون علیہ مستمدون منہ مقتدون بہ" (جلد اول ص ۱۰۱)

حالات کا یہ اقتضا تھا، لہٰذا شاہ صاحبؒ نے اس زمانہ کی ہی مختلف سیاسی طاقتوں سے کام لیا اور اُن کے ذریعہ سے ہندوستان کی فضا کو درست کرنے کی کوشش کی۔ شاہ صاحبؒ پر سیاسی بدامنی، قتل وغارت گری، فتنہ فساد کا بڑا اثر تھا وہ چاہتے تھے کہ ان سب مفسدانہ عناصر کی روک تھام کی جائے تاکہ عام لوگ امن اور چین سے زندگی بسر کر سکیں۔ تفہیماتِ الٰہیہ ہی میں بادشاہوں کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

الملاعالا علیٰ ان تنتصبوا فی کل ناحیۃ وفی کل مسیرۃ ثلثۃ ایام واربعۃ ایام امیراً عادلاً یاخذ للمظلوم حقہ من الظالم ویقیم الحدود ویجتھد ان لا یحصل فیھم بغی ولا قتال ولا ارتداد ولا کبیرۃ ویفشوا الاسلام وتظھر شعائرہ ویاخذ بفرائضہ کل احد ویکون للامیر

کل بلد شوکۃ یقدر بہا علی اصلاح بلد ہ و
لا یکون لہ شوکۃ یمتنع بسببہا و یعصی علی
السلطان و ینصب فی کل اقلیم کبیر امیرا
یقدر ہ القتال فقط یکون جمعہ اثنا عشر الفا
من المجاہدین لا یخافون فی لومۃ لائم یقاتلون
کل باغ و عاد فاذا کان ذلک فرضاء الملاء الاعلیٰ
ان یفتش جنس من النظامات المنزلیۃ والعقود
ونحوہ حتیٰ لا یکون شئ الا موافق الشرع حتیٰ
یامن الناس من کل وجہ" (تفہیمات ص ۲۱۶)

تو اس کے بعد ملاء اعلیٰ کی مرضی یہ ہے کہ تم اے بادشاہو! ہر علاقہ اور تین دن یا چار دن کی ہر مسافت پر ایک صاحب عدل امیر کو مقرر کرو، جو ظالم سے مظلوم کا حق لے سکتا ہو اور شرعی حدود قائم کر سکتا ہو اور اس کی کوشش کرے کہ ان کی طرف سے پھر سرکشی اور فساد پیدا نہ ہو اور ارتداد اور کبیرہ کا ارتکاب نہ کر سکیں۔ اسلام بالکل فاش اور علانیہ ہو جائے، اس کے شعائر بالکل کھلم کھلا ظاہر ہوں، اور اپنے مذہبی فرائض کو ہر شخص اختیار کرے۔ چاہئے کہ ہر شہر کے امیر کے پاس اتنی قوت و شوکت ہو جس کے ذریعہ سے اپنے شہر کی اصلاح پر وہ قابو پا سکے مگر

اتنی شوکت و قوت اس کے پاس نہ ہو کہ اس سے خود نفع اٹھانے لگے، اور بادشاہ وقت سے سرکشی کرنے لگے چاہیئے کہ ہر اقلیم (صوبہ) میں ایک بڑا امیر بھی مقرر ہو جس کے ذمہ فقط جنگ کی ذمہ داری عائد کی جائے، چاہیئے کہ اس کی فوجی جمعیت ایسی بارہ ہزار مجاہدوں کی ہو جو اللہ کی راہ میں کسی ملامت سے خوفزدہ نہ ہوں، اور ہر سرکش باغی سے جنگ کر سکتے ہوں، جب یہ ہو چکے تب چاہیئے کہ منزلی نظامات اور عقود و معاملات کی جانچ کی جائے اور اسی قسم کی دوسری باتوں کی کہ کوئی بات ایسی باقی نہ رہ جائے جو شریعت کے مطابق نہ ہو تاکہ لوگ ہر لحاظ سے امن و عافیت کی زندگی بسر کرنے لگیں۔"

بادشاہ سازشوں میں اس طرح جکڑے ہوئے تھے کہ حرکت بھی نہ کر سکتے تھے، چنانچہ شاہ صاحب نے سیاسی حالات کا بہ غور مطالعہ کرنے کے بعد دو ایسی طاقتوں کا انتخاب کیا جن کے ذریعہ سے مفسدانہ عناصر کی سرکوبی ممکن تھی۔

(۱) نجیب الدولہ یعنی روہیلے

اور (۲) احمد شاہ ابدالی

نجیب الدولہ کو شاہ صاحبؒ اپنے مکتوبات میں راس المجاہدین اور رئیس الغزاۃ کہہ کر پکارتے ہیں۔ ایک مکتوب میں نجیب الدولہ کو لکھتے ہیں کہ:-

"اینچہ معلوم می شود آنست کہ امروز تائید ملت خواہ امت مرحومہ در پردۂ آں مصدر خیر ظہور می کند"

احمد شاہ ابدالی کو لکھتے ہیں

"دریں زماں پادشاہے کہ صاحب اقتدار و شوکت باشد ..... غیر ازاں آنحضرت موجود نیست، لاجرم برآں حضرت فرض عین است قصد ہندوستان کردن"

شاہ صاحبؒ نے ان دونوں کے انتخاب میں بے پناہ سیاسی بصیرت کا ثبوت دیا تھا، روہیلوں کی عسکری طاقت اور صلاحیت پر سرجدوناتھ سرکار نے اپنی کتاب Fall of the Mughal Empire جلد اول صفحہ ۴۳-۵۱ پر بحث کی ہے نجیب الدولہ کے متعلق لکھا ہے کہ اس میں سپاہیانہ بہادری، سیاسی تدبر اور رہبی اور صلاحیت جہانبانی سب کچھ تھا۔ (جلد دوم صفحہ ۴۱۵) بلکہ وہ سوائے احمد شاہ دُرانی کے اپنے تمام معاصرین میں لاثانی تھا۔

"He had no equal in that age except Ahmad Shah Abdali (Vol. II p. 415)

شاہ صاحب کی بالغ نظری، سیاسی بصیرت اور حقائق شناسی کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوسکتا ہے کہ انھوں نے دو ایسی عظیم المرتبت شخصیتوں کو ایک جگہ جمع کر دیا جن کو بیسویں صدی کا ایک مشہور مؤرخ اٹھارویں صدی

کی سب سے زیادہ قابل شخصیتیں تصور کرتا ہے۔

جنگ پانی پت اور شاہ ولی اللہ صاحبؒ

پانی پت کا میدانِ کارزار حقیقت میں شاہ ولی اللہ صاحبؒ کا سجایا ہوا تھا وہ احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان مدعو کرنے پر کیوں مجبور ہوئے؟ اس کو سمجھنے کے لئے ہندوستان کے حالات پر ایک طائرانہ نظر ڈالنی ضروری ہے۔

نادر شاہ کے حملہ (۱۷۳۹ء) نے مغلیہ سلطنت کا سارا ڈھانچہ بے جان کر دیا تھا، مرکز سے علیحدہ صوبوں میں خود مختاریاں قائم ہو گئی تھیں۔ سعادت علی خاں نے اودھ میں، علی وردی خاں نے بنگال میں، نظام الملک نے دکن میں آزاد حکومتوں کی بنا ڈال دی تھی۔ پنجاب میں سکھوں کا اقتدار بڑھنے لگا تھا مغربی اور جنوبی علاقوں میں مرہٹوں نے تسلط قائم کر لیا تھا۔ اور بہار، اڑیسہ بنگال کو تاخت وتاراج کر رہے تھے، دہلی میں ایرانی، تورانی نزاع پورے عروج پر تھا۔ اُمراء آپس کے عناد اور دوسرے فریق کو شکست دینے کی خاطر مرہٹوں سے امداد لیتے تھے اور اس طرح مرہٹوں کا اقتدار دہلی کے اردگرد کے علاقہ میں بھی بڑھ رہا تھا۔

۱۷۵۶ء میں ملہار راؤ ہولکر اور رگھوناتھ راؤ نے شمالی علاقہ میں ہندو کا اقتدار قائم کرنے کا بیڑا اٹھایا اور جاٹوں کی امداد حاصل کر کے اگست ۱۷۵۷ء کو

دہلی پر حملہ کر دیا۔ نجیب الدولہ کو مجبور ہو کر صلح کرنی پڑی، پھر مرہٹوں نے پنجاب کا رخ کیا، اور اپریل ۱۷۵۸ء میں لاہور پر قبضہ کر لیا اور آدینہ بیگ کو اپنی طرف سے پنجاب کا حاکم مقرر کیا۔ آدینہ بیگ کے مرنے پر پنجاب میں گڑبڑ شروع ہوئی تو داتاجی سندھیا ایک بڑی فوج لے کر پنجاب کی طرف بڑھا اور حالات پر قابو پاکر ساباجی سندھیا کو پنجاب کا گورنر مقرر کر دیا، یہ مرہٹوں کے عروج کی انتہا تھی، اس غیر معمولی کامیابی سے مرہٹوں کے حوصلے بڑھ گئے اور اب داتاجی سندھیا نے روہیلکھنڈ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ ہندوستان کی تاریخ کا یہ نازک دور تھا۔ شاہانِ مغلیہ ان حالات میں بالکل بے بس تھے امراء آپس کے جھگڑوں میں پھنسے ہوئے تھے۔ شاہ صاحب نے اس موقع پر ایک طرف نجیب الدولہ کو تیار کیا کہ وہ ہمت اور جرأت سے حالات کا مقابلہ کرے دوسری طرف احمد شاہ ابدالی کو دعوت دی کہ وہ ہندوستان آکر مرہٹوں کے تسلط سے خلاصی دلائے۔ طباطبائی نے لکھا ہے۔

"مردم از دستِ شان (مرہٹہ) بجاں آمدہ برائے ناموس و آبروئے[۵۲]
خود در نامۂ عالمے شاہ ابدالی را بہ منت از ولایت مطلب داشتہ"

نادر شاہ کے حملہ کے بعد مسلمانوں کی بیچارگی اور درماندگی کی جو حسرتناک حالت

---

۵۱ Islamic Culture, vol XI p. 502

۵۲ - سیر المتاخرین

ہو گئی تھی، اس کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ انھوں نے "جوہر" کر کے یعنی آگ میں جل کر خود کو ختم کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔ [1]

یہ تھے ہندوستان کے وہ ہوش ربا حالات جن میں شاہ صاحبؒ نے احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان بلایا تھا۔ نہیں کہا جا سکتا کہ شاہ صاحبؒ اپنے مقاصد میں کہاں تک کامیاب ہوئے، لیکن اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ جنگ پانی پت نے ہندوستان کی تاریخ کا رُخ ہمیشہ کے لئے بدل دیا۔

جنگ پانی پت اور اس کے نتائج

۱۷۵۹ء کو احمد شاہ ابدالی نے پنجاب پر حملہ کیا وہاں اقتدار از سر نو قائم کرنے کے بعد دہلی کا ارادہ کیا۔ تھانیسر کے مقام پر دتاجی سندھیا نے مقابلہ کیا اور شکست کھائی، براری گھاٹ پر (دہلی سے ۰ امیل کے فاصلہ پر ہے) دتاجی کا خاتمہ ہوا جنکوجی سندھیا اور ملہیر راؤ ہولکر نے ابدالی کی فوجوں کو روکنے کی ناکام کوشش کی، پیشوا کو جب ان حالات کا پتہ چلا تو سداشیو راؤ بھاؤ کو جس نے حال ہی میں نظام کو شکست دی تھی اور جس کی بہادری کے افسانوں سے دکن

---

[1] ملفوظات شاہ عبدالعزیز۔

راجپوتوں کو جب شکست ہوتی تھی تو وہ اپنے مال ومتاع اور اہل وعیال کو جلا کر خاک کر دیتے تھے اور یہ رسم جوہر کہلاتی تھی۔

گونج رہا تھا، ابدالی کے مقابلہ کے لئے روانہ کیا۔ بھاؤ نے ۲ر اگست ۱۷۶۰ء کی صبح کو دہلی پر قبضہ کر لیا اور شمال کی طرف بڑھنا شروع کیا، ۲۹ر اکتوبر ۱۷۶۰ء کو اس کا لشکر پانی پت کے میدان میں پہنچ گیا۔

احمد شاہ ابدالی، یکم نومبر ۱۷۶۰ء کو پانی پت کے میدان میں پہنچا اور یہاں ۲½ مہینے تک افغانوں اور مرہٹوں کی مسلسل جنگ جاری رہی۔ بالآخر ۱۴ر جنوری ۱۷۶۱ء کو مرہٹوں کو شکست فاش ہوئی، سداشیو راؤ بھاؤ اور پیشوا کا بیٹا وشواس راؤ میدان جنگ میں کام آئے اور بقول ایک مورخ کے "مرہٹوں کی طاقت چشم زدن میں کافور کی طرح اڑ گئی۔" سرجدو ناتھ سرکار نے لکھا ہے کہ مہاراشٹر میں کوئی گھر ایسا نہ تھا جس میں صف ماتم نہ بچھ گئی ہو، لیڈرز کی ایک پوری نسل ایک ہی معرکہ میں غائب ہو گئی۔"

اگر سلطنت مغلیہ میں تھوڑی سی بھی جان ہوتی تو وہ جنگ پانی پت کے نتائج سے فائدہ اٹھا کر اپنے اقتدار کو ہندوستان میں پھر کچھ صدیوں کے لئے قائم کر سکتی تھی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ مغلیہ سلطنت اس وقت ایک بے روح جسم کی مانند تھی۔ جنگ پانی پت کا اصلی فائدہ فاتحین جنگ پلاسی نے اٹھایا۔

یہ سمجھ لینا غلط ہو گا کہ شاہ ولی اللہ صاحب یا احمد شاہ ابدالی انگریزوں کے خطرہ سے بے خبر تھے، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ انھیں ڈر تھا کہ کہیں مغل بادشاہ کے تساہل سے انگریزوں کو اپنا اقتدار قائم کرنے کا موقع نہ مل جائے جس

وقت احمد شاہ ابدالی نے حملہ کیا تھا۔ شاہ عالم ثانی بہار میں تھا، جنگِ پانی پت کے بعد احمد شاہ ابدالی نے شاہ عالم کو دہلی بُلانے کی بے حد کوشش کی اور اپنا آدمی بھیجا، جب نہ آیا تو احمد شاہ ابدالی نے شاہ عالم کی والدہ نواب زینت محل سے خط لکھوایا جس کا مضمون یہ تھا۔

> شاہنشاہ (احمد شاہ) قلعہ میں آگئے ہیں آج تک کہ ۲۰ رجب ہے میں کئی مرتبہ اُن سے ملی ہوں۔ وہ تمہارے آنے کے بے حد منتظر ہیں ...... میرے بیٹے! تم یقین رکھو کہ تمہارے آنے پر سب معاملات طے ہو جائیں گے..... تیمور شاہ نے خلوص و محبت سے مجھے تحفے بھیجے ہیں، تمہارے بدخواہ بدگمانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرینگے تم اُن کے کہنے میں نہ آنا میرے بیٹے تم جلد آجاؤ، اگر خدانخواستہ شاہ چلے گئے تو پھر تم نئی مصیبتوں میں پھنس جاؤگے"۔ [۱]

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ احمد شاہ ابدالی نے انگریزوں کو بھی لکھا کہ وہ شاہ عالم کو دہلی پہنچنے کے لئے ہر قسم کی سہولت دیں، وینسی ٹارٹ احمد شاہ کو لکھتا ہے [۲] "If it should be Shah Shah's (Abdali's) pleasure, he (Shah Alam) will be escorted by some (British) troops to Delhi"

---

[۱] Islamic Culture vol XI p 503-504

شاہ عالم کو وہاں سے بُلانے کی کوشش اس لئے تھی کہ وہ انگریزوں کے اثر سے نکل آئے، اور دہلی آکر احمد شاہ کی موجودگی میں اپنی طاقت کا استحکام کرلے!

شاہ ولی اللہؒ کی سیاسی تحریک کی اصلی نوعیت

حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی سیاسی تحریک کو فرقہ وارانہ قرار دینا اُن کی اساسِ فکر کو غلط سمجھنے کے مترادف ہوگا۔ شاہ صاحب کی تحریک بہت ہمہ گیر تھی وہ ہندوستان میں رہنے والے ہر طبقہ کی فلاح و بہبود کے خواہاں تھے اور چاہتے تھے کہ عام احول ایسا پُرسکون اور پُرامن ہوکر مُلک کی معاشی حالت سُدھر جائے، اور اقتصادی توازن جو مغلیہ دَور کے آخری حصّہ میں بگڑ گیا تھا صحیح طور پر قایم ہوسکے۔ اس سلسلہ میں مولانا عبیداللہ سندھی مرحوم کے خیالات کی تشریح کرتے ہُوئے مولانا محمد سرور صاحب لکھتے ہیں ——— "شاہ صاحب نے خوب سمجھ لیا تھا کہ شاہنشاہیت کا دَور ختم ہوچکا، اب اگر کوئی حکومت بنے گی تو اُس کا اساس کوئی اور ہوگا۔ چنانچہ شاہ ولی اللہؒ نے جس تحریک کی داغ بیل ڈالی وہ ہمہ گیر تحریک تھی اُن کے پیشِ نظر پورا ہندوستان تھا، چونکہ مرکزی ہندوستان کی قیادت اس وقت مسلمانوں کے ہاتھوں میں تھی اس لئے لامحالہ شاہ صاحب نے عام مسلمانوں سے خطاب کیا۔ لیکن شاہ صاحب کی دعوت کے اصول عام انسانیت کے اصول تھے، اُن کا زور، مذہب کی رسوم پر نہیں، بلکہ مذہب کی رُوح پر تھا، قانون کی ظاہری

شکل پر نہیں بلکہ قانون کی جان یعنی عدل و انصاف پر تھا۔ چنانچہ وہ تمام مذاہب کی اصل یہ چار اصول بتاتے ہیں۔

اوّل ۔ خدا پرستی

دوم ۔ عدل و انصاف

سوم ۔ صحت و صفائی

چہارم ۔ تربیت نفس

اُن کے نزدیک ہر مذہب کا فرض یہ ہے کہ ان چار مقاصد تک انسانوں کی رہنمائی کرے، گو مذاہب کے طریقے الگ الگ ہیں لیکن ہر مذہب کی کوشش یہی ہونی چاہیے۔
اس کے علاوہ شاہ صاحب نے سیاسی عدم مساوات کی بھی بڑی خرابیاں گنائی ہیں، اور شہنشاہیت اور اُس سے پیدا ہونے والے مفاسد کو تفصیل سے بیان کیا ہے ... شاہ صاحب تسلیم کرتے ہیں کہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں قیصر و کسریٰ نے متمدن دنیا کو مصیبت میں مبتلا کر رکھا تھا، اور قدرتِ الٰہی مجبور ہوئی تھی کہ اسلام کے ذریعہ اس روگی نظام کو ختم کر دے، اسی طرح آج کی حکمران سوسائٹی بھی اُن اجتماعی بیماریوں سے کھوکھلی ہو چکی ہے، اور ظاہر ہے کہ اس کا مٹنا بھی اب یقینی نظر آتا ہے۔ الغرض مرہٹوں، جاٹوں، سکھوں اور اس عہد کی دوسری چھوٹی چھوٹی تحریکیں اپنی اپنی جگہ ٹھیک ہوں گی لیکن اُن میں سے کسی تحریک میں اتنی وسعت اور ہمہ گیری نہ تھی کہ وہ ہندوستان

کی مرکزیت اور وحدت کو بحال رکھ سکنے کی تدبیر سوچتی، شاہ صاحب اپنے مجوزہ نظام میں اکبر، جہانگیر، شاہ جہاں اور اورنگ زیب کے زمانہ کی مرکزیت، اور سلطنتِ ہند کے اقتدارِ اعلیٰ کو بحال دیکھنا چاہتے تھے، لیکن اس طرح سے کہ مطلق العنان بادشاہوں کے بجائے انصاف کی حکومت ہو۔

"اب اگر کہا جائے کہ اگر شاہ ولی اللہ کے فکر کا دامن اتنا وسیع تھا اور اُن کے اجتماعی اور سیاسی نظام میں سارے انسانوں کو بلا تفریقِ مذہب و ملت ایک سے سلوک کا مستحق سمجھا جاتا تھا تو پھر شاہ ولی اللہ کی تحریک نے فرقہ وارانہ حیثیت کیوں اختیار کی۔ بات یہ ہے کہ پنجاب میں سکھوں نے صرف مغلیہ حکومت سے جنگ شروع نہیں کی تھی بلکہ وہ کل مسلمانوں کے خلاف ہو گئے تھے، اس طرح مرہٹوں نے بادشاہی نظام کے اہل کاروں کو قتل نہیں کیا بلکہ عام مسلمان اُن کے مظالم کا نشانہ بنے۔ ان حالات میں مسلمانوں کیلئے اسکے سوا اور کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ خود اپنی حفاظت کرتے قوموں اور جماعتوں کی زندگی میں یہ منزل ایسی نازک ہوتی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ ایسے صلح کل اور سراپا مہر و محبت پیغمبر بھی اپنے حواریوں کو تلوار سنبھالنے کا مشورہ دینے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ کی جماعت کا مرہٹوں اور سکھوں کے خلاف معرکہ آرا ہونا نتیجہ تھا اُن خاص حالات کا جن سے اس وقت مسلمانوں کو پالا پڑا۔ جہاں تک اصل حقیقت کا تعلق ہے شاہ ولی اللہ کی جماعت مغلوں کے تاج و تخت کے لئے نہیں لڑی تھی وہ تو اُن عام انسانی اصولوں کو جن پر اُن کے تاج کی بنیاد تھی زندہ

کرنا چاہتے تھے یہی وہ اصول تھے جن کے ذریعہ ہمارے خیال میں ہندوستان نیا جنم لے سکتا تھا۔ بہرحال انگریزی تسلط نے نہ تو سکھوں کو چھوڑا اور نہ مرہٹوں کا راج رہا۔ زمانہ بدل گیا اور زمانہ کے ساتھ ہندوستان کے حالات بھی بدل گئے، جب دشمنیوں کے اسباب نہ رہے تو اب پرانی دشمنیاں بھی بے معنی ہیں " ۱؎

مکتوبات پر ایک نظر

پیش نظر مکتوبات شاہ ولی اللہ صاحبؒ کے مکتوبات کے ایک ایسے نادر مجموعے سے منتخب کئے گئے ہیں جو اُن کے عزیز شاگرد شیخ محمد عاشق پھلتی اور اُن کے صاحبزادے شیخ عبدالرحمٰن کا مرتب کیا ہوا ہے، یہ مجموعہ دو جلدوں پر مشتمل ہے، پہلی جلد میں ۱۰۲ مکتوبات ہیں، دوسری جلد ۷۷ مکتوبات پر مشتمل ہے، پہلی جلد شیخ عبدالرحمٰن نے مرتب کی تھی، جوانی میں اُن کا انتقال ہوگیا، اُن کے والد ماجد شیخ محمد عاشق پھلتی نے اس کام کو جاری رکھا، اور دوسری جلد میں ۷۷ مکتوبات جمع کر دیئے، دیباچہ میں خود فرماتے ہیں۔

اما بعد! فقیر کثیر التقصیر احقر عباد اللہ الخالق محمد عاشق واضح می نماید

که ولدی مرحوم عبدالرحمٰن غفره الله اشارة و ادخله دار الجنان بجمع

۱؎ شاہ ولی اللہ اور اُن کی سیاسی تحریک - ص ۲۷ - ۲۹

تالیف مکتوباتِ مبارکات حضرت مرشد الانام قطب العصر فرد الزمان حضرت شیخ ولی اللہ مد اللہ ظلہ العالی فی الدوران احرازِ سعادت در جهانی می کرد چوں تحریر بہ مکتوب اثنین وثمانین بعد المائتین رسید در سنہ یک ہزار و یک صد و شصت و ہشت داعی اجل را لبیک گفتہ سفر آخرت گزید رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ واعطاہ کرامۃ سابقۃ۔ پس این فقیر آں جلد بہماں مکتوب تمام کردہ جلد ثانی شروع نمود حسبی اللہ و نعم الوکیل وفی کل الامور علیہ التوکل والتعویل

شاہ صاحب کے ان ۳۵۸ خطوط میں سے ۲۷ سیاسی مکتوبات منتخب کر کے پیش کیے جا رہے ہیں، میں اپنے ماموں جناب مولوی نسیم احمد صاحب فریدی امروہوی کا ممنون ہوں جنھوں نے یہ مکتوبات مجھے عنایت فرمائے اور اُن کی تصحیح میں میری امداد و اعانت فرمائی۔ ان مکتوبات میں پہلا خط مغل بادشاہ اور وزراء کے نام ہے۔ اس میں شاہ صاحبؒ نے سیاسی زوال اور انتشار کے اسباب پر بصیرت افروز گفتگو کی ہے اور مُلک کے "اقتدارِ اعلیٰ" کو بتایا ہے کہ کس طرح حالات کی دُرُستگی کی کوشش بارآور ہو سکتی ہے، فرماتے ہیں کہ۔ "خالصہ" کا علاقہ بڑھایا جائے تاکہ بادشاہ کو صوبہ داروں اور جاگیرداروں کی اقتصادی غلامی سے نجات ملے، جاگیریں عطا کرنے میں احتیاط اور دور بینی سے کام لیا جائے چھوٹی چھوٹی جاگیریں، سیاسی اور اقتصادی انتشار کا سبب بن جاتی ہیں۔

چھوٹے جاگیردار اپنی جاگیروں پر پوری طرح قابو نہیں پاتے مجبور ہو کر ٹھیکہ دے دیتے ہیں، اس طرح اگر ایک طرف بدنظمی میں اضافہ ہوتا ہے تو دوسری جانب کاشتکاروں پر مظالم ہوتے ہیں ضروری ہے کہ جاگیر صرف بڑے بڑے امیروں کو دی جائے تاکہ وہ اپنی طاقت اور شوکت کے ذریعہ اپنے علاقوں کو قابو میں رکھ سکیں یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شاہ صاحب نے بلا استثنا جاگیرداری کی مخالفت کیوں نہیں کی۔ اس سلسلہ میں دو باتیں قابلِ لحاظ ہیں:

(۱) قرونِ وسطیٰ کے سیاسی نظام اور حالات میں جاگیرداری ایک حد تک ضروری تھی، اور اس کو اس وقت تک قطعی نہیں مٹایا جا سکتا تھا جب تک پورے سیاسی نظام کی بنیادوں میں نہ تبدیل کر دی جائیں، سیاسی نظام کی بنیادیں تبدیل کرنا اُن فرمانرواؤں کے بس کی بات نہ تھی چنانچہ شاہ صاحبؒ نے ایسی انقلابی تجویز اُن کے سامنے پیش کرنی لایعنی خیال کی جو اُن کے امکان سے باہر ہو۔

(۲) اس وقت ملک کا عام سیاسی ماحول حد درجہ خراب تھا، بدنظمی اور انتشار نے حالات کو حد درجہ بگاڑ دیا تھا، اگر جاگیرداری کو بالکل ہی ختم کیا جاتا تو جاگیرداروں کا ایک بڑا طبقہ بغاوت پر آمادہ ہو جاتا اور اس طرح بدنظمی اور بڑھ جاتی، شاہ صاحبؒ نے پوری حقیقت بینی کا ثبوت دے کر صرف اُن خرابیوں کو دور کرنے کی کوشش فرمائی ہے جن کی موجودگی میں حکومت کی مشینری

بالکل حرکت ہی نہیں کرسکتی تھی۔

علاوہ ازیں اسی مکتوب میں شاہ صاحبؒ نے غدار لوگوں کو سزا دینے اور فوجوں کو صحیح اصولوں پر منظم کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ انھوں نے بادشاہ کو خاص طور سے اس بات کی طرف متوجہ کیا ہے کہ سپاہیوں کی تنخواہیں وقت پر دی جائیں اور اُن میں نظم و ضبط کا اعلیٰ معیار قائم رکھنے کی سعی کی جائے۔ مقروض سپاہی فوج کے لئے لعنت، اور قوم کے لئے ایک بوجھ ہے وہ اُس وقت تک اپنی خدمات بجا طور پر انجام نہیں دے سکتا جب تک کہ اُس کو مستقل "اقتصادی طمانیت" حاصل نہ ہو۔

آخر میں شاہ صاحبؒ نے بادشاہ اور امراء کو تنبیہ کیا ہے کہ غفلت اور سستی سے حالات خراب سے خراب تر ہو جائیں گے، انھیں چاہئے کہ عیش و نشاط کو ختم کریں اور ہمت و جرأت کے ساتھ بقائے سلطنت کے لئے کوشاں ہوں، ایسی صورت میں تائید الٰہی بھی اُن کو حاصل ہوگی اور فتح و نصرت اُن کے ہم رکاب ہوگی۔

اس مجموعے کا دوسرا خط احمد شاہ ابدالی کے نام ہے، یہ خط شاہ صاحبؒ کے ادیبانہ کمال، تاریخ دانی اور سیاسی بصیرت کا شاہکار ہے۔ شروع میں ہندوستان کے تاریخی واقعات مختصراً اس طرح بیان کئے ہیں کہ اُن کو سمجھ لینے کے بعد ملک کی سیاسی نبض شناسی کا کام ایک غیر ملکی کے لئے بھی آسان ہو جاتا ہے۔ فتنہ اور فساد کے زمانہ میں انتشار کے حقیقی اسباب کا تجزیہ بہت مشکل کام ہے۔ عموماً انسان کی نظر ظاہری حالات سے اس درجہ متاثر ہو جاتی ہے کہ اصلی سبب تک پہنچ نہیں

ناکام رہتی ہے لیکن شاہ صاحبؒ نے سیاسی انتشار اور زوال کے اسباب کو حیرت انگیز سیاسی بصیرت کے ساتھ سمجھا اور سمجھایا ہے، راجپوتوں اور مرہٹوں، اور جاٹوں وغیرہ کے تاریخی حالات بتائے ہیں اُن کی اصلی قوت کا اندازہ کیا ہے اور بتایا ہے کہ کس طرح حالات پر قابو پایا جا سکتا ہے، چوتھ کی نوعیت بتائی ہے اور مرہٹوں کے با اقتدار ہو جانے کے اسباب پر مورخانہ نظر ڈالی ہے۔

نظام الملک کے مرہٹوں اور انگریزوں سے تعلقات پر اشارہ کرتے ہوئے دکن کے سیاسی حالات کو بیان کیا ہے پھر بتایا ہے کہ مرہٹے ظاہر میں کثیر تعداد میں معلوم ہوتے ہیں حقیقت میں وہ قلیل ہیں اُن کے ساتھ جو لوگ شریک ہو جاتے ہیں، اُن کی تعداد دیکھ کر یہ غلط فہمی پیدا ہو جاتی ہے کہ خود اُن کی تعداد بہت زبردست ہے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر اُن کے ایک دستہ کو شکست دی جائے تو ساری جماعت میں انتشار پیدا ہو جائے۔ فرماتے ہیں۔

"در اصل قوم مرہٹہ قلیل اند و ملحق باین طائفہ کثیر، درہم برہم زدن یک صف جماعہ کہ ملحق بایشان اند از ہم می پاشند و اصل قوم مرہٹہ بہ ہمیں شکست ضعیف می شود۔"

پھر فرماتے ہیں کہ جاٹوں کی طرف بھی توجہ ضروری ہے دہلی اور اکبرآباد کے درمیان اُن لوگوں کی "گڑھیاں" ہیں۔ مرکزی علاقہ کے قلب و جگر میں ایسی مخالف طاقتوں کا وجود سیاسی اعتبار سے سخت خطرناک ہے۔ شاہانِ مغلیہ

اکبر آباد اور دہلی کو "بہ منزلہ دو حویلی" اس نے رکھا تھا تاکہ جاٹ اور راجپوت دونوں اُن کی شوکت و سطوت سے مرعوب رہیں، دہلی کا اثر سہارنپور وغیرہ پر پڑے اور اکبر آباد سے راجپوتانہ متاثر ہو، شاہ صاحبؒ نے یہاں دہلی Geo-Politics کا ایک دلچسپ راز بیان کردیا ہے۔

اس کے بعد جاٹوں کی طاقت کی اصلیت اور نوعیت واضح کرتے ہیں، اور اُن کی جمعیت کو منتشر کرنے اور طاقت کو توڑنے کا طریقہ بتلاتے ہیں، لکھتے ہیں کہ جاٹوں کے قبضہ میں جو علاقے ہیں، وہ اُن کے اپنے نہیں ہیں، انھوں نے دوسروں سے غصب کئے ہیں، اُن علاقوں کے اصلی مالک ابھی موجود ہیں، اگر کوئی اُن مالکوں کو مدد دیتے تو وہ خود جاٹوں کو اُن کے مقبوضہ علاقوں سے نکال کر پھینک دیں اور اس طرح یہ مسئلہ بھی حل ہوجائے۔

جاٹوں اور مرہٹوں کی حالت بیان فرمانے کے بعد شاہ صاحبؒ نے اُمراء اور وزراء کی سازشوں اور غداریوں کی طرف بھی اشارہ کردیا ہے تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ ایک غیر مُلکی جو مُلک کے حالات سے پوری طرح واقفیت نہیں رکھتا اُمراء پر بلا سوچے اعتماد کرے اور پھر اُن کی غداری سے حالات اور زیادہ ناگفتہ بہ ہوجائیں۔

ان سب حالات کو بتادینے کے بعد شاہ صاحبؒ نے اقتصادی تفصیلات بیان فرمائی ہیں، لکھتے ہیں کہ "ہندوستان کے محصولات ۷، ۸ کروڑ سے کم نہیں۔ لیکن اُن کو وصول کرنے کے لئے غلبہ اور شوکت کی ضرورت ہے، اس کے بغیر

ایک کوڑی بھی حاصل نہیں کی جا سکتی جس علاقہ پر جاٹوں کا تصرف ہے اس کے محاصل ایک کرور سے کم نہیں، راجپوتانہ کا خراج ۲ کرور ہے، بنگال سے ایک کرور روپیہ سالانہ وصول ہوتا تھا۔ پھر اودھ کے حالات بیان کئے ہیں اور بتایا ہے کہ صفدر جنگ کی اقتصادی حالت ہی نے اس کو بادشاہ کے خلاف علمِ بغاوت اٹھانے کی ہمت دلائی تھی، ۲ کرور روپیہ اودھ کے محاصل تھے صفدر جنگ ایک کرور روپیہ صرف کرتا تھا اور ایک کرور جمع کرتا تھا، اس اقتصادی "فراغت" نے بغاوت کی راہیں دکھادیں۔

سلطنتِ مغلیہ کی اقتصادی بربادی کا ذکر کرتے ہوئے شاہی ملازمین کی زیادتی، جاگیرداروں کی کثرت اور خزانہ کی قلت کے اثرات بیان کرتے ہیں، اور پھر بتاتے ہیں کہ ان سب باتوں نے سوداگروں اور صنعت پیشہ لوگوں کو تباہ کر دیا ہے اور وہ

"بانواع ظلم وضیقِ معیشت گرفتار شدہ اند"

شاہ صاحبؒ کو جس طبقہ کی تباہی اور بربادی کا سب سے زیادہ خیال تھا وہ سوداگروں اور اہلِ حرفت ہی کا تھا وہ اس طبقہ کو مُلک کی اقتصادیات کا مرکزی نقطہ سمجھتے تھے، مُلک کی عام اقتصادی حالت پر اُن کے خیالات اور بنیادی تصورات پر مجموعی حیثیت سے اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ اس طبقہ کی بربادی کو مُلک کی بربادی سے تعبیر کرتے تھے۔

غرض اس طرح مُلک کے سیاسی، اور اقتصادی حالات بیان کرنے کے بعد

شاہ صاحبؒ نے مسلمانوں کی غربت اور کس مپرسی پر نہایت غمگین لہجہ میں گفتگو کی ہے اور بتایا ہے کہ افلاس اور تباہی نے اُن کو چاروں طرف سے گھیر لیا ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ:

"دریں زمانہ پادشاہے کہ صاحب اقتدار و شوکت باشد و قادر بر شکست لشکر کفار و دور اندیش، جنگ آزما، بغیر ملازمان آنحضرت موجود نیست لاجرم برآں حضرت فرض عین است قصد ہندوستان کردن و تسلط کفار مرہٹہ برہم زدن و ضعفائے مسلمین را کہ در دست کفار اسیر اند، خلاص فرمودن"

اس خط کے نتیجہ میں پانی پت کا میدان کارزار سجا، اس جنگ کی تاریخی اہمیت سے تاریخ کا ہر طالب علم واقف ہے لیکن یہ حقیقت بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ مدرسہ رحیمیہ کا ایک مدرس اس تاریخی جنگ کے نقشے تیار کر رہا تھا۔ اس خط کے مطالعہ کے بعد شاہ صاحبؒ کی سیاسی خدمات کا ایک اہم پہلو روشن ہو جاتا ہے۔

احمد شاہ ابدالی کے خط کے بعد نجیب الدولہ کے نام سات خطوط ہیں۔ ان مکتوبات سے اگر ایک طرف شاہ صاحبؒ اور روہیلہ سردار نجیب الدولہ کے باہمی تعلقات پر روشنی پڑتی ہے تو دوسری طرف یہ چیز بھی پوری طرح واضح ہو جاتی ہے کہ شاہ صاحب کس طرح اس زمانہ کے حالات کا مطالعہ کر رہے تھے، اور کس جذب و انہماک کے ساتھ سیاسی انتشار اور بدنظمی کو دور کرنے کے لئے کوشاں تھے۔ وہ "راس المجاہدین"، "امیر الغزاۃ"، "رئیس المجاہدین" کے خطاب سے

مخاطب کرکے اُس کے مذہبی جذبہ کو متاثر کرتے تھے، اور کامیابی کی بشارتیں دے دے کر اُس کی ہمت اور جرأت کو بڑھاتے تھے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں۔

"در پردۂ غیب بر انداختن این دو فرقۂ ضالہ یعنی مرہٹہ و جٹ مصمم شدہ است"

پھر فرماتے ہیں جوں ہی تم کمر ہمت باندھوگے اُن کا طلسم پارہ پارہ ہوجائے گا۔ بعض خطوط کے مطالعہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اُن کو ابدالی فوجوں کی نقل و حرکت کا بھی علم رہتا تھا اور حالات و ضروریات کو ملحوظ رکھ کر وہ لوگوں کو ہدایات دیتے رہتے تھے۔ نجیب الدولہ بھی شاہ صاحب سے مشورہ لیتا تھا اور مشکلات میں اُن سے رجوع کرتا تھا، ایک خط میں لکھتے ہیں کہ جب جنگ کے لئے گھر سے روانہ ہو تو فقیر کو اطلاع دے دینا تاکہ وہ خدا کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق دُعا کرتا رہے۔

جب صفدر جنگ نے جاٹوں سے ساز باز کر لیا تو نجیب الدولہ نے گھبرا کر شاہ صاحب کو خط لکھا جواب میں ارشاد فرمایا کہ عزیز من! جاٹوں کی شکست عالم بالا میں طے ہو چکی ہے، تمھیں بالکل گھبرانا نہ چاہئے، اگر مسلمانوں کی ایک جماعت اُن کی شریک ہو گئی ہے تو ناامیدی کی کوئی وجہ نہیں۔

"خدائے تعالیٰ دست آں جماعۂ مسلمین بند خواہد کرد، قتال نخواہند کرد"

نجیب الدولہ کے بعد خطوط شیخ محمد عاشق پھلتی ؒ کے نام ہیں۔ ان مکتوبات میں شاہ صاحب ؒ نے بادشاہ سے اپنی ملاقات کا حال لکھا ہے ملک کے عام حالات پر جگہ جگہ تشویش اور پریشانی کا اظہار کیا ہے۔ ابدالی کے حملوں کی اطلاعیں ان خطوط میں اکثر جگہ ہیں۔ شاہ صاحب ؒ نے پھلت اور بڈھانہ کی سلامتی اور رفیقوں کی پامالی سے بچنے کے لئے بہت ہی خلوص سے دعائیں مانگی ہیں، آنے والے حوادث سے اکثر موقعوں پر آگاہ کیا ہے۔ ایک مرتبہ رمضان کے موقع پر پھلت میں اعتکاف کے لئے شیخ محمد عاشق ؒ نے لکھا تو شاہ صاحب ؒ نے جواب دیا۔

"دریں حالت خانہ را گذاشتن .... از آداب مصالح ظاہر ودمی نماید"

آخر میں متفرق خطوط ہیں جو سید احمد روہیلہ، آصف جاہ ثانی، محمد خاں بلوچ نواب مجد الدولہ، نواب عبد اللہ خاں کشمیری اور حافظ جار اللہ کے نام لکھے گئے ہیں، ان خطوط کا مقصد ملک کے مختلف سیاسی لیڈروں کو اپنا ہم خیال بنا کر حالات کی درستگی کے لئے تیار کرنا ہے ؎

گوئے توفیق وکرامت درمیان افگندہ اند
کس بمیدان درنمی آید سواراں راچہ شد

کہیں کہیں عمل کی ترغیب دیتے ہیں، وزیر الممالک آصف جاہ کو لکھتے ہیں کہ آں عزیز القدر کا ہندوستان میں کافی اقتدار ہے، ہم فقیر اس بات کے امیدوار

ہیں کہ آں عزیز "دفع مظالم" اور "تغییر رسوم بد" کے لئے کوشاں ہوں۔

شاہ صاحبؒ کے یہ مکتوبات ادبی حیثیت سے بھی بہت اعلیٰ ہیں اُنھوں نے صاف لیکن بامحاورہ اور پُرزور زبان میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ اپنے مدّعا کو بیان کیا ہے عبارت کی شگفتگی زور اور قدرت حیرت انگیز ہے، شاہ صاحب نے ایسے مدلّل انداز میں گفتگو کی ہے کہ ناممکن ہے کہ پڑھنے والا اُن سے متاثر نہ ہو اور اُن کے نقطۂ خیال سے ہمنوائی نہ کرے۔

غیر مسلموں کی ایک قوم جاٹ ہے جس کی بود و باش دہلی و آگرہ کے درمیان ہے[۱۷]، یہ دونوں شہر بادشاہوں کے لئے دو حویلیوں کی مانند رہے ہیں مغل بادشاہ کبھی آگرہ میں رہتے تھے تاکہ اُن کا دبدبہ اور رعب راجپوتانہ تک پڑے اور کبھی دہلی میں فروکش ہوتے تھے تاکہ اُن کی شوکت وہیبت سہرند اور نواحی سہرند تک اثر ڈالے ۔

دہلی و آگرہ کے درمیان کے مواضعات میں قوم جاٹ کاشتکاری کرتے تھے ۔ زمانہ شاہجہاں میں اس قوم کو حکم تھا کہ گھوڑوں پر سوار نہ ہوں، بندوق اپنے پاس نہ رکھیں اور اپنے لئے گڑھی نہ بنائیں بعد کے بادشاہوں نے رفتہ رفتہ اُن کے حالات سے غفلت اختیار کرلی اور اس قوم نے فرصت کو غنیمت جان کر بہت سے قلعے تعمیر کرلئے اور اپنے پاس بندوق رکھ کر بٹ ماری کا طریقہ شروع کردیا ۔ اورنگ زیب اُس وقت دکھن میں قلعہ بیجاپور وحیدرآباد کے فتح کرنے میں مشغول تھا[۱۸]، دکھن ہی سے ایک فوج جاٹوں کی تادیب کے لئے اُس نے روانہ کی اور اپنے پوتے کو فوج کا سردار مقرر کیا[۱۹]۔ رئیسانِ راجپوتانہ نے اس شہزادے سے مخالفت کرلی[۲۰]، لشکر میں اختلاف واقع ہوا، جاٹوں کی تھوڑی سی عاجزی پر اکتفا کرکے فوج بادشاہی واپس ہوگئی ۔

محمد فرخ سیر کے زمانہ میں اس جماعت کی شورش پھر جوش میں آئی

قطب الملک وزیر نے زبردست فوجیں ان کی طرف بھیجیں۔ چورامن
جو اس قوم کا سردار تھا بعد جنگ صلح پر راضی ہوگیا، اُس کو بادشاہ کے
سامنے لائے اور تقصیرات کی معافی دلوائی، یہ کام بھی خلاف مصلحت عمل میں
آیا۔[20]

پھر عہد محمد شاہ میں اس قوم کی سرکشی حد سے تجاوز کر گئی، اور
چورامن کا چچازاد بھائی سورج مل اس جماعت کا سردار ہوگیا اور فساد کا
راستہ اختیار کیا، چنانچہ شہر بیانہ جو کہ اسلام کا قدیم شہر تھا اور جہاں پر
علماء و مشائخ سات سو سال سے اقامت پذیر تھے اُس شہر پر قہراً و جبراً قبضہ
کر کے مسلمانوں کو ذلت و خواری کے ساتھ وہاں سے نکال دیا، اُس کے
بعد سے سرکشی برابر بڑھتی گئی، بادشاہوں اور امیروں کے اختلافات و
غفلت کی بنا پر کوئی بھی اس جانب متوجہ نہ ہوا - اگر بالفرض ایک امیر اس
کی تنبیہ کا قصد کرے تو سورج مل کے کارکن دوسرے اُمراء کی جانب رجوع
کرتے ہیں اور اس طرح بادشاہ کے مشورے کو پلٹ دیتے ہیں پھر محمد[23] شاہ کے عہد
میں صفدر جنگ ایرانی نے خروج کیا اور سورج مل سے سازش کر کے چڑھائی
دہلی پر حملہ کر دیا اور تمام باشندگان شہر کہنہ کو لوٹ[24] لیا۔

پسر محمد شاہ نے شہر کے دروازوں کو بند کر کے جنگ توپ خانہ
شروع کی محض خدا کے فضل سے صفدر جنگ اور سورج مل دو تین ماہ کے بعد

ناکامیاب واپس ہوئے اور صلح و موافقت کی داغ بیل ڈالی، چونکہ بادشاہ کے آدمی جنگ سے تھک چکے تھے اس لئے اُنھوں نے صلح کو غنیمت شمار کیا اُس کے بعد سے سورج مل کی شوکت ترقی پاگئی، دہلی سے دو کوس کے فاصلہ سے لے کر آگرہ کے آخر تک طول میں اور میوات کے حدود سے فیروز آباد و شکوہ آباد تک عرض میں سورج مل قابض ہوگیا کسی کی طاقت نہیں کہ وہاں اذان و نماز جاری کرسکے۔

ایک سال ہوا کہ قلعۂ آلور جو کہ تمام میوات کی خبر گیری کی لئے ایک جائے بلند تھی، سورج مل اُس کو بھی اپنے قبضہ میں لے آیا، ارکانِ سلطنت میں سے کسی کی مجال نہ ہوئی کہ وہ اس کام سے روک دیتا۔

ہندوستان کے محصولات سات آٹھ کروڑ سے کم نہیں ہیں بشرطیکہ غلبہ و شوکت موجود ہو ورنہ ایک کوڑی بھی ملنی مشکل ہے جیسا کہ اس وقت دیکھا جارہا ہے جس علاقہ پر جاٹ قابض ہیں وہ ایک کرور روپیہ محصول کی جگہ ہے راجپوتانہ کا علاقہ اپنی وسعت کے باعث دو کرور روپیہ سے کم آمدنی کا نہیں ہے بشرطیکہ ہر راجہ پر خراج مقرر کیا جائے۔ عہد محمد شاہ میں بنگالہ سے ہر سال ایک کرور کی آمدنی تھی اور وہاں کا صوبہ دار ہمیشہ بلا توقف بھیجتا رہتا تھا اس رقم کی ادائیگی کے باوجود صوبہ دار بنگالہ ہندوستان کے اُمراء میں انتہائی مالدار امیر تھا۔ چنانچہ اس وقت بھی کہ بنگالہ میں بے انتظامی ہے اور وہاں

ایک بے وقوف ناواقف کار نوجوان یعنی ناظم قدیم کا پوتا مسلّط ہے، اُس پر بھی وہ نوجوان خزائن بیشمار کا مالک ہے۔ سعادت خاں ایرانی اور اس کے بعد اس کا داماد صفدر جنگ صوبہ اودھ پر قابض تھے، دو کروڑ اس صوبہ سے وصول کرتے تھے ایک کروڑ خرچ کرتے تھے، اور ایک کروڑ جمع کرتے تھے، اسی مالداری نے صفدر جنگ کے اندر بادشاہ سے مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا کیا۔ جاٹ کی شوکت کو درہم برہم کرنا بھی مدبر کے نزدیک آسان کام ہے، اُنھوں نے جو علاقے اپنے قبضہ میں کر لئے ہیں وہ اُن کے نہیں ہیں بلکہ غصب کئے ہوئے ہیں، اُن کے مواضع کے مالک ابھی تک زندہ و موجود ہیں، اگر کوئی صاحب شوکت و عدالت بادشاہ مہربانی کا ہاتھ اُن مالکوں کے سر پر رکھے تو وہ لوگ سورج مل کے مقابلہ کے لئے اُٹھ کھڑے ہونگے یہ جو کچھ بیان کیا گیا ہندوستان کے غیر مسلموں کا حال تھا۔ رہا مسلمانوں کا حال وہ یہ ہے کہ نوکران بادشاہ جو کہ ایک لاکھ سے زائد تھے، اُن میں پیادہ و سوار بھی تھے، اہل نقدی و جاگیردار بھی تھے، بادشاہوں کی غفلت سے نوبت یہاں تک پہنچی کہ جاگیردار اپنی جاگیروں پر عمل دخل نہیں پاتے، کوئی غور نہیں کرتا کہ اس کا باعث بے عملی ہے، جب خزانۂ بادشاہی نہیں رہا نقدی بھی موقوف ہوگئی، آخر کار سب ملازمین تتر بتر ہو گئے اور کاسۂ گدائی اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ سلطنت کا بجز نام کے اور کچھ باقی نہ رہا۔ جب ملازمین بادشاہ کا یہ بُرا حال ہے تو تمام دیگر اشخاص کے حال کو جو کہ وظیفہ خوار یا سوداگر یا اہل صنعت ہیں بعض پر

قیاس کرلینا چاہئے کہ کس حد تک خراب ہوگیا ہوگا، طرح طرح کے ظلم اور بے روزگاری میں یہ لوگ گرفتار ہیں علاوہ اس تنگی و مفلسی کے جب سورج مل کی قوم نے اور صفدر جنگ نے مل کر دہلی کے پرانے شہر پر دھاوا بولا، یہ غریب سب کے سب بے خانماں پریشاں اور بے مایہ ہوگئے ——— پھر متواتر آسمان سے قحط نازل ہوا، غرضیکہ جماعت مسلمین قابل رحم ہے، اس وقت جو عمل و دخل سرکار بادشاہی میں باقی ہے وہ ہنود کے ہاتھ میں ہے کیونکہ منصدی، و کارکن سوائے ان کے اور کوئی نہیں ہے ہر قسم کی دولت و ثروت اُن کے گھروں میں جمع ہے افلاس و مصیبت کا بادل مسلمانوں پر چھا رہا ہے ——— بات طویل ہوگئی اور اختصار کے حدود سے باہر نکل گئی ——— حاصل کلام یہ ہے کہ ملک ہندوستان میں غیر مسلم کے غلبہ کی نوعیت یہ ہے جو معرض بیان میں آئی ـ اور مسلمانوں کا ضعف اس حد تک پہنچ گیا ہے جو لکھا گیا ——— اس زمانے میں ایسا بادشاہ جو صاحب اقتدار و شوکت ہو اور لشکر مخالفین کو شکست دے سکتا ہو، دور اندیش اور جنگ آزما ہو، سوائے آنجناب کے اور کوئی موجود نہیں ہے یقینی طور پر جناب عالی پر فرض عین ہے ہندوستان کا قصد کرنا اور مرہٹوں کا تسلط توڑنا اور ضعفائے مسلمین کو غیر مسلموں کے پنجے سے آزاد کرنا ـ اگر غلبۂ کفر معاذ اللہ اسی انداز پر رہا تو مسلمان اسلام کو فراموش کر دیں گے اور تھوڑا زمانہ نہ گذرے گا کہ یہ مسلم قوم ایسی قوم بن جائیگی کہ اسلام اور غیر اسلام میں تمیز نہ ہو سکے گی، یہ بھی ایک بلائے عظیم ہے، اس بلائے عظیم

سے دفع کرنے کی قدرت بفضلِ خداوندی جناب کے علاوہ کسی کو میسر نہیں ہے۔

ہم بندگانِ الٰہی، حضرت رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو شفیع گردانتے ہیں اور خدائے عزوجل کے نام پر التماس کرتے ہیں کہ ہمتِ مبارک کو اس جانب متوجہ فرما کر مخالفین سے مقابلہ کریں تاکہ خدائے تعالیٰ کے یہاں بڑا ثواب جناب کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے، اور مجاہدین فی سبیل اللہ کی فہرست میں نام درج ہو جائے دُنیا میں بے حساب غنیمتیں ملیں اور مسلمان دستِ کفار سے خلاصی پا جائیں۔ خدا سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ نادر شاہ کی طرح عمل ہو کہ وہ مسلمانوں کو زیر و زبر کر گیا، اور مرہٹہ وجٹ کو سالم و غانم چھوڑ کر چلتا بنا۔ نادر شاہ کے بعد سے مخالفین قوت پکڑ گئے اور لشکرِ اسلام کا شیرازہ بکھر گیا، اور سلطنتِ دہلی بچوں کا کھیل بن گئی۔ پناہ بخدا اگر قومِ کفار اسی حال پر رہے اور مسلمان ضعیف ہو جائیں تو اسلام کا نام بھی کہیں باقی نہ رہے گا۔

خدائے تعالیٰ مجاہدین کی صفت میں فرماتا ہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ مَعَہٗ الآیۃ۔ یعنی وہ غیروں پر سخت دل ہیں اور اپنوں پر مہربان ہیں۔[۵۲۹]

اُس جماعت کے وصف میں جو مرتدوں سے مقابلہ کرتی ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا[۵۳۰]

یٰاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْکُمْ فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ۔ الآیۃ۔

یعنی خدا تعالیٰ دوست رکھتا ہے اُن کو اور وہ دوست رکھتے ہیں
خدا تعالیٰ کو وہ مسلمانوں کے سامنے تواضع سے پیش آتے ہیں، اور غیروں پر
سخت ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ فتح اسلام اُس جماعت کو نصیب ہوتی ہے جس کی یہ شان ہو کہ اگر کسی جگہ مسلمان ہوں اُن کو وہ اپنے بیٹوں اور سگے بھائیوں کی طرح رکھے اور مخالف کے مقابلہ میں وہ شیر نر کی مانند ہو۔

پس واجب ہے کہ ان مجاہدات میں تقویت اسلام کی نیت کر لی جائے، جب افواج قاہرہ ایسے مقام پر پہنچیں جہاں پر مسلمان اور غیر مسلمان دونوں رہتے ہوں چاہئے کہ منتظمین خاص طور پر ایسے مقام پر متعین ہوں اور اُن کو تاکید کی جائے کہ جو ضعیف مسلمان قریوں میں ساکن ہیں اُن کو قصبوں اور شہروں میں لے آئیں پھر کچھ منتظمین قصبوں اور شہروں پر مقرر کئے جائیں جو اس بات کی کڑی نگرانی کریں کہ کسی مسلمان کا مال نہ لوٹا جائے اور کسی مسلمان کی عزت میں فرق نہ آنے پائے

حدیث شریف میں آیا ہے کہ "اللہ کے نزدیک تمام دُنیا کا زوال قتل مسلم کے مقابلہ میں ہیچ ہے"۔ حضرت سرور انبیاء صلی اللہ علیہ وسلم بقصد عمرہ جب حدیبیہ تشریف لے گئے، اور کفار قریش مکہ کے داخلہ سے مانع آئے آخر الامر کفار مکہ سے صلح ہوئی۔ اگرچہ بعض بڑے صحابہ میں سے ایسے تھے جن کی حمیت دینی جوش میں آئی اور اس صلح پر راضی نہیں ہوتے تھے، لیکن

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے قول پر التفات نہیں فرمایا، اور صُلح کر لی، جب اس سفر سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس ہُوئے سورۃ انا فتحنا نازل ہُوئی، اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ میں صلح کی حکمت اور تاخیرِ فتح کی وجہ ظاہر فرمائی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ
تا عَذَابًا اَلِيْمًا ۲۳

اگر نہ ہوتے (مکہ میں) کئی مرد ایمان والے اور کئی عورتیں ایمان والیاں جن کو تم نہیں جانتے اور یہ خطرہ نہ ہوتا کہ تم اُن کو پیس ڈالو گے پس اس کے نتیجے میں تم کو گناہ ہوتا بغیر دانست کے (تو تصدیق خواب بالفعل ہو جاتی اور جلد فتح میسر ہوتی) (خدا نے فتح کو موخر کیا) تا کہ داخل کرے جس کو چاہے اپنی رحمت کے سایہ میں۔ اگر ہر دو فریق ایک دوسرے سے جُدا ہو جاتے تو ہم منکروں پر (فی الفور) آفت ڈال دیتے۔

یعنی چونکہ مسلمانوں کو مضرت پہنچ جانے کا اندیشہ تھا حکمتِ الٰہی نے تقاضا کیا کہ اس مقصد کو مہلت کے ساتھ انجام دیا جائے تا کہ منکرین کسی نہ کسی طرح قبولِ اسلام کر لیں اور مسلمان مجاہدین کے غلبہ سے محفوظ رہیں۔ چنانچہ صُلح حدیبیہ کے دو سال بعد مکہ فتح ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارہ ہزار

اشخاص کے ساتھ مکہ کے قریب پہنچے، اور اہلِ مکہ بہر طور داخلِ اسلام ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت ہوئے۔

اس واقعہ صلح حدیبیہ و فتح مکہ میں بادشاہانِ دور اندیش کو حکمت عجیب و غریب تعلیم دی گئی ہے اور وہ یہ ہے کہ مسلم و غیر مسلم کے اختلاط کے مفاد حِلم کا معاملہ کرنا چاہیئے، پہلے مخالفینِ اسلام کو جو مسلمانوں پر تسلط جمائے ہوں متفرق کریں، بعد ازاں مسلمان خود بخود بادشاہ عادل و دور اندیش کے ہاتھ میں ہاتھ دیدیں گے۔

(ترجمہ شعر عربی)

"اللہ کی کتنی پوشیدہ پوشیدہ مہربانیاں ہیں جن کی پوشیدگی سے
ایک ذکی و فہیم بھی بے خبر ہے"

جیسا کہ دوائے تلخ ہر چند فائدہ مند ہو لیکن مریض کی طبیعت اس کی رغبت نہیں کرتی۔ طبیبِ حاذق، اس کڑوی دوا کو شہد کے ساتھ ملاتا اسی طرح بادشاہانِ عادل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کی طرف جس جگہ ہوتے ہیں اور وہاں پر جو مسلمان متفرق طور پر ہونے کی وجہ سے اپنی جان و آبرو کا خوف کر اور اپنی طبیعت سے اس گرد و ار کو نہیں چاہتے، وہاں پر فقیروں ع اور سادات و علماء کو اپنے الطافِ خسروانہ اور انعامِ بادشاہانہ سے اور طرح طرح کے دلاسوں اور تسلیوں سے محفوظ رکھتے ہیں تاکہ اُن کی مہربانی

دور و نزدیک شہروں تک پہنچ جائے اور سب کے سب ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر
پادشاہِ عادل کی فتح ونصرت کی دُعائیں کریں اور خدائے عز وجل سے شب و روز
یہی درخواست کریں کہ اے اللہ یہ رحمت کی نشانی پادشاہِ عادل ہمارے
شہر میں فروکش ہو۔

سب سے پہلے اہم اُس کے بعد بالترتیب اُس کے نیچے درجہ کے
اہم امور انجام دیتے جائیں، جس جگہ کسی مسلمان کی شکست کا احتمال ہو وہاں توقف
کرنا چاہئے، جماعتِ منکرین کے گرد اگر وہاں مقام رکھنا چاہئے تاکہ بغیر
احتمالِ قتلِ مسلم مدعا حاصل ہو جائے۔ آخر کلام میں خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم
کی وصیت پادشاہانِ اسلام کے حق میں اور خلفائے راشدین کی نصیحتیں حفظِ
آدابِ بادشاہی کے باب میں لکھی جاتی ہیں۔

ترجمہ وصایا و نصائح

ارشاداتِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم

بخاری رح نے حضرت ابوسعید خدری رض کی روایت لکھی ہے کہ وہ حضور
صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا ہر وہ شخص جو خلیفہ بنایا
جاتا ہے اُس کے دو دلی دوست (باطنی قوت) ہوتے ہیں ایک اُن میں سے اُس کو خیر و نیکی
کی تلقین کرتا اور اُس پر آمادہ کرتا ہے، دوسرا اُس کو شر کا حکم کرتا ہے اور اس کی

رغبت دلاتا ہے اور محفوظ وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے ۔

وصیتِ صدیق اکبرؓ

امام ابو یوسفؒ نے ابن سابط سے روایت کی ہے کہ جب کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی وفات کا وقت قریب آیا، اُنھوں نے حضرت عمر فاروقؓ کو بُلایا پھر اُن سے فرمایا کہ میں تم کو ایک وصیت کرتا ہوں اگر تم اُس کو یاد رکھو گے تو موت سے زیادہ کوئی شے تمھیں محبوب نہیں ہوگی اور اگر اُس وصیت کو تم نے بھلا دیا تو موت سے زیادہ کوئی شے تمہارے نزدیک مبغوض دمکروہ نہیں ہوگی اور تم موت کے پنجے سے نکل نہیں سکتے ۔ وہ وصیت یہ ہے ۔

"اللہ تعالیٰ کا تم پر رات میں ایک حق ہے کہ وہ اُس کو دن میں قبول نہیں کرے گا، اور ایک دن میں حق ہے جس کو رات کو قبول نہیں کرے گا (یعنی ہر حق کو ادا کرنے کے لئے ایک وقت مقرر ہے) اللہ تعالیٰ نفل اُس وقت تک قبول نہ فرمائے گا جب تک فرض کی ادائیگی نہ ہوگی جن لوگوں نے دُنیا میں باطل کی پیروی کی اور باطل کی پیروی کو معمولی چیز تصور کیا اُس کی یاد داشت میں اُن کی میزان ہلکی ہو جائے گی، اور میزان قیامت کا معاملہ یوں ہے کہ وہ ہمیشہ ایسی صورت میں ہلکی پڑتی ہے جبکہ اس میں باطل دھرا ہو۔ اور جن لوگوں نے دُنیا میں حق کا اتباع کیا ہوگا اور اس کو اہم تصور کیا ہوگا اُن کی میزان قیامت میں بھاری ہوگی"

اور میزان میں جب حق ہوگا اُس کا پلّہ بھاری ہی ہوگا "

پس اگر تم نے میری اس وصیت کو یاد کر لیا تو کوئی غائب شئے موت کے مقابلہ میں محبوب نہیں ہونے کی، اور موت کا آنا یقینی ہے، اور اگر اس وصیت کو ضائع کر دیا اور بھول گئے تو کوئی غائب شئے موت سے زیادہ مبغوض نہیں ہوگی۔ اور تم موت کو ہرگز عاجز نہیں کر سکتے (وہ تم پر غالب آکر رہے گی)

وصیتِ فاروقِ اعظم رضؓ

امام ابو یوسف رحؒ نے زبیدؓ سے روایت کی ہے کہ جبکہ حضرت عمرؓ نے وصیت کی تو فرمایا کہ میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو وصیت کرتا ہوں خدا سے ڈرنے کی، اور وصیت کرتا ہوں مہاجرینِ اوّلین کے بارے میں کہ اُن کا حق پہچانا جائے اور اُن کی کرامت و عظمت ملحوظ رکھی جائے اور وصیت کرتا ہوں انصار کے بارے میں، وہ انصار جنہوں نے دار و ایمان میں ٹھکانہ پکڑا اُن کی خوبیوں کو قبول کرتے ہوئے اُن کی لغزشوں سے درگزر کی جائے، اور اولاجِ انصار کے بارے میں بھی وصیت کرتا ہوں اس لئے کہ وہ اسلام کی جڑ اور عدو کے غصّہ کا سبب ہیں کہ اُن سے اُن کی رضامندی کے بغیر اُن کا زائد مال وصول نہ کیا جائے، اور اعراب کے بارے میں وصیت کرتا ہوں وہ اعراب جو اصل عرب ہیں، اور اسلام کے لئے مرکزِ طاقت ہیں کہ خلیفہ اُن کے اموال کو لے کر اُن کے فقراء پر تقسیم کر دے اور میں اللہ اور اُس کے رسولؐ کے عہد کی پاسداری کی

بھی وصیت کرتا ہوں کہ ذمیوں کے عہد کو پورا کیا جائے اور اُن کی حفاظت کے لئے مقابلہ کیا جائے اور اُن کو اُن کی طاقت سے زیادہ حکم نہ دیا جائے۔

نصیحت حضرت عثمانؓ

امام ابو یوسفؒ نے حضرت عثمانؓ ابن عفان کے آزاد شدہ غلام حضرت ہانیؒ کی روایت نقل کی ہے کہ ہانی نے کہا کہ جب کبھی حضرت عثمانؓ کسی قبر کے پاس کھڑے ہوتے تھے تو زار زار روتے تھے یہاں تک کہ آپ کی داڑھی تر ہو جاتی تھی، اُن سے کہا گیا کہ آپ جنت و دوزخ کا تذکرہ کرتے ہیں اُس پر تو روتے نہیں قبر پر کیوں رویا کرتے ہیں، اس کے جواب میں حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ قبر آخرت کی پہلی منزل ہے پس جو اس منزل سے نجات پا گیا سمجھ لو کہ اس کے بعد معاملہ آسان ہے، اور اگر یہاں سے نجات نہیں ملی تو اس کے بعد کی منزل اس سے زیادہ سخت ہے۔

وصیت حضرت علیؓ

امام ابو یوسفؒ نے عطاء ابن ابی رباح سے روایت نقل کی ہے کہ عطاء نے کہا، حضرت علیؓ جب کبھی کوئی لشکر روانہ کرتے تو اس لشکر کا ایک شخص کو امیر بناتے پھر اس سے یہ وصیت کرتے تھے کہ میں تجھے اس خدا سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں جس کی ملاقات لازمی ہے اور اُس کے علاوہ تیرا کوئی ٹھکانا نہیں ہے، وہ دنیا اور آخرت کا مالک ہے۔ میں تجھ کو جس کام کے لئے روانہ کر رہا ہوں تیرے اوپر اس کی

انجام دہی ضروری ہے اور نیز سے اوپر ایسے امور کی پابندی لازم ہے جو
باعثِ قربِ خداوندی ہوں ۔ اس لئے کہ خدا کے یہاں دُنیا کے ہر کام کا بدلہ ہے
یہ کچھ چیزیں بطریقِ استعجال تحریر ہُوئی ہیں اگر اُن کلمات کی جانب
آنجناب کی توجہ محسوس ہُوئی تو بعض مطالب تفصیلاً پہنچیں گے ۔

وَالحمدُ لِلّٰہِ اوّلاً وَّ اٰخراً وظاھراً وباطناً

مکتوبِ سوم

بجانب نجیب الدولہ

خدا ئے عزوجل امیر المجاہدین کو نصرتِ ظاہر اور تائیدِ واضح کے ساتھ مشرّف کرے اور اس عمل کو قبولیت کے درجہ میں پہنچاکر بڑی بڑی برکتیں اور رحمتیں اس پر مرتب کرے۔ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت مشام کے واضح ہو کہ نصرتِ مسلمین کے لئے یہاں دُعا کی جارہی ہے اور سروشِ غیبی سے آثارِ قبول محسوس ہوتے ہیں۔ اُمید یہ کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھ پر طریقہ "جادہ جہاد" کو زندہ کر کے اُس کے برکات اِس دُنیا میں اور آخرت میں عطا فرمائے گا۔ اِنَّہٗ قریبٌ مجیب

مکتوب چہارم

بجانب نجیب الدولہ

خدائے عزوجل اُس امیر الغزاۃ، رئیس المجاہدین کو فتوحاتِ تازہ اور بزرگیٔ بے اندازہ سے معزز و ممتاز فرما کر مسلمانوں پر برکتوں اور رحمتوں کے دروازے کھول دے ——— اپنے کمالِ کرم سے ——— وہ قریب مجیب ——— اکثر خاص اوقات میں دعائے خیر کا وظیفہ ادا کیا جاتا ہے، اور بعض اوقات غلبۂ اسلام کی خوشخبری ہوش کے کان میں پہنچتی ہے اگرچہ یہ حقیقت ابھی منتظر رہی ہے پس اس کو کشش حاصل ہوگی، لیکن مایوس نہ ہونا چاہیئے۔ ہر کام کے لئے ایک وقت مقرر ہے۔ والسلام

مکتوبِ پنجم

بطرف نجیب الدولہ

خدائے عزوجل آن امیر الغزاۃ، رئیس المجاہدین کو محفوظ محفوظ اور بنظرِ عنایت ملحوظ رکھے۔ بعد سلام کے واضح ہو کہ خط مبارک پہنچا، ذاتِ گرامی کی صحت وسلامتی معلوم کرکے شکرِ الٰہی بجالایا گیا۔ "پردۂ غیب" میں مرہٹہ اور جٹ کا استیصال مقرر ہوگیا ہے، بس وقت پر موقوف ہے جونہی کہ اللہ کے بندے کمر ہمت باندھیں گے، طلسمِ باطل ٹوٹ جائے گا۔

ایک بات اور کہنی ہے وہ یہ کہ جب افواجِ شاہیہ کا گذر دہلی میں واقع ہو تو اس وقت اہتمام کلی کرنا چاہیئے کہ دہلی سابق کی طرح ظلم سے پامال نہ ہوجائے۔ دہلی والے کئی مرتبہ اپنے مالوں کی لوٹ اور اپنی عزت کی توہین اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے ہیں، اسی وجہ سے کارہائے مطلوبہ کے حصول میں تاخیر ہو رہی ہے ——— آخر مظلوموں کی آہ بھی تو اثر رکھتی ہے ——— اگر اس بار آپ چاہتے ہیں کہ کار لِستہ جاری ہو جائے تو پوری پوری تاکید کرنی چاہیئے کہ کوئی فوجی دہلی کے مسلمانوں اور غیر مسلموں سے جو ذمی کی حیثیت رکھتے ہیں ہرگز تعارض نہ کرے۔ والسلام

مکتوبِ ششم

بطرف

نجیب الدولہ

خدائے تعالیٰ آں منبع الحسنات، امیر المجاہدین، رئیس الغزاۃ کو
فتوحِ تازہ اور برکاتِ بے اندازہ سے مشرف و ممتاز کرے۔

فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی طرف سے التماس یہ ہے کہ اکثر اوقات مجیب الدعوات کی درگاہ میں دعا کی جاتی ہے کہ وہ مخالفینِ اسلام کے فرقوں کو "شکست خوردہ" کر دے فضلِ باری سے اُمید یہ ہے کہ یہ بات عنقریب وجود میں آئے گی۔ ہندوستان میں تین فرقے شدت و صلابت کی صفت سے موصوف ہیں جب تک ان تینوں کا استیصال نہ ہوگا، نہ کوئی بادشاہ مطمئن ہو کر بیٹھے گا، نہ اُمراء چین سے بیٹھیں گے۔ اور نہ رعیت خاطر جمعی سے زندگی بسر کر سکے گی۔

دینی و دنیاوی مصلحت اسی میں ہے کہ مرہٹوں سے جنگ جیتنے کے بعد ذرا قلعہ جاتِ جٹ کی جانب متوجہ ہو جائیں اور اس مہم کو بھی برکاتِ غیبیہ کی مدد

سے آسانی کے ساتھ سر کر لیں۔ اس کے بعد نوبت پہنچ سکتی ہے، اس جماعت کو بھی شکست دینی چاہیے اور رحمتِ الٰہی کا منتظر رہنا چاہیے۔

*

ایک اہم بات یہ ہے کہ مسلمانانِ ہندوستان نے خواہ وہ دہلی کے ہوں خواہ اس کے علاوہ کسی اور جگہ کے ۔۔ کئی صدمات دیکھے ہیں، اور چند بار لوٹ مار کا شکار ہوئے ہیں ۔۔ "چاقو ہڈی تک پہنچ گیا ہے" رحم کا مقام ہے، خدا کا اور اس کے رسول کا واسطہ دیتا ہوں کہ کسی مسلمان کے مال کے درپے نہ ہوں، اگر اس بات کا خیال رکھا تو امید یہ ہے کہ فتوحات کے دروازے پے در پے کھلتے چلے جائیں گے، اگر اس امر سے تغافل برتا گیا تو میں ڈرتا ہوں کہ "آہِ مظلوماں" سدِّ راہِ مقصود نہ بن جائے۔

مکتوبِ ہفتم

بطرف

نجیب الدولہ بہادر

خدائے عزوجل آں راس المجاہدین، رئیس الغزاۃ امیر الامراء بہادر کو فتوحاتِ تازہ اور ترقیاتِ بے اندازہ سے مشرف وممتاز کرے۔

فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت التزام کے واضح ہو کہ فقیر زادہ نے آنجناب کا ایک زبانی پیغام نواحی دہلی پر جاٹوں کے غلبہ اور اُن کی سرکشی کی بابت مجھ کو سنایا اور اس بارے میں مفصل جواب کی درخواست کی۔ بنا بریں یہ کلمات لکھے جاتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ فقیر نے عالمِ رویا میں قوم جاٹ کا استیصال اُسی قسم کا دیکھا ہے جس طرح قوم مرہٹہ کا استیصال ہوا ہے، اور یہ بھی خواب میں دیکھا ہے کہ مسلمان جاٹوں کے دیہات اور قلعہ جات کو

مسلط ہو گئے ہیں اور وہ دیہات و قلعے مسلمانوں کی جائے بود و باش بن گئے ہیں۔ غالب گمان یہ ہے کہ رو ہیلے جاٹوں کے قلعوں میں اقامت گزیں ہونگے یہ چیز غیب الغیب میں مصمم و مقرر ہے۔ فقیر کو اس بارہ میں ذرہ برابر شک و شبہ نہیں ہے۔ لیکن ابھی تک عالم ملکوت میں صورتِ فتح ظاہر نہیں ہوئی ہے، جن خدا کے خاص بندوں کو اس کام پر قائم کیا گیا ہے اُن کی توجہ اور دعا کی ضرورت ہے

جب یہ بات واضح ہو گئی تو اب فقیر کا مشورہ یہ ہے کہ جنابِ عالی اعلاءِ کلمۃ اللہ اور تقویتِ ملّتِ محمدیہؐ کی نیتِ مشیت خاطر لیقہ پر کرلیں، اور مخالفین سے مقابلہ شروع کر دیں۔ جس دن گھر سے بقصدِ جنگ کوچ کریں فقیر کو اطلاع دیں تاکہ فقیر اس طور پر جس طور پر خداوند کریم نے اس کو تعلیم دی ہے متوجہ ہو۔

امید فضلِ خداوندی سے یہ ہے کہ فتح عجیب رونما ہو گی اور افواجِ مخالفین درہم برہم ہو جائیں گی۔ یہ بات ملحوظ رہے کہ جنگ اعلام اُتار چڑھاؤ رکھتی ہے کہیں ذرا سی خبر سے بددل نہ ہو جانا۔ پیدائش حضرت آدمؑ سے لے کر تا ایں دم کونسی ایسی فتح ہوئی ہے جو نشیب و فراز نہیں رکھتی تھی۔ اس بارے میں مبالغہ کرنا فقیر کی عادت میں داخل نہیں ہے۔ لیکن ایک نکتہ اور خیال میں رہے وہ یہ کہ بعض مردم ملوز جو بظاہر

تمہارے اور تمہاری حکومت کے ملازم ہیں اور باطن میں اُن کا میلان مخالفین کی جانب ہے وہ نہیں چاہتے کہ مخالفین کی جڑ کٹ جائے، وہ ملازمین ہزار جتن اس معاملہ میں کھڑے کریں گے اور ہر طریقہ سے آں عزیز القدر کی نظر میں صلح کو آراستہ و پیراستہ کرکے دکھلائیں گے۔

دل میں یہ ٹھان لینا کہ اس جماعت کی بات نہ سنوں گا اور اُن کی باتوں کی طرف میلانِ طبع ہوگیا تو نصرت میں تاخیر ہوگی۔ فقیر اس چیز کو اس طرح جانتا ہے گویا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر رہا ہے۔ والسلام

مکتوبِ ششم

بجانب

نجیب الدولہ بہادر

اللہ تعالیٰ راس المجاہدین، رئیس الغزاۃ، امیر الامراء بہادر کو فتوحاتِ تازہ اور ترقیاتِ بے اندازہ کے ساتھ مشرف کرے۔

فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی طرف سے بعد سلام محبت التزام کے واضح ہو کہ آپ کا مکتوبِ گرامی جنگ کی استعداد کے بارے میں اور اس بات کے استفسار کے سلسلہ میں پہنچا کہ مسلمانوں کی ایک جماعت جاٹوں کے ساتھ مل گئی ہے اُن کے ساتھ کیا سلوک ہونا چاہئے۔

میرے عزیز! جاٹوں پر فتح عیب الغیب میں مقرر ہو چکی ہے، اس بارے میں کوئی اندیشہ دل میں نہیں لانا چاہئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرہٹوں کی طرح سے جونہی کہ مقابلہ ہوگا یہ طلسم ٹوٹ جائے گا۔ اگر مسلمانوں کی ایک جماعت

جاٹوں کے ساتھ ہے تو اس کا کوئی خیال نہ کریں مجھے امید ہے کہ بجز اس کے کہ ظاہر میں دشمنوں کی کثرت نظر آئے، اور کوئی تشویش پیش نہ آئے گی، اللہ تعالیٰ اُن مسلمانوں کے ہاتھوں کو جو غیروں کے ساتھ ہیں اروک دے گا وہ جنگ نہ کرسکیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایس یوں سمجھو کہ جس طرح شیر بکریوں کے گلے میں آجاتے ہیں اور بکریاں بھاگ جاتی ہیں اسی طرح مخالفین کو بھاگتے بنے گی۔ دشمنوں کی کثرت سے اور دشمنوں کے ساتھ مسلمانوں کی رفاقت سے ڈرنا نہ چاہیئے اللہ تعالیٰ کا ارادہ سب پر غالب ہے، اگر مخالفین مکر وحیلہ کے ساتھ صلح کی گفتگو کریں تو اُن کی باتوں پر کان نہ دھرنا، اگر بعض ایسے مسلمان جن کی اعلاء دین محمدیؐ کے سلسلہ میں نیت کمزور رہے نہلیےجوڑے خطرے سامنے لاکر پیش کریں تو ان کی بھی نہ سننا چاہیئے۔

اس کام میں بس آپ کی توجہ استعداد حرب کے بہم پہنچانے اور شدت کی طرف منعطف ہونی چاہیئے۔ میاں فقیر گل نے مسلمانوں کی بعض باتیں اور غلط اندیشے مفصل بیان کئے۔ تاکید مزید کے ساتھ لکھا جاتا ہے کہ جس وقت جنگ جاٹ کے لئے نکلیں فقیر کو اطلاع دیں، انشاء اللہ تعالیٰ روانگی کے وقت سے لیکر فتح کے وقت تک دعائے دلی میں مشغول رہوں گا۔

والسلام

مکتوبِ نہم

بطرف نجیب الدولہ

اللہ تعالیٰ آں راس المجاہدین، رئیس الغزاۃ، امیر الامراء کو مسندِ عزّت پر برقرار رکھ کر طرح طرح کی بھلائیاں ظہور میں لائے۔

فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت التزام کے واضح ہو کہ ـــــ جو کچھ معلوم ہوتا ہے یہ ہے کہ اس دور میں تائیدِ ملتِ اسلامیہ و اُمتِ مرحومہ آپ (جو کہ مسندِ خیر ہیں) کے پردے میں ظہور کر رہی ہے۔ کسی طرح کا وسوسہ قلبِ گرامی میں نہ آنے پائے۔ تمام کام انشاء اللہ تعالیٰ دوستوں کی مراد کے مطابق ہوں گے۔ اور تمام دشمن غایۂ قہرِ الٰہی سے پامال ہو جائیں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ حافظ جو اہر خاں بہت نیک خصلت آدمی ہیں۔
.... پہلے بھی اس مضمون کی طرف اشارا

مکتوبِ دہم

بنام

بندۂ مولف یعنی شیخ محمدؒ عاشق پھلتیؒ

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلاف کرام شیخ محمد عاشق سلّمہ اللہ تعالیٰ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت التیام مطالعہ کریں۔ اللہ کا شکر ہے کہ اُس نے خیر و عافیت دے رکھی ہے۔ دیگر آنکہ کل میں بعد از نمازِ جمعہ اپنے مقررہ وقت سے پہلے مجلس سے اُٹھ گیا تھا اور اس عزیز کو جلد رخصت کر دیا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ کہیں ہجوم خلق پریشان نہ کر دے بادشاہ اور اس کی والدہ آئے تھے۔ پہلے مسجد میں زنانے کا انتظام کیا گیا۔ اس صورت سے بادشاہ کے آنے کی غرض یہ تھی کہ بے تکلف ہو کر کچھ دیر ٹھہرے، تقریباً تین چار گھنٹے وہ بیٹھا کھانا بھی کھایا۔ اس کی زیادہ تر باتیں مخلوق خدا کی بھلائی کے کاموں میں مدد چاہنے سے متعلق تھیں۔ وہ اس بات پر افسوس کرتا تھا کہ اس نے اعتکاف کے زمانے میں جن باتوں کو اپنے اوپر لازم کر لیا تھا وہ آشکارا ہو گئیں اور یہ بھی دریافت

کرتا تھا کہ آیا مجھ سے کونسی ایسی لغزش ہوگئی جس کی وجہ سے صفائی قلب جاتی رہی، اُس نے یہ بھی کہا کہ اس سے پہلے میں خواب میں مشاہدۂ جمالِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوتا تھا، اب "زیارت" میسّر نہیں ہوئی، درمیانِ گفتگو میں اپنی تین خوابیں ذکر کیں۔

پہلی خواب

اُس نے کہا جس وقت رفیع الدولہ[۵۳۶] کو تختِ شاہی پر بٹھایا گیا تھا اُس وقت میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ رفیع الدولہ کے بعد کون بادشاہ ہوگا؟ فرمایا کہ روشن اختر[۵۳۷] (محمد شاہ) میں نے عرض کیا روشن اختر کے بعد کون ہوگا؟ فرمایا ایک اور ہے جس کا ہونا نہ ہونے کے برابر ہے[۵۳۸] میں نے عرض کیا اس کے بعد کون ہوگا؟ فرمایا "تو"[۵۳۹]۔ پھر میں نے یہ دریافت نہیں کیا کہ میری حکومت کب تک چلے گی۔

دوسری خواب

جس وقت نادرشاہ کی طرف سے قتلِ عام واقع ہوا[۵۴۰] میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ گویا ایک حصار کھینچ رہے ہیں اور اشارہ فرما رہے ہیں میں نے عرض کیا حضور یہ کیا ہے؟ فرمایا کہ ایک زبردست آگ لگی ہے، میں نے حصار کر دیا ہے تا کہ قلعہ محفوظ رہے۔

تیسری خواب

میں نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک کلغی دستِ مبارک سے تیار فرما رہے ہیں اور ارشاد ہوتا ہے کہ تیرے واسطے بنا رہا ہوں۔

بادشاہ سے فقیر نے خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک پر بیعت ہونے کا طریقہ بیان کیا اور بادشاہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صورتِ مبارک کے تصور کے لئے کہا۔ اُس نے کہا کہ رفیع الدولہ اور روشن اختر والی خواب میں جو صورتِ مبارک دیکھی تھی وہ میرے ذہن میں حاضر ہے۔ فقیر نے کہا کہ اسی کو اپنے دل کے سامنے رکھو۔ اس گفتگو کے بعد مسجد میں فقیر کے ساتھ نماز پڑھ کر رخصت ہوا۔ والسلام

مکتوبِ یازدہم

بنام
بندۂ مولف العبد شیخ محمد عاشق

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلاف کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ۔ فقیر ولی اللہ عفی عنہ سے بعد از سلام مطالعہ کریں۔

الحمد للہ کہ اس حادثۂ عامہ میں عافیت نصیب ہوئی اس محلہ کو معلوم نہیں ہوا کہ مخالف کی فوج آئی تھی یا نہیں، نہ تو لوٹ ڈالنے والوں کی لوٹ سے کوئی اذیت پہنچی اور نہ اس تاوان وجرمانہ (نغر یری ٹیکس) سے جو حویلیوں پر ڈالا گیا تھا کوئی زیر بار ہوا۔

سابق میں عالمگیر سے جو کچھ کہہ دیا گیا تھا کہ اس فتنہ میں تم کو سلامتی حاصل رہے گی وہ بھی ظہور میں آیا۔ اکثر کی جائدادوں کی سندیں ، (دستاویزیں) ضبط ہو گئیں مگر میری سند کہ دستخط کر کے مجھ کو واپس کر دی

گئی ہے۔ اس وقت احمد شاہ دُرّانی جنگِ جاٹ کی طرف متوجہ ہے جو کچھ وقوع میں آئے گا بعد کو لکھا جائے گا۔ اہلِ شہر اپنے قتل ہونے سے تو محفوظ رہے، لیکن دولت کا مادۂ فاسدہ" جن لوگوں کے مزاجوں میں پیدا ہو گیا تھا اس کا تنقیہ پورے طریقے پر ہو گیا۔ چنانچہ عبرت کی چیز ہے کہ جو لوگ جاہ و حشمت میں جس قدر زیادہ تھے، قید و ضرب اور سزا بھگتنے میں بھی وہی آگے آگے رہے۔ مگر جس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھنا چاہا وہ محفوظ رہا۔

والسلام

مکتوبِ دوازدہم

بنام

مؤلف یعنی شیخ محمد عاشق پھلتیؒ

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلافِ کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ۔ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد محبت کے مطالعہ کریں، اللہ کا شکر ہے کہ اس نے خیر و عافیت عطا فرما رکھی ہے آج ایک نوا سُنی گئی ہے جس نے یک گونہ تشویشِ خاطر پیدا کر دی وہ یہ کہ دُرّانی کی فوجیں بارہ کی جانب روانہ ہو رہی ہیں اور یہ بات تشویش کا باعث ہے بھی۔

میرا ظنِ غالب یہ ہے کہ پھلت اور بوڈھانہ کی طرف جانے سے اُن فوجوں کو کوئی تعلق نہیں ہے، حاصلِ کلام فضلِ الٰہی سے اُمید قوی ہے کہ خدا تم کو اور ہم کو تمام آفات سے محفوظ رکھے گا اور یہی اطمینان دل میں موجزن ہے اگرچہ بسبب ظاہر کچھ نہ کچھ تشویش بھی ہوتی ہے اور تدبیر اصلاح کی جاتی ہے۔

والسّلام

مکتوبِ سیزدہم

بنام
مولف یعنی شیخ محمد عاشقؒ

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشینِ اسلافِ کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام کے مطالعہ کریں۔

خیر و عافیت پر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں اور تمھیں ہمیشہ عافیت سے رکھے۔ آپ کا مکتوب گرامی پہنچا اور آپ کا موضع پھلت میں سلامتی کے ساتھ آنا معلوم ہوا۔ اللہ کا شکر ہے کہ خیریت سے وہاں پہنچے۔

دستور کے موافق امسال بھی اعتکاف میں داخل ہوا اس توفیق کے ملنے پر اور مزید احسانات کے دروازے کھلنے پر اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں۔
جو باتیں واردات احوال کے قبیل سے ہیں ان کا لکھنا چند اں

لطف نہ دے گا باقی جو "معارف" کے قبیل سے باتیں ہیں وہ انشاءاللہ تعالیٰ بعد فراغتِ اعتکاف بشرطِ سہولت لکھی جائیں گی۔

جو کچھ فقیر کو معلوم ہو رہا ہے یہ ہے کہ احمد شاہ ابدالی مخالفین کی سرکوبی کے لئے پھر آئے گا اور بعد تمام ہونے امر "وعدہ شدہ" کے شاید اسی سرزمین میں اپنی ودیعتِ حیات کو سپرد کرنے گا، گناہوں کی کثرت اور لعنتی کاموں کے ہجوم کے باوجود اب تک جو کام کی نوعیت برقرار ہے غالبًا اسی وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ کو عطا فت مخالفین کو تہس نہس کرنا ہے۔

والسلام

مکتوب چہار دہم

بنام

بندۂ مؤلف الشیخ محمد عاشق

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلاف کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ، فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام کے مطالعہ کریں۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر شکر ادا کرتا ہوں اور اس سے دنیا اور آخرت میں عافیت اور عفو مانگتا ہوں۔

گرامی نامہ مشکیں شمامہ پہنچا حقیقت مرقومہ واضح ہوئی — کچھ ایسا نظر آتا ہے کہ "طوائف الملوکی" ہوگی، فوجیں حرکت میں آئیں گی اور شہر تہ وبالا ہوں گے۔

اللہ سے یہ دعا ہے کہ اس "حادثہ" میں مخالفین اسلام پر ہی مصیبت پڑے اور "مٹھی بھر" مسلمان جوان بلاد میں عزّا ہم کی حیثیت سے پڑے ہوئے ہیں محفوظ و مامون رہیں۔ "اللہ تعالیٰ قریب ہے اور دعاؤں کا قبول کرنے والا ہے۔"

جو کچھ قضاء قدر میں ہے چار و ناچار ضرور ظہور میں آئے گا۔ اس جماعت کو خوشخبری ہو جو تسلیم و رضا کو اپنا شعار بنائے ہوئے ہے، اپنے مقال سے بھی اور اپنے حال سے بھی، ایسی جماعت کو خوشخبری ہو کہ جب کبھی "ہوائے قدس" چلے گی اس کی حافظ و ناصر ہوگی۔

"البتہ میرے کام کا بنانے والا اللہ ہے جس نے قرآن اتارا اور وہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے"۔ والسّلام

مکتوبِ پانزدہم

بنام
بندۂ مولّف (یعنی شیخ محمد عاشق)

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشینِ اسلاف کرام فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی طرف سے بعد سلام مطالعہ کریں خیر و عافیت پر شکر خداوندی ادا کرتا ہوں۔

سیّد فتح اللہ خاں کا خط پہنچا اس کو یا حفیظ ابجد کے حساب سے ۹۹۸ مرتبہ پڑھنے کے لئے لکھا گیا۔ اور ختم سورۂ فیل ایک ہزار ایک بار اس طور پر کرنے کو کہا گیا کہ اس کے اوّل و آخر چند بار یہ الفاظ پڑھا جائے اَللّٰھُمَّ صلِّ علیٰ سیّد القاھرین علیٰ اعدا رب العالمین یعنی اے اللہ رحمت بھیج اس ذاتِ اقدس پر جو سردار ہے اللہ کے دشمنوں پر قہر کرنے والوں کی۔

چند تعویذ "سلاح" بھی بھیجے گئے ہو اور ان کے خط میں یہ فقرہ بھی

تحریر ہوا ہے ــــــ فقیر کے دل میں یہ بات آتی ہے کہ اگر یہ مسلمان دریا سے پار ہو کر ایک بار جماعتِ مرہٹہ پر حملہ کر دیں تو اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک عجیب نشانی مشاہدہ میں آئے گی، مخالفین طلسم کی طرح منتشر ہو جائیں گے

والسلام

مکتوبِ شانزدہم

بنام شیخ محمد عاشق پھلتی رح

حقائق و معارف آگاہ عزیز القدر سجادہ نشین اسلافِ کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ۔ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد از سلام مطالعہ کریں ـــــ نامۂ مشکیں شمامہ پہنچا، وہ دہشت جو اس طرف مخالفینِ اسلام کی فوج کے قریب آجانے کی وجہ سے پھیل گئی ہے، اس کا علم ہوا، رب العزت کی بارگاہ سے التجا ہے کہ قریۃ الصالحین (پھلت) کو جہنم آفات سے محفوظ رکھے۔

مکتوبِ ہفتادم

بنام

مولّف یعنی شیخ محمد عاشق پھلتی رح

...... لکھا تھا کہ کیا اچھا ہو اگر اعتکافِ رمضان میں پھلت آکر کروں ـــــ فقیر یہ بات دل سے چاہتا ہے لیکن شہر دہلی کے موجودہ ناسازگار حالات کے پیشِ نظر کہ یہاں روزانہ نیا فتنہ کھڑا ہوتا ہے اور لوگوں کے دلوں میں قسم قسم کا خوف لاحق ہوتا رہتا ہے ـــ مناسب نہیں ہے کہ اپنا گھر بار اور اپنے متعلقین کو یوں ہی چھوڑ دیا جائے ۔

وہی عربی کا مشہور مصرعہ مناسبِ حال ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ (کبھی) ہوائیں کشتیوں کی خواہش کے برخلاف چلتی ہیں ۔ ۔

مکتوب ہشتدہم

بنام
مولف الشیخ محمّد عاشق رح

حقائق و معارف آگاہ اعزیز القدر سجادہ نشین اسلاف کرام شیخ محمد عاشق سلمہ اللہ تعالیٰ۔ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب بعد از سلام مطالعہ کریں۔ ....

اصل نقشہ یہ ہے کہ وقوعِ فتنہ یقینی ہے جب افواجِ ابدالی کی آمد آمد کشمیر کی طرف سنی گئی تو وہ پوشیدہ خطرہ ظاہر ہو گیا، اور اس بارے میں مشورہ کیا گیا بعد مشاورت یہ طے پایا کہ جب نوبت لاہور تک پہنچے اُس وقت خاندان کو پہلت کی طرف روانہ کر دیں، اس لئے کہ قبل پیدا ہونے فتنہ کے خواہ مخواہ کہیں کو چل پڑنا کم عقلی ہے اور ہجوم فتنہ کے بعد توقف کرنا گھمنڈ کی بات ہے، ابھی تک ہی بات دل میں ٹھان لی ہے جس کو اُوپر ذکر کیا گیا ہے معلوم نہیں یہ بات جلد پیش آنے والی ہے، یا کچھ مدت کے بعد..... والسّلام

مکتوب نوزدہم
بجانب مولانا سیّد احمد
(خورو ہیلکھنڈ کے ساکن ہیں)

.... نیفرولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد از سلام

مسنون مطالعہ کریں -

جو احباب وہاں سے یہاں آئے " آں سیادت مآب" کی تعریف اور شکریے سے تر زبان تھے وہ بیان کرتے تھے کہ آپ نے بادشاہ اسلام کی حمایت و رفاقت کے واسطے نیز مسلمانوں کی لوٹ مار اور قتل ہونے سے محفوظ رکھنے کے لئے روہیلوں کے لشکروں کی اس عمدہ طریقہ پر تنظیم کی ہے کہ اس سے اچھی تنظیم خیال میں بھی نہیں آ سکتی، ان باتوں کے سننے سے فقیر بہت ہی مسرور و خوشدل ہوا اور آپ کے لئے دنیا و آخرت میں بلندیٔ مرتبہ کی دعا بے ساختہ زبان سے نکلی -

مکتوب بستم

بجانب

وزیر الممالک آصف جاہ

الحمد للہ والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

بعد حمد و صلوٰۃ کے واضح ہو کہ اس فقیر کے دل پر یہ امر واضح ہو گیا ہے کہ عالم ملکوت میں یہ بات مقرر شدہ ہے کہ مخالفین اسلام ذلیل و خوار ہوں گے بعد ازاں باغی لوگ رسوا اور خانہ خراب ہوں گے، اگر جناب عالی ان بدمعاشوں کے مقابلہ میں کمر ہمت باندھ کر آجائیں تو یہ تمام کارنامے جناب کی طرف منسوب ہونگے اور دنیا آپ کی تابعدار ہو جائے گی، اور ملت مرحومہ کے رواج اور مسلم حکومت کی استقامت کا باعث جناب عالی کو قرار دیا جائے گا۔

کوشش تھوڑی اور فوائد عظیم الشان مرتب ہوں گے، اگر آنجناب کوشش نہ فرمائیں گے تو یہ تمام مخالف گروہ آسمانی حادثات سے ہلاک و مضمحل ہو جائے گا۔ اس صورت میں جناب عالی کی طرف کوئی نیک نامی کی بات منسوب نہ ہو سکے گی۔

(ترجمہ شعر فارسی) اے محبوب اصل میں تو تیری زلف کا کام مشک افشانی کرنا ہے لیکن مصلحت کی بناپر "آہوئے چین" کی طرف مشک کو منسوب کر دیا گیا ہے ؛

چونکہ یہ حقیقت بالکل یقینی ہے اس لئے آں عزیز القدر سے بے اختیار کہی گئی اور لکھی گئی، وقت کو غنیمت جانیئے اور مخالفین کے مقابلہ میں جد و جہد کرنے میں ذرہ برابر کوتاہی جائز نہ رکھئے۔ کچھ عرصہ کے بعد کام خود بخود واضح ہو جائیگا (ترجمہ شعر عربی)

جس وقت گرد و غبار ہٹے گا تو عنقریب دیکھ لے گا کہ تیری سواری میں گھوڑا تھا، یا گدھا یعنی عنقریب حقیقت حال کھل جائے گی۔

چونکہ ایک امر حقیقت کا اظہار مطلوب تھا، اور درستی و خیر خواہی مقصود تھی، اس لئے کسی قدر مبالغہ سے بھی احتراز نہیں کیا گیا، اس سے زیادہ کھول کر بات کہنا مشکل ہے۔

گوئے توفیق و کرامت درمیاں افگندہ اند
کس بمیداں درنمی آید سواراں را چہ شد

یعنی توفیق و کرامت کی گیند درمیان میں ڈال دی گئی ہے سواروں میں سے کوئی بھی میدان میں نہیں آتا آخر انہیں کیا ہو گیا ہے ؛ وہ بات جو کہ اپنے رازداروں سے درپردہ کہا کرتا ہوں اس مقام پر بے پردہ لکھی گئی ہے تاکہ

عذر کا موقع باقی نہ رہے۔ والسلام والاکرام

مکتوبِ بست و یکم

بنام
وزیر الممالک آصف جاہ

...... بعد حمد و صلوٰۃ فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے واضح ہو کہ —— اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے شجر اقبال کے نئے میوے کو مبارک و مسعود کرے اور اس درختِ سعادت (آپ) کی پرورش میں بے اندازہ پرورش عطا فرمائے آمین۔ بقیۃ الکلام یہ ہے کہ حکیم مطلق جل شانہٗ نے آدمی کو دو چیزوں سے مرکب فرمایا ہے، ایک بدن عنصری جو کہ حسی خواہشوں کا متقاضی ہے، دوسرے روح جو کہ عقائدِ حقّہ اور اعمالِ نافعہ کی خواہشمند ہے۔ یقینی طور پر آدمی کی سعادت بھی جسم و روح دونوں سے متعلق ہے، فطرتِ سلیمہ رکھنے والے حضرات دونوں قسم کی سعادتیں جمع کرتے ہیں، فقط ایک قسم پر اکتفا نہیں کرتے۔ جس طرح غذائے روح ضروری ہے اسی طرح غذائے جسم بھی ضروری ہے، کیونکہ ان دونوں میں سے کسی ایک کے نہ ہونے سے مزاج روح درہم برہم ہو جاتا ہے۔

مسلمانوں سے مظالم کا دفعیہ کرنا اور دین کی اشاعت کرنا، نیز رسومِ نیک
جاری کرنا سراپا سعادت در سعادت ہے۔

والسلام

مکتوب بست و دوم

بجانب
وزیر الممالک آصف جاہ

خدائے تعالیٰ بے نہایت ترقیات عطا فرمائے اور دونوں جہاں کی نعمتوں سے خوش اور دونوں جہاں کی مصیبتوں سے محفوظ رکھے ـــــ بعد اس دُعا کے واضح ہو کر بابا فضل اللہ نے ہم سے بعض باتوں کا استفسار کیا فقیر کے دل میں یہ آیا کہ اُن باتوں کا جواب بزبانِ قلم واضح کیا جائے۔

یہ تمام خفگیاں جو ظاہر ہو رہی ہیں فقیر کے اعتقاد میں اس کا سبب وہ کوتاہی عمل ہے جو جنگ مرہٹہ کے سلسلے میں اختیاری یا اضطراری طور پر واقع ہوئی جن دنوں فقیر نے آگاہ کیا تھا، اُس وقت کام ہوتا تو عجیب عجیب رحمتیں پیش گاہ خداوندی سے (وقت کی سازگاری کی وجہ سے) بارش کی طرح برس جاتیں، اگرچہ محسوس ایسا ہوتا ہے کہ تقدیر، حوادث کو شامل ہے لیکن کارخانۂ حکمتِ الٰہی میں ہر کام کسی نہ کسی خیر سے وابستہ ہے۔

خیر جو بات گذر گئی وہ گذر گئی ـــــــ

۵۳ فیضیہ قطب خاں افغان کے متعلق اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے

یہ امید ہے کہ عنقریب ختم ہو جائے گا۔ ظاہر ایسا ہوتا ہے کہ یہ شخص سرسبز نہیں ہوگا اور اپنے باطل مدعا کو حاصل نہ کرسکے گا، جو کچھ فقیر کو معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ آں عزیز القدر منصور و مظفر اور محفوظ و محظوظ ہیں۔

بادشاہ کا باہر جانا مناسب نہیں، اُن کا یہیں رہنا بہتر ہے، البتہ شاہزادوں میں سے آپ جس کو چاہیں آپ اپنے ہمراہ لے لیں، بقیہ کلام یہ ہے کہ آں عزیز القدر کو خدائے عزوجل نے ہندوستان پر یہ اتسلط بخشا ہے، ہم لوگ بڑی بڑی امیدیں قایم کئے بیٹھے ہیں کہ آپ کے ذریعہ رفع مظالم، تغیر رسوم بد، ترویج دین حق، اقامت امر خیر، اشاعت علم و نماز و روزہ یہ سب کچھ عمدہ طریقے پر ہوگا اس لئے کہ آپ کے اندر ایک عجیب شان اور سعادت محسوس ہوتی تھی، اور آپ کا مزاج بھی صلاحیت، ذکاوت اور رغبت امور خیر لئے ہوئے معلوم ہوتا تھا ــــ شاید مقتضیات زمانہ کی وجہ سے ابھی تک مذکورہ بالا امور خیر میں سے کسی کا ظہور نہیں ہوسکا۔ خدا کرے کہ اس کے بعد تلافی مافات ہو جائے ـــ اس قدر البتہ گذارش ہے کہ فی الحال جس قدر طاقت ہو گرانی غلہ دور کرنے میں سعی بلیغ فرمائیں، اور اطراف عالم میں جو لوٹ مچ رہی ہے اس کو حتی الامکان ختم کرنا بھی ضروری ہے۔ والسلام

مکتوبِ بست و سوم

بطرف

تاج محمد خاں بلّوچ

رفعت و عوالی مرتبت عزیز القدر نواب تاج محمد خاں محفوظ و محظوظ اند به نظرِ عنایت خدا وندی ملحوظ رہیں، فقیر ولی اللہ عفی عنہ کی جانب سے بعد سلام محبت التزام کے واضح ہو کہ ——— آپ کا مکتوبِ گرامی جاٹوں کی سرکشی سے متعلق پہنچا، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اُمید یہ ہے کہ وہ مخالف کو پائمال کر دے گا، خاطر جمع رکھیں ——— اندریں حالت ضروری ہے کہ:-
آں عزیز القدر موسیٰ خاں اور دیگر جماعتِ مسلمین کے ساتھ موافقت کریں اور آپس میں دوستی و یکجہتی کو کام میں لائیں اور اپنی طاقت کو دشمنوں کے مقابلہ میں صرف کریں۔ غالب اُمید ہے کہ اجتماعِ مسلمین اور اُن کی حسنِ نیت کی برکت سے تازہ فتح نصیب ہو گی۔ اللہ تعالیٰ قرآنِ عظیم میں فرماتا ہے اِنْ تنصروا اللہ ینصرکم۔ یعنی اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری

مدد کرے گا۔

اس زمانے میں دشمنانِ دین کے غالب ہونے اور مسلمانوں کے مغلوب ہونے کا سبب سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہے کہ مسلمان اپنے اغراضِ نفسانی کو درمیان میں لاتے ہیں، اور ہنود کو اپنے کاروبار میں دخیل بناتے ہیں ظاہر ہے کہ ہنود غیر مسلموں کا استیصال گوارا نہ کریں گے، دور اندیشی اور تحمل محمود شے ہے لیکن اتنی نہیں کہ غیر مسلم مسلمانوں کے شہروں پر غالب آتے چلے جائیں اور ہر روز نیا ایک شہر پر قبضہ کرتے رہیں، یہ وقت تحمل اور مصلحت اندیشی کا نہیں ہے۔ یہ وقت خدا پر بھروسہ کرنے اور استعدادِ حرب ظاہر کرنے اور غیرتِ مسلمانی کو جوش میں لانے کا ہے اگر آپ ایسا کریں گے تو اغلب ہے کہ "نسیمِ نصرت" چلنی شروع ہو جائے گی۔ فقیر جو کچھ جانتا ہے وہ یہ ہے کہ جنگ جہاد ایک طلسم ہے کہ اول اول خوفناک و خطرناک معلوم ہوتی ہے جس وقت اللہ تعالیٰ کی قدرت پر پورا پورا توکل و اعتماد کر کے اس جانب توجہ واقع ہوگی تو ظاہر ہوگا کہ سوائے نمائش کے وہاں کچھ نہ تھا، امید کہ اپنے حالات اور استعدادِ حرب کی کیفیت سے اطلاع دیتے رہا کریں گے۔ یہ چیز دعائے محافظت و نصرت میں ممد و معاون اور سلسلہ جنباں ہوگی۔

والسلام

مکتوب بست و چہارم

بطرف
نواب مجد الدولہ بہادر

خداے عزوجل محفوظ و محفوظ اور اپنی چشم عنایت میں آپ کو ملحوظ رکھے۔ اس وقت آپ کا والا نامہ پہنچا جس میں روئداد لشکر اور ان ضعیف رایوں کی تفصیل تھی جن کو لوگ اپنے دماغوں میں نکال رہے ہیں۔

عزیز القدر من! فقیر اس قدر جانتا ہے کہ عالم ملکوت میں مرہٹہ وحبت کا استیصال مصمم ہے اور وہ بعض اشخاص جن کی توجہ کو اس قسم کے امور کے حل و عقد میں عنایت فرمایا گیا ہے، ان مخالفین کے استیصال کی دعا کرنے کے لئے برابر مامور ہیں، اگر یہ بات نہ ہوتی تو دن بدن آپ کے دل میں ان کے استیصال کا جذبہ موجزن نہ ہوتا۔

اگر اس بدبخت کا آنا متحقق ہوا جو کہ سلطنت تیموریہ کی تخریب کے درپے ہے تو قول خداوندی "اِنَّ کیدی متین" یعنی میری

تدبیر بڑی مضبوط ہے ـــــ کا مصداق بھی یقینی طور پر ظاہر ہوگا - اطمینان رکھیں - والسّلام -

---

مکتوب بست و پنجم

بطرف

نواب عبداللہ خان کشمیری

آپ کو خدائے عزوجل محفوظ و محظوظ اور اپنی چشم عنایت میں ملحوظ رکھے، گرامی نامہ پہنچا ـــــ آپ نے علاقہ جات میں اقامت کرنے کے لئے دریافت کیا تھا ـــــ عزیز القادر! ـــــ ایک جماعت کے دل پر بار بار ہر دو گروہ کے استیصال کے لئے دعا کرنے کا جذبہ پیدا ہو رہا ہے، ہرگز ان کے درمیان سکونت پذیر نہ ہونا چاہئے۔ اگر اس زمانہ میں حج کا ارادہ کرلیں سب سے بہتر رہے گا ـــــ دنیا میں بھی اور آخرت کے لحاظ سے بھی۔ اگر ممکن ہو سکے تو وہاں سے منتقل ہونا ضروری ہے۔ اگر حج بیت اللہ کریں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ واپسی کے بعد بہت سے فائدے اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کریں گے۔ یہ فتنہ کا زمانہ ہے کیوں خواہ مخواہ خوف و خطر میں اپنے آپ کو رکھا جائے۔

والسّلام

مکتوب بست و ششم

بجانب

حافظ جار اللہ (پنجابی)

.... دہلی میں ایک حادثہ عظیم واقع ہوا، قوم جاٹ نے دہلی کے شہر کہنہ کو لوٹا اور حکومت اس فساد و شرارت کو دفع کرنے سے عاجز رہی، انھوں نے مال لوٹے، عزت و ناموس کو برباد کیا اور مکانات کو آگ لگائی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو مع اہل و عیال و مال و مکانات کے کان سے دستِ ستم سے محفوظ رکھا........... اور یہ لوٹ مار کا حادثہ اوائل رجب سنہ ۱۱۶۱ھ میں ہوا، اور آخر شعبان تک باقی رہا۔

حواشی

و

تعلیقات

حواشی

۱؎ حدیث نبوی ہے:-

"انما الدین النصح" ابو الشیخ فی التوبیخ عن ابن عمر۔

ملاحظہ ہو الجامع الصغیر سیوطی (مطبع میمنیہ مصر ۱۳۲۱ھ) جلد اول صفحہ ۸۹

۲؎ سر جدو ناتھ سرکار کا خیال ہے

" اورنگ زیب کی شمالی ہندوستان سے غیر حاضری کا فائدہ سب سے پہلے جاٹوں نے اٹھایا...... انھوں نے سب سے پہلے سلطنت کی فوجوں کا مقابلہ کیا، اور عسکری طرز پر اپنی تنظیم شروع کر دی، ہر جاٹ کسان کو تلوار چلانی سکھائی جاتی تھی اور اس کو بندوقیں وغیرہ دی جاتی تھیں، جاٹوں نے حملہ کرنے کے لئے جو قصبے اور لوٹ مار کا مال جمع کرنے کے لئے جو مرکز بنائے تھے وہ گڑھیاں کہلاتی تھیں، یہ چھوٹے چھوٹے قلعے ہوتے تھے جو گھنے جنگلوں میں بنائے جاتے تھے، مٹی کی دیواروں سے اُن کو اتنا مضبوط اور مستحکم کر لیتے تھے کہ توپ خانہ کا مقابلہ کر سکتے تھے" ملاحظہ ہو تاریخ اورنگ زیب، جلد پنجم صفحہ ۲۹۶-۷

۳ ۵ - خالصہ سے مراد وہ علاقہ ہے جو براہ راست مرکزی حکومت یعنی بادشاہ کے
تحت ہوتا تھا ۔ اس کے محاصل بادشاہ اپنے افسران کے ذریعہ وصول کرتا تھا ۔
اس کے برخلاف جاگیر کا علاقہ ہوتا تھا جس کے محاصل جاگیردار وصول کرتے تھے
اور جس کا براہ راست مرکزی حکومت سے کوئی تعلق نہ ہوتا تھا ۔ ملاحظہ ہو۔
R. P. Tripathi's
Some Aspects of Muslim Adm: p 308
دہلی کے ہر صاحب بصیرت فرمانروا کی یہ کوشش رہی ہے کہ خالصہ کا
علاقہ بڑھایا جائے، ایسی صورت میں بادشاہ، صوبائی گورنروں اور جاگیرداروں
کے رحم وکرم پہ نہیں رہتا اور مرکزی دفاتر اور حکومت شاہی کے اخراجات کے
لئے جس قدر رقومات کی ضرورت ہوتی ہے وہ براہ راست بادشاہ کو
ملتی رہتی ہیں، اگر صوبائی حکومتیں یا جاگیردار بادشاہ کے خلاف بغاوت
کریں یا محاصل ادا نہ کریں تو بادشاہ پہ فوری اثر نہیں پڑتا ۔
ضیاء الدین برنی، مبارک شاہ خلجی کی ایک سیاسی غلطی کا ذکر کرتا ہے ۔
"بسے دیہا دز میں ہا کہ در عہد علائی بخالصہ باز آوردہ بودند در عصرا و مرداں
یافتند" (تاریخ فیروز شاہی صفحہ ۳۸۲-۳)
بابر جب ہندوستان آیا تو اس نے اپنے افسران کو جاگیریں ضرور دیں، لیکن خالصہ کا بڑا خیال
رکھا مثلاً بہار کی جاگیر محمد زماں کو دی، لیکن ایک کروڑ اور ۵۰ لاکھ کے محاصل کا علاقہ

خالصہ قرار دے دیا۔

(ملاحظہ ہو Memoirs of Babur p. 663)

شاہ ولی اللہ صاحب کے زمانہ میں خالصہ کی کمی سے بادشاہ کی زندگی پر جو اثر پڑا تھا، اس کا حال ایک معاصر مورخ مصنف تاریخ عالمگیر ثانی کی زبانی سنیئے۔ لکھتا ہے

"صوبۂ دہلی کے پرگنے اور چند دیگر صوبوں کے پرگنے جو خالصہ میں شامل تھے اور جن سے بادشاہ کے ذاتی ملازمین کی تنخواہیں ادا ہوتی تھیں، اب ہاتھ سے نکل گئے تھے۔ سہارنپور جس کے محاصل جاگیرداروں کے حوالے کر دیئے گئے تھے، اب نجیب خاں روہیلہ کے قبضہ میں تھا، آگرہ کے قریب کے علاقے جاٹوں کے پاس تھے جنہوں نے بادشاہ کے (؟) نے نارنول وغیرہ کے علاقوں پر تسلط کر لیا تھا، نتیجہ یہ تھا کہ ایک محل بھی خالصہ میں نہ تھا، ..... نوبت بایں جا رسید کہ بادشاہ کے دسترخوان کے لئے بھی روپیہ نہ رہا، بیگمات بہت سے اخراجات اپنی جیب خاص سے کرتی تھیں"

(تاریخ عالمگیر ثانی قلمی صفحہ ۲۹ - ۲۸ - ۲۲)

نیز ملاحظہ ہو Sarkar: Fall of the Mughal Empire II p. 35

سکہ جاگیر کا علاقہ بڑھانے سے مرکزی حکومت کے استحکام میں فرق آجاتا ہے، سلطنت کے اجزاء میں نظم و ضبط کا اعلیٰ معیار قائم نہیں رہ سکتا، مرکزی حکومت، جاگیرداروں کے رحم و کرم پر ہوتی ہے، فلسفۂ تاریخ کا ایک ناقابل تردید اصول ہے کہ: ـــ

"The more the jagirs, the more unhappy is the peasant and unstable is the government."

یعنی جتنی زیادہ جاگیریں ہوں گی اتنی ہی حکومت کمزور، اور کاشتکار پریشان ہوں گے۔

شاہ صاحبؒ کی نگاہ دقیقہ بیں تھی، انھوں نے جاگیرداری کو بالکل ختم کرنے کا مشورہ نہیں دیا کہ ایسی صورت میں جاگیردار حکومت کے خلاف متحد ہو جاتے، اور سیاسی ابتری اور انتشار میں اضافہ ہو جاتا۔ شاہ صاحبؒ مشورہ دیتے ہیں کہ چھوٹے منصب داروں کو جاگیریں نہ دی جائیں اور پھر اس کی وجوہات بتائی ہیں۔

۵۵ ۔ منصب داری کے مختلف پہلوؤں کے تفصیلی مطالعہ کے لئے ملاحظہ ہو

Abdul Aziz: "The Mansabdari System and the Mughal Army"

C.S.K. Rao Sahib: Some notes on Mughal Mansabs, J.I.H. XVI p.50-62.

۵۶ "حقِ نمک" کو قرونِ وسطیٰ کے سیاسی اور سماجی نظام میں ایک ناقابلِ تردید اخلاقی اصول کی اہمیت حاصل تھی لہٰذا اس کی بے حرمتی اخلاقی جرم سمجھا جاتا تھا۔ راحت المحبین میں حضرت نظام الدین اولیاء کا قول نقل کیا گیا ہے —

" بزرگ حقّ است حق نمک ... حق آن نگاه تواند داشتن "

قلمی نسخہ ۷ (ب)

برنی (صفحہ ۵۴۵/۵۸۳) عفیف (ص ۹۹) تاریخ مبارک شاہی صفحہ ۶۸

تاریخ داؤدی ص ۳۴۳، ایلیٹ) وغیرہ سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

پروفیسر محمد حبیب صاحب نے "خزائن الفتوح" کے مقدمہ میں اس پر تفصیلی گفتگو کی ہے

ملاحظہ ہو:- The Campaigns of Sultan Alauddin Khalji, p. XV

اٹھارویں صدی میں نمک حرامی کو ایک آرٹ بنا لیا گیا تھا، اس صدی کی ساری تاریخ نمک حرامی اور غداری کی ایک طویل داستان ہے۔ کمزور فرماں روا ایسے سیاسی اور اخلاقی مجرموں کو سزا نہیں دیتے تھے، اس کے اثرات عوام پر برے پڑتے تھے۔ شاہ صاحب کے خیال میں سیاسی زندگی کی بہتری کا راز "نمک حرامی" کے خاتمہ میں تھا۔

اٹھارویں صدی میں مغل فوجوں کی حالت انتہائی خراب تھی، نظم و ضبط اور فرمانبرداری کے بجائے بدنظمی اور حکم عدولی عام ہو گئی تھی۔ سر وولزلے ہیگ نے لکھا ہے۔

"سلطنت کے زوال کا ایک بڑا سبب فوجوں کی بدنظمی اور بے قاعدگی بھی تھی..... فوج کے اعلیٰ افسران آپس میں لڑتے رہتے تھے... دشمنوں سے پوشیدہ خط و کتابت کرتے تھے...... عام بدنظمی نے فوج کو ایک بے ترتیب ہجوم کی صورت دے دی تھی، نہ کوئی عسکری تربیت تھی نہ نظام... غیر حاضری

کی سزا بہت دی جاتی تو ایک دن کی تنخواہ کاٹ لی جاتی... فوجی جرائم کے لئے کوئی سزا نہ تھی، افسر کبھی بہت ہی زیادہ غصہ ہو جاتا تو گدھے پر بٹھا کر کیمپ میں گھموا دیتا...... اس فوج میں نہ فاتحانہ عزم تھا نہ کوئی سپاہیانہ جذبہ"

نیز ملاحظہ ہو Cambridge History of India Vol IV p. 374-7
Irvine : The Army of the Indian Mughals. p. 296-299.

حاشیہ احمد شاہ (۱۷۴۸ - ۱۷۵۴) کے زمانہ میں تین سال تک فوجیوں کی تنخواہیں ادا نہیں کی گئیں مجبور ہو کر سپاہیوں نے شورش کی، محلوں کے دروازے روک کر کھڑے ہو گئے - ایک امیر کا جنازہ پانچ دن تک پڑا رہا اور فوجیوں نے اس وجہ سے دفن نہ ہونے دیا کہ اس نے تنخواہیں ادا نہیں کی تھیں - شاکر خاں پانی پتی نے لکھا ہے کہ احمد شاہ کے زمانہ میں ملازمت شاہی کے ساز و سامان کی فہرست بنا کر دکانداروں کو دی گئی تھی تا کہ اس کو فروخت کر کے سپاہیوں کی تنخواہیں ادا کر دی جائیں (تذکرہ شاکر خاں قلمی) صفحہ [illegible]

نیز ملاحظہ ہو Fall of the Mughal Empire Vol II p. 346-347.

فوجیوں کے افلاس کا اندازہ مصنف "تاریخ عالمگیر ثانی" کے اس بیان سے ہوتا ہے -

" فوجیوں نے افلاس سے تنگ آکر اپنے گھوڑے بیچ دیئے تھے، پیدل فوج کے پاس وردیاں نہ رہی تھیں، جانوروں کو چارہ نہ ملتا تھا اس وجہ سے وہ مرنے لگے تھے، فوجی اپنے گھروں سے باہر نہ نکلتے تھے، اور بعض اوقات تین

سواری کی ہمراہی میں بھی نہ ہوتے تھے" تاریخ عالمگیر ثانی (قلمی) ص ۲۲-۱۰۵ وغیرہ

نیز ملاحظہ ہو

Fall of the Mughal Empire Vol II p 37

۵۹ مرکزی حکومت کی نااہلی اور بادشاہوں کی سستی اور عدم توجہی کی اس سے بڑھ کر مثال ملنی مشکل ہے کہ انھوں نے خالصہ کے علاقہ میں بھی ٹھیکہ دینے کی رسم جاری کر دی تھی، اوّل تو اس زمانہ میں خالصہ کا علاقہ تھا ہی کتنا یعنی دہلی سے پالم تک۔ پھر جب اس کے محاصل وصول کرنے میں بھی بادشاہوں کو دقّت ہونے لگے تو ٹھیکے جاگیرداری کو تار تار کر دینا ہی بہتر ہے۔ بابر کے سیاسی تدبر کا ذکر اس سے پہلے (نوٹ ۳۲) میں گذر چکا ہے کہ اس نے بہار میں بھی خالصہ کا علاقہ رکھا، اسی کے جانشین یہ تھے کہ دہلی کے خالصہ کا انتظام کرنے سے معذور تھے۔

۵۹س - اس خط کے عنوان میں مکتوب الیہ کا نام ظاہر نہیں کیا گیا لیکن اس کے مطالعہ سے صاف ظاہر ہے کہ اس کا مخاطب احمد شاہ ابدالی ہی ہے۔

(الف) شاہ صاحبؒ نے شروع میں ہندوستان کے حالات اور واقعات جس طرح بیان کئے ہیں اُن کا مخاطب ایک غیر ملکی ہی ہو سکتا ہے ہندوستان کے کسی بادشاہ کو اس طرح جغرافیائی اور تاریخی تفصیلات بتانے کی ضرورت نہیں تھی۔

(ب) اسی خط میں فرماتے ہیں۔ " لاجرم بر آں حضرت فرض عین است

قصد ہندوستان کردن ؎

(س) چونکہ احمد شاہ ابدالی کو یہ خط لکھ رہے ہیں اس لئے جہاں مغل بادشاہ احمد شاہ کا ذکر آیا ہے وہاں پسر محمد شاہ لکھا ہو

(ش) نجیب الدولہ کے نام خطوط سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کو احمد شاہ ابدالی کے حملوں کا علم رہتا تھا۔

۹ الف ـ شاہ صاحبؒ نے جن صوبوں اور حکومتوں کا یہاں ذکر کیا ہے ان کے مختصر تاریخی حالات کے لئے ملاحظہ ہو

تاریخ فرشتہ، جلد دوم

طبقاتِ اکبری جلد سوم

۱۱ ـ گجرات کا صوبہ جغرافیائی، اقتصادی، تجارتی، عسکری اور سیاسی اعتبار سے نہایت اہم تھا، دکن پر تسلط قایم رکھنے کے لئے اس پر اقتدار ہونا ضروری تھا، مغلیہ بادشاہوں نے اس علاقہ کو اپنے قبضہ سے نکال کر جس سیاسی بصیرت کے فقدان کا ثبوت دیا اس کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔

Irvine : Later Mughals
Vol II p. 165 - 215

۱۲ ـ صوبہ مالوہ، جمنا سے نربدا تک پھیلا ہوا تھا، اس کے مغرب میں راجپوتانہ اور مشرق میں بندیلکھنڈ تھا۔ سلطنتِ مغلیہ کے لئے اس کی جغرافیائی پوزیشن اور

زراعتی اہمیت بے حد زیادہ تھی اجنبی اور شمالی ہندوستان کے درمیان یہ کڑی کی مانند تھا۔ افیون، گنا، انگور، چھالیہ وغیرہ کی زبردست کاشت یہاں ہوتی تھی صنعت و حرفت میں گجرات کے بعد اس کی اہمیت سب سے زیادہ تھی۔ شمالی ہندوستان سے دکن کو جانے والی فوجوں کو مالوہ سے ہی گذرنا پڑتا تھا مرہٹوں اور شمالی ہندوستان کے درمیان یہ پُشتے کی مانند تھا، اس کے نکل جانے کے بعد مرہٹوں کا طوفان کف بردہان اُمنڈنے لگا۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔

Raghubir Sinh : Malwa in Transition p107-111

Irvine : Later Mughals Vol II p. 242- 245.

۱۳۔ مرہٹوں نے اپنا اقتدار کس طرح بڑھایا؟ اس کے لئے ملاحظہ ہو

Sarkar : Fall of the Mughal Empire Vol I p. 67-76 سیکشن — "How the Maratha power spread over the Mughal Empire" p

مرہٹوں کے اقتدار کا عوام پر اقتصادی اثر کیا پڑا؟ طباطبائی نے لکھا ہے:

"غنیمے دارند کہ ہرجا دست یابند وجوہ معاش جمیع خلق خدا بند کردہ بطرف خود می کشند و زمینداری و مقدمی و عمل پٹہ داری گری باقی نگذاشتہ، اساس و دار ثان کارہائے مذکورہ را از بیخ و بن برکندہ بنیاد

دخل و تصرف خود قائم کنند، سیرالمتاخرین ۔

اس کے بعد صاحب "سیرالمتاخرین" نے ایک زبردست معاشی اور اقتصادی حقیقت کو اس طرح مذہبی انداز میں بیان کیا ہے۔

"رازق مطلق تعالیٰ شانہٗ کہ	رازقِ مطلق اللہ تعالیٰ جو
روزی رسانِ ہند و مسلمان است	ہندو مسلمان دونوں کا روزی پہنچانے
براتِ رزقِ اصنافِ خلائق بر ہمیں	والا ہے، اُسی نے ہر ایک کی روزی
زمین نوشتہ، تمام این مملکت بر	کا عطیہ اسی سرزمین (ہند) میں مقرر
یک قوم چہ طور مسلّم	فرمایا ہے، یہ سلطنت کسی ایک قوم کے
فوائد ماند"	فائدہ کیلئے کس طرح مخصوص کی جاسکتی ہے

۱۴ - چونکہ سے مراد لگان کا وہ چوتھائی حصہ ہے جو مرہٹے جبراً مغلیہ سلطنت کے اُن دور افتادہ علاقوں سے وصول کرتے تھے جو ان کے رحم و کرم پر تھے۔

مورخوں نے اس کی نوعیت کے متعلق مختلف رائیں ظاہر کی ہیں۔ رانا ڈے نے لکھا ہے کہ اس کی ادائیگی کے بعد وہ علاقے کسی تیسری طاقت کے حملوں سے محفوظ ہوجاتے تھے اور یہ بالکل ولزلی کے Subsidiary System کے مانند تھا۔ سرکار کا خیال ہے کہ اس ٹیکس کے دینے کے بعد صرف مرہٹوں کے حملوں سے نجات مل جاتی تھی۔ مرہٹوں پر دوسری طاقتوں کے حملہ سے بچانے کی کوئی ذمہ داری عائد نہ ہوتی تھی، چونکہ "ڈاکوؤں کو خریدنے کا ایک طریقہ تھا" سارڈیسائے نے

لکھا ہے کہ یہ خراج تھا جو مفتوحہ علاقوں سے لیا جاتا تھا۔

۱۴۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔

Sarkar: Shivaji and his Times p. 407-408

Sarkar: History of Aurangzeb Vol IV p.262-3

Sen: Military System of the Maratha p. 28-53

Sen: Administrative system of the Marathas, p. 111.

۱۵۔ سخت ناانصافی ہوگی اگر یہ سمجھا جائے کہ شاہ صاحبؒ غیر مسلم جماعتوں سے تعصب کی بنا پر یہ لکھ رہے ہیں، مرہٹوں کی ہنگامہ آرائیوں سے ہندو اور مسلمان سب ہی متاثر ہوتے تھے۔

بنگال کا مشہور شاعر گنگارام، بنگال پر ان کے حملوں کا حال لکھتا ہے

"برگیوں نے دیہاتوں کو لوٹنا شروع کر دیا..... کچھ لوگوں کے انھوں نے ہاتھ، ناک اور کان کاٹ لئے، کچھ کو مار ڈالا، خوبصورت عورتوں کو وہ رسیوں میں باندھ کر لے گئے، جب ایک بار کی زنا کر چکتا تھا تو دوسرا کرتا تھا۔ عورتیں چیخیں مارتی تھیں..... انھوں نے گھروں کو آگ لگا دی اور ہر طرف لوٹ مار کرتے ہوئے گھومے۔"

سر جدو ناتھ سرکار نے گنگارام کی یہ عبارت نقل کی ہے اور لکھا ہے

کہ مرہٹوں کی زنا کے معاملہ میں بہت بھی شہرت تھی۔ ملاحظہ ہو

Fall of the Mughal Empire Vol I
p. 87.

پرتگالی مصنفوں نے بھی مرہٹوں کی ان حرکتوں پر کانوں میں انگلیاں دی تھیں
ملاحظہ ہو۔

Pissurlencar :
Portugueses e Maratas (ii)
p. 49.

بنگال کے ایک مشہور پنڈت ونیشور ودیاپتی نے ۱۷۴۲ء میں مرہٹوں کے
ہنگاموں اور مظالم کا ذکر نہایت درد انگیز لہجے میں کیا ہے۔ ملاحظہ ہو

Fall of the Mughal Empire I
p. 88.

ان سب بیانات کے پیش نظر شاہ صاحب کے اس جملہ پر غور کیا جائے
تو اس کی صداقت کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔

ص۱۶ ۔ جمنا کے جنوبی علاقہ میں آگرہ سے دہلی تک جاٹ آباد تھے، اُن کی مشرقی سرحد چنبل تھی
اس علاقہ میں اُن کی ہنگامہ آرائی کا یہ عالم تھا کہ مرکزی حکومت کا ناک میں دم آگیا تھا
بقول سرکار "دہلی اور آگرہ کی سڑک پر ایسا کا شاہر داشت نہیں کیا جا سکتا
تھا" Fall, Vol I p 369 دہلی سے آگرہ نقل و حرکت
میں بڑی احتیاط برتنی پڑتی تھی، دکن کو اجمیر ہوتی ہوئی جو فوجیں جاتی تھیں وہ اسی
علاقہ سے گذرتی تھیں۔

بہادر شاہ کے زمانہ میں اس سڑک کی مخدوش حالت کا اندازہ دستور الانشا

کے مطالعہ سے ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو دستور الانشاء از یار محمد۔ ص ۱۳۰

۱۲ ۱۷۱۶ء میں جب ڈچ نمائندے اس علاقہ سے گزرے تو انھوں نے بھی ان ہنگاموں کو دیکھا Later Mughals I, p 321

جان سرمن (John Surman) جون ۱۷۱۶ء میں یہاں سے گزرا تھا، اُس نے بھی جاٹوں کی امن سوز حرکتوں کا ذکر اپنی ڈائری میں کیا ہے Orme Collections p1694

۱۶ الف۔ شاہ جہاں کے عہد میں جاٹوں نے ایک مرتبہ زبردست شورش برپا کی تھی — ۱۰۴۷ھ / ۱۶۳۶ء میں متھرا کا فوجدار مرشد قلی خاں اُن سے لڑتا ہوا مارا گیا تھا۔

۱۷۔ سر جدو ناتھ سرکار، "تاریخ اورنگ زیب جلد پنجم ص ۲۹۶ - ۲۹۷ پر لکھتے ہیں

"اورنگ زیب کی شمالی ہندوستان سے غیر حاضری کا فائدہ دونے جاٹ لیڈروں، راجہ رام اور رام چہرہ نے اُٹھایا۔ ..... راجہ رام کی قانون شکن حرکتوں کو آگرہ کا گورنر صافی خاں بھی نہ روک سکا، جاٹوں نے راستے بند کر دیئے اور بہت سے علاقوں کو لوٹا۔ اور اکبر کے مقبرہ کو لوٹنے کے لئے سکندرہ کا رُخ کیا، لیکن میر ابوالفضل نے جو وہاں کا فوجدار تھا بہادری سے مقابلہ کیا اور باغی کو آگے نہ بڑھنے دیا۔ راجہ رام نے مشہور تورانی افسر اصغر خاں کا سامان لوٹا ...... اصغر خاں جاٹوں سے لڑتا ہوا مارا گیا "

۱۸۔ مئی ۱۶۸۲ء کو اورنگ زیب نے مشہور جنرل خان جہاں کو کلتاش ظفر جنگ کو

جاٹوں کے مقابلہ کے لئے بھیجا، خان جہاں کو شکست ہوئی تو اورنگ زیب سو خطرہ کی نوعیت کا اندازہ ہوا اور اپنے لڑکے اعظم کو جاٹوں کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔ اعظم ابھی برہان پور ہی پہنچا تھا کہ شہنشاہ نے اس کو واپس بلایا اور اعظم کے بڑے بیٹے بیدار بخت کو جو اس وقت ۱۷ سال کا تھا جاٹوں کے مقابلہ کے لئے بھیجا (دسمبر ۱۶۸۷ء) یہاں شاہ صاحبؒ کا اشارہ بیدار بخت ہی کی طرف ہے۔

۱۹ھ شاید یہاں شاہ صاحبؒ کا اشارہ راجہ بشن سنگھ (جے پور) کی طرف ہے لیکن راجہ بشن سنگھ نے جاٹوں کے استیصال میں بڑا زبردست کام کیا تھا اور اس وقت بیدار بخت سے اس کی مخالفت کا کوئی واقعہ نظر سے نہیں گذرا۔ راجہ بشن سنگھ نے اورنگ زیب سے تحریری عہد کیا تھا کہ وہ جاٹوں کے مشہور قلعہ سنسنی کو برباد کر دے گا " (تاریخ اورنگ زیب ج ۵ صفحہ ۳۰۰)

سرکار نے لکھا ہے کہ راجہ بشن اپنے باپ دادا کی طرح بڑے منصب کی آرزو رکھتا تھا، اور اس لئے یہ اہم کام انجام دینے کا وعدہ کیا تھا۔ سنسنی کا محاصرہ بیدار بخت نے کیا تھا، ممکن ہے راجہ کو شہزادہ سے اسی لئے مخالفت پیدا ہو گئی ہو کہ ایسا اہم کام جس کے لئے اس نے اپنے آپ کو پیش کیا تھا، شہزادے کے سپرد کیوں کر دیا گیا۔

۲۰ھ فرخ سیر کے زمانہ میں چورامن کے ہنگاموں کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔

Irvine : Later Mughals, Vol I p. 321-27.

شاہ صاحبؒ نے جس مہم کی طرف اشارہ کیا ہے اس کے مفصل واقعات اروِن نے بیان کئے ہیں۔ چوراؔمن نے قطب الملک وزیر کو ۲۰ لاکھ روپیہ رشوت دے کر اس بات پہ آمادہ کیا کہ وہ فرخ سیر کو صلح کر لینے کا مشورہ دے۔

(اروِن جلد اول ص ۳۲۲)

راجہ جے سنگھ (جو چوراؔمن کے خلاف بھیجا گیا تھا) اس مصالحت کے خلاف تھا اس کا خیال تھا کہ چوراؔمن کی طاقت کے ختم ہونے میں زیادہ عرصہ نہیں لگے گا۔ اس کے بغیر مشورہ یہ صلح کر لی گئی۔ فرخ سیر خود اس صلح کے لئے آمادہ نہ تھا لیکن قطب الملک نے مجبوراً صلح کرائی۔ جب چوراؔمن دہلی آیا تو فرخ سیر نے اس کو صرف ایک مرتبہ دربار میں آنے دیا، دوسری مرتبہ دربار میں حاضری کی اجازت نہ دی۔

Irvine · Later Mughals I p. 327

قطب الملک کے چال چلن اور سیاسی ہنگاموں کے لئے ملاحظہ ہو۔

Sarkar : Fall of the Mughal Empire Vol I p10-11

تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ۳۱

Irvine : Later Mughals II p 120-124

۳۲ محمد شاہ (۱۷۱۹-۱۷۴۸) کا بیٹا احمد شاہ تھا جو اس کے بعد تخت پر

بیٹھا۔ یہاں شاہ صاحبؒ نے اس کا نام لکھنے کے بجائے "پسر محمد شاہ" لکھا ہے ایسا شعوری کیا ہے، شاہ صاحبؒ احمد شاہ ابدالی کو خط لکھ رہے ہیں اس لئے اس کا نام لکھنا سوء ادب خیال کیا۔

۲۳ صفدر جنگ، سعادت خاں صوبہ دار اودھ کا داماد تھا، ۱۷۳۹ء میں سعادت خاں کے انتقال پر اودھ کا صوبہ دار ہوگیا، اور اٹھارویں صدی کی سیاست میں کافی حصہ لیا۔ مختصر حالات کے لئے ملاحظہ ہو۔

Fall, Vol I pp. 22 - 24, 442-448

۲۴ ۹ مئی ۱۷۵۳ء کو سورج مل جاٹ نے پرانی دہلی کو لوٹا تھا، سرجدو ناتھ سرکار نے اس کا تفصیلی ذکر اپنی کتاب Fall Vol I p480-3 میں کیا ہے۔ لکھا ہے۔

"وزیر کو خود لڑنے میں تامل تھا، اس لئے سورج مل کو آگے بڑھا دیا اس نے پرانی دہلی کو خوب لوٹا ...... عام لوگوں پر سخت مصیبت آئی بہت لوگوں نے خودکشی کر لی ...... جاٹوں کے اس ہنگامہ کو لوگ جاٹ گردی کے نام سے یاد کرتے تھے۔"

ہرچرن داس مصنف چہار گلزار شجاعی کا بیان ہے کہ جب جاٹوں نے لوٹنا شروع کیا تو دہلی کے باشندے گھبراہٹ اور پریشانی میں گھر سے نکل کر کھڑے ہو گئے، وہ دربدر گلی بہ گلی مارے پھرتے تھے، بالکل اس طرح جیسے کوئی لوٹا ہوا

جہاز ظالم موجوں کے رحم و کرم پر ہو، پاگلوں کی طرح ہر شخص پریشان حال اور
گھبرایا ہوا نظر آتا تھا" (قلمی نسخہ ص 4/10)

۲۵؎ صفدر جنگ کے خلاف بادشاہ کی تفصیلی کارروائی کے لئے ملاحظہ ہو۔
Sarkar: Fall of the Mughal Empire Vol I. p. 483-500.

۲۶؎۔ سراج الدولہ کی طرف اشارہ ہے جو ۱۷۵۶ء میں علی وردی خاں کے انتقال کے
بعد بنگال کا صوبہ دار ہوا تھا۔

۲۷؎ گردآگری کے دہشتناک واقعات کے لئے ملاحظہ ہو
Fall of the Mughal Empire, Vol II p 37

۲۷الف؎۔ ملاحظہ ہو سیر المتاخرین صفحہ ۸۰
طباطبائی نے لکھا ہے کہ سلطنت اور شہنشاہ اس وقت بے معنی الفاظ ہو کر
رہ گئے تھے۔

۲۷ب؎ ملاحظہ ہو
Fall of the Mughal Empire I p 481

۲۸؎ نادر شاہ کے حملہ نے مغلیہ سلطنت کی کمزور عمارت کو متزلزل کر دیا تھا۔
سرکار نے لکھا ہے کہ نادر شاہ کے حملہ نے دہلی سلطنت کا ایک مرکز تباہ کر دیا
(Fall Vol I p VII) شاہانِ مغلیہ کا سیاسی اقتدار ختم کر دیا

مل گیا۔ کرنال کے میدان میں دس بارہ ہزار سپاہیوں کا خون ہوا۔ دہلی کے تقریباً ۲۰ ہزار نفوس تہ تیغ ہوئے۔ ہندوستان کی بعض نئی طاقتوں کا عروج بھی اسی وجہ سے ہوا، دہلی کی سلطنت اتنی کمزور ہو گئی کہ ان نئی طاقتوں کا مقابلہ نہ کر سکی پروفیسر ہری رام گپتا نے بتایا ہے کہ سکھوں نے اس حملہ سے بے حد فائدہ اٹھایا اور پنجاب میں لوٹ مار کی۔

History of the Sikhs, p. 3-4

۲۹ قرآن پاک ۴۸ : ۲۹

۳۰ قرآن پاک ۵ : ۵۹

۳۱ ———

۳۲ قرآن پاک ۴۸ : ۲۵

۳۳ صفدر جنگ نے سورج مل جاٹ کو اپنے ساتھ ملا لیا تھا، ملاحظہ ہو

Fall of the Mughal Empire Vol II p. 435

۳۴ یعنی احمد شاہ (۱۷۴۸ - ۱۷۵۴) جیسا کہ آگے آنے والی عبارت سے ظاہر ہے۔

۳۵ احمد شاہ کی والدہ کا نام ادہم بائی تھا، اس نے اس زمانہ کی سیاست میں بڑا حصہ لیا تھا، احمد شاہ نے اس کو بائی جیو صاحب، نواب قدسیہ صاحبہ الزمانی صاحب جیو صاحبہ اور قبلۂ عالم وغیرہ کے خطابات یکے بعد دیگرے دیئے تھے

احمد شاہ کے عہد میں سارا انتظامِ مملکت اسی کے ہاتھ میں پہنچ گیا تھا۔ بڑے بڑے امرا اور افسران روزانہ اس کی ڈیوڑھی پر حاضر ہوتے تھے، وہ پردے کے پیچھے سے ساری عرضیاں اور کاغذات سنتی تھی اور اُن پر احکامات لکھواتی تھی

ص۳۶ رفیع الدولہ، بہادر شاہ بن اورنگ زیب کا منجھلا بیٹا تھا، ساداتِ بارہہ نے ۴ رجب ۱۷۱۹ء کو رفیع الدرجات کو تخت سے اُتار کر رفیع الدولہ کو تخت پر بٹھایا تھا، اس نے کل چار مہینے اور ۱۶ دن حکومت کی۔ ۲۱ ستمبر ۱۷۱۹ء کو درگاہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی میں دفن کیا گیا۔

ص۳۷ روشن اختر، بہادر شاہ بن اورنگ زیب کا چوتھا بیٹا تھا۔ رفیع الدولہ کے بعد ابوالفتح ناصر الدین محمد شاہ بادشاہ غازی کے لقب سے تخت پر بٹھایا گیا ۱۷۴۸ء تک حکومت کی۔

ص۳۸ یہاں شہزادہ محمد ابراہیم کی طرف اشارہ ہے جس کو عبد اللہ خان (سید بارہہ) نے محمد شاہ کی زندگی میں ۱۵ اکتوبر ۱۷۲۰ء کو تخت پر بٹھا دیا تھا، تھوڑے ہی دنوں کے بعد محمد شاہ نے اس کو پکڑ بلوایا اور جیل خانہ میں ڈلوا دیا۔ جہاں ۳۰ جنوری ۱۷۴۶ء کو اس کا انتقال ہو گیا۔

ص۳۹ ۔ احمد شاہ، محمد شاہ کے بعد تخت نشین ہوا تھا، اس کے دورِ حکومت کے حالات کے لئے ملاحظہ ہو۔

Sarkar: Fall of the Mughal Empire, Vol I Chapter VIII

۴۰ نادر شاہ کا قتلِ عام ۱۱ مارچ ۱۷۳۹ء (بروز اتوار) ۹ بجے صبح سے شروع ہوا تھا اور ۲ بجے دوپہر تک جاری رہا۔

۴۱ احمد شاہ ابدالی نے جب پانچویں بار (۱۷۶۰ء) ہندوستان پر حملہ کیا تو جاٹوں کی طرف خاص طور سے توجہ کی۔ اس حملہ کی تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو۔

Fall, Vol II. p. 114-125

۴۲ بارہہ ضلع مظفر نگر (یو، پی) میں ایک قصبہ ہے، سید برادران جنہوں نے اٹھارویں صدی کی سیاست میں نمایاں حصہ لیا تھا، اسی جگہ کے باشندے تھے۔

۴۳ بڈھانہ اور کھتولی، ضلع مظفر نگر (یو، پی) کے دو قصبات ہیں کھتولی میں پھلت ایک چھوٹا سا گاؤں ہے، پھلت کو شاہ ولی اللہ صاحب کے مولد ہونے کا شرف حاصل ہے۔

۴۴ احمد شاہ ابدالی کے حملوں کے لئے ملاحظہ ہو ضمیمہ

۴۵ اس زمانہ میں شاہ صاحب کے قلب و جگر پر ملت کی پریشان حالی کا کچھ ایسا اثر تھا کہ "غربا" ہی کا لفظ ان کی زبان سے نکلتا تھا۔ وصیت نامہ میں لکھتے ہیں۔

"ما مردم غریبیم کہ در دیار ہندوستان آبائے ما بغربت افتادہ اند"

(وصیت نامہ ص ۲۰۲)

۴۶ قرآن پاک ۷ : ۱۹۹

۴۷ شاہ صاحب صرف وظیفہ بتا دینے پر اکتفا نہیں کرتے عمل کی تلقین بھی

ساتھ ساتھ کرتے ہیں، یہ شاہ صاحب کا مخصوص انداز ہے، اُن کی نظر میں کامیابی کا انحصار "دعا" اور "عمل" دونوں پر تھا۔

۴۸ قرۃ الصالحین سے مُراد پھلت ہے شاہ صاحب پھلت ہی میں پیدا ہوئے تھے اپنی پیدائش گاہ کی سلامتی کا خیال شاہ صاحب کو ہر وقت رہتا تھا، اس سے قبل بھی ایک مکتوب میں اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے۔

۴۹ یہ متنبّی کا مصرع ہے جس کا صدر یہ ہے۔

ماکل ما تیمنی المرء یدرکہ

۵۰۔ احمد شاہ ابدالی نے ۱۷۵۲ء میں کشمیر پر حملہ کیا تھا حملہ کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔
Islamic Culture, Vol XI No 4
p. 499-500

۵۱

۵۲ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مکتوبات میں متعدد جگہ اس شعر کو استعمال کیا ہے یہاں شاہ صاحب بالکل اسی ذہنی کیفیت میں اس کو نقل کرتے ہیں۔

۵۳۔ صفدر جنگ کی نظر میں روہیلوں کی طاقت کانٹے کی طرح کھٹکتی تھی جب وہ برسرِاقتدار آیا تو اس نے روہیلکھنڈ کی سند قطب الدین خاں نبیرۂ عظمت اللہ خاں سابق گورنر مراد آباد کے نام دربارِ شاہی سے جاری کرا دی، قطب الدین سات ہزار فوج اکٹھا کر کے عازم روہیل کھنڈ ہوا، حافظ الملک نے اس مقصد سے باز رکھنا چاہا، مجبوراً حافظ الملک نے جنگ کی، رام گنگا کے کنارے جنگ ہوئی اور قطب خاں مارا گیا

شاہ صاحبؒ نے یہ خط آصف جاہ کو اس وقت لکھا ہے جبکہ قطب خاں کا ہنگامہ شروع ہوا تھا، اس میں پیش گوئی بھی کی ہے کہ "سرسبز نخواہد شد"

ملاحظہ ہو گلستانِ رحمت،،

Life of Hafiz ool Mulk, p. 28
Cambridge History of India IV. p 429
Fall of the Mughal Empire I p. 377

۵۴ ستمبر اکتوبر ۱۷۵۷ء میں گرانیٔ غلہ کا یہ عالم تھا کہ روپیہ کے ۹ سیر گیہوں ملتے تھے، مونگ کی دال روپیہ کی آدھ سیر، ماش کی دال روپیہ کی پانچ سیر، دہلی میں دوائیں تک گراں ہو گئی تھیں

Fall of the Mughal Empire II p154

۵۵ قرآن پاک ۸ : ۴۷

۵۶ ۱۱۶۱ھ مطابق ۱۷۴۸ء۔

قتل و غارتگری کی یہ انتہا ہے کہ دہلی رجب سے شعبان تک لٹتی رہی اور مغلیہ سلطنت بالکل بے بس رہی تاریخوں میں اس لوٹ کا تفصیلی حال نہیں ملتا، بہرحال ان حالات میں کوئی تعجب کی بات نہیں کہ مسلمانوں نے حد درجہ مایوسی کی حالت میں "جوہر" کرکے اپنے آپ کو ختم کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔

ضمیمہ جات

شاہ ولی اللہ دہلویؒ کی سوانح اور تصانیف

حضرت شاہ صاحبؒ نے اپنے حالات اور سوانح میں ایک مختصر رسالہ "الجزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف" تصنیف فرمایا تھا۔ یہاں ہم فارسی عبارت کا اردو میں خلاصہ پیش کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں۔

"یہ فقیر ۴ر شوال ۱۱۱۴ھ بروز چہارشنبہ طلوع آفتاب کے وقت پیدا ہوا تاریخی نام "عظیم الدین" نکالا گیا۔ ولادت سے پہلے خود والدین اور چند صلحا نے میرے بارے میں بہت سے بشارتی خواب دیکھے تھے جن کو بعض دوستوں نے مستقل رسالہ "القول الجلی" میں بھی جمع کر دیا ہے۔ عمر کے پانچویں سال مکتب میں بٹھا دیا گیا۔ ساتویں سال والد ماجد نے نماز روزہ شروع کرایا اور اسی سال "رسم سنت" عمل میں آئی۔ اور جیسا کہ یاد رہ گیا ہے اسی سال قرآن پاک ختم ہوا اور فارسی تعلیم شروع ہوئی یہاں تک کہ دسویں سال شرح ملا جامی پڑھ لی اور مطالعہ کتب کی استعداد پیدا

ہوگئی - چودھویں ہی برس میں شادی کی صورت پیدا ہوگئی - اور والد ماجد نے اس معاملہ میں انتہائی عجلت سے کام لیا - اور جب سسرال والوں نے والد ماجد کے تقاضوں کے جواب میں سامان شادی تیار نہ ہونے کا عذر کیا تو آپ نے اُن کو لکھ بھیجا کہ میری یہ جلد بازی بلا وجہ نہیں ہے - بلکہ اس میں کوئی راز ہے - لہٰذا یہ مبارک کام بلا تاخیر ہی ہو جانا چاہیئے - چنانچہ والد بزرگوار کے اصرار سے اسی سال یعنی چودھویں ہی برس میں شادی ہوگئی - اور وہ راز بعد میں اس طرح ظاہر ہوا کہ نکاح سے تھوڑے ہی دن بعد میری خوش دامن کا انتقال ہوگیا - اس سے چند ہی روز بعد میری اہلیہ کے نانا نے وفات فرمائی پھر چند ہی دنوں میں عم بزرگوار شیخ ابوالرضا محمد قدس سرہ کے صاحبزادے شیخ فخر عالم نے وفات پائی - اور یہ صدمہ ابھی تازہ ہی تھا کہ میرے بڑے بھائی شیخ صلاح الدین کی والدہ ماجدہ نے داغ مفارقت دیا - ان صدمات کے ساتھ ہی والد ماجد پر ضعف اور مختلف قسم کے امراض کا غلبہ ہوا اور دیکھتے دیکھتے آپ کی وفات کا سانحہ عظیم بھی پیش آگیا — ان حوادث کے پیہم گذر جانے پر معلوم ہوا کہ شادی کے متعلق والد ماجد کی عجلت فرمائی میں کیا راز تھا - درحقیقت اگر اس وقت یہ کام اس طرح عجلت سے انجام نہ پاتا تو ان حوادث کی وجہ سے بہت مدت تک بھی اس کا موقع نہ آسکتا تھا -

شادی سے ایک سال بعد یعنی پندرہ سال کی عمر میں والد ماجد کے

ہاتھ پر میں نے بیعت کی اور مشائخ صوفیہ بالخصوص حضرات نقش بندیہ کے اشغال میں لگ گیا۔ اور توجہ و تلقین اور آداب طریقت کی تعلیم و خرقہ پوشی کی جہت سے میں نے اپنی نسبت کو درست کیا۔ اسی سال بیضاوی کا ایک حصہ پڑھ کر گویا ان دیار کے مروجہ نصاب تعلیم سے فراغت حاصل کی۔ والد ماجد نے اس تقریب میں بڑے پیمانے پر خواص و عوام کی دعوت کی اور مجھے درس کی اجازت دی جن علوم و فنون کا درس اس ملک میں مروج ہے۔ ان میں ذیل کی کتابیں میں نے سبقاً سبقاً پڑھیں۔ حدیث میں پوری مشکوٰۃ شریف سوائے "کتاب البیوع" سے "کتاب الآداب" تک کے تھوڑے حصے کے، اور صحیح بخاری کتاب الطہارۃ تک اور شمائل ترمذی کامل، اور تفسیر میں تفسیر بیضاوی اور تفسیر مدارک کا ایک حصہ، اور حق تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک بہت بڑی نعمت مجھ پر یہ ہوئی کہ کامل غور و فکر اور مختلف تفاسیر کے مطالعہ کے ساتھ والد ماجد کے درس قرآن میں مجھے حاضری کی توفیق ملی اور اس طرح میں نے کئی بار حضرت سے متن قرآن پڑھا اور یہی میرے حق میں "فتح عظیم" کا باعث ہوا۔ اور علم فقہ میں شرح وقایہ اور ہدایہ پوری پڑھیں اور اصول فقہ میں حسامی اور توضیح تلویح کا کافی حصہ اور منطق میں شرح شمسیہ پوری اور شرح مطالعہ کا کچھ حصہ اور کلام میں شرح عقائد مع 3
حاشیہ خیالی اور شرح مواقف کا بھی ایک حصہ۔ اور سلوک و تصوف میں عوارف اور رسائل نقشبندیہ وغیرہ اور علم الحقائق میں شرح رباعیات مولانا جامی

لوائح، مقدمہ شرح لمعات اور مقدمہ نقد النصوص، اور فن خواص اسماء وآیات میں والد ماجد کا خاص مجموعہ اور طب میں موجز اور فلسفہ میں شرح ہدایۃ الحکمۃ وغیرہ اور نحو میں کافیہ اور اس کی شرح از ملا جامی اور علم معانی میں مطول اور مختصر المعانی اس قدر جتنے پہ ملازادہ کا حاشیہ ہے اور ہیئت وحساب میں بعض مختصر رسالے پڑھے۔ اور الحمد للہ کہ اسی تحصیل کے زمانہ میں ہر فن سے خاص مناسبت پیدا ہوگئی اور اس کے خاص مسائل اور اہم مباحث میرے ذہن کی گرفت میں آگئے۔

میری عمر کے سترھویں سال والد ماجد مریض ہوئے اور اسی مرض میں داصل برحمت حق ہوگئے۔ اور اس مرض وفات ہی میں مجھے بیعت وارشاد کی اجازت مرحمت فرمائی۔

خدا تعالیٰ کا ایک بڑا احسان یہ ہے کہ حضرت والد ماجد جب تک رہے اس فقیر سے بے حد راضی رہے اور اسی رضامندی کی حالت میں اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ حضرت والد کو جیسی توجہ میرے حال پر رہی ایسی ہر باپ کو اپنے بیٹوں کے ساتھ نہیں ہوتی۔ میں نے کوئی باپ، کوئی استاد، اور کوئی مرشد ایسا نہیں دیکھا جو اپنی اولاد یا اپنے کسی شاگرد یا مرید کی طرف اس قدر توجہ اور شفقت رکھتا ہو جو حضرت والد ماجد کو میرے ساتھ تھی۔

پھر حضرت کی وفات کے بعد بارہ سال تک کتب دینیہ اور معقولات کے

درس میں اشتغال رہا اور ہر علم و فن میں غور کرنے کا موقع ملا۔

مذاہب اربعہ کی فقہ اور ان کی اصول فقہ کی کتابوں اور ان احادیث کے غائر مطالعہ کے بعد جن سے وہ حضرات اپنے مسائل میں استناد فرماتے ہیں "نور غیبی" کی مدد سے "فقہاء محدثین" کا طریقہ دل نشین ہوا۔ غرض والد ماجد کی وفات سے ۱۲ برس اس طرح گذرنے کے بعد حرمین شریفین کی زیارت کا شوق پیدا ہوا۔ اور آخر ۱۱۴۳ھ میں یہ فقیر حج سے مشرف ہوا۔ اور ۱۱۴۴ھ میں مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی مجاورت اور شیخ ابو طاہر قدس سرہ اور دیگر مشائخ حرمین شریفین سے اخذ روایت حدیث کی سعادت حاصل کی۔ مدینہ منورہ میں قیام کے دوران میں روضہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم میری توجہ کا خاص مرکز رہا۔ اور الحمد للہ کہ مجھ فقیر پر اس دربار قدسی سے بے پایاں فیوض و برکات کی بارش ہوئی۔ نیز اس سفر مبارک میں حرمین شریفین اور عالم اسلامی کے بہت سے علمائے کرام کے ساتھ خوب رنگین صحبتوں کا موقع ملا۔ حضرت شیخ ابو طاہر مدنی قدس سرہ کی طرف سے تمام طرق صوفیہ کا جامع خرقہ بھی اسی بابرکت سفر میں عنایت ہوا۔

پھر ۱۱۴۴ھ کے آخر میں حج سے مکرر مشرف ہو کر اوائل ۱۱۴۵ھ میں وطن واپس آیا۔ اور ۱۴ رجب ۱۱۴۵ھ کو ٹھیک جمعہ کے دن بفضلہٗ صحیح سلامت وطن مالوف دہلی پہونچ گیا۔ بتعمیل ارشاد "واما بنعمۃ ربک فحدث" بعض خاص انعامات الٰہیہ کا بھی تذکرہ کرتا ہوں۔

حق تعالیٰ کا عظیم ترین انعام اس بندہ پر یہ ہے کہ اس کو خلعتِ فاتحیہ
بخشا گیا ہے اور اس آخری دور کا افتتاح اس سے کرایا گیا ہے۔ اس سلسلہ
میں جو کام مجھ سے لیئے گئے ہیں وہ یہ ہیں کہ "فقہ" میں جو مرضی "ہے اس کو جمع
کیا گیا اور فقہ حدیث کی از سرِ نو بنیاد رکھ کر اس فن کی پوری عمارت تیار کی گئی اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام احکام و ترغیبات بلکہ تمامی تعلیمات کے اسرار و مصالح کو
اس طرح منضبط کیا گیا کہ اس فقیر سے پہلے کسی نے یہ کام اس طرح نہیں کیا
تھا —

نیز سلوک کا وہ طریقہ جس میں حق تعالیٰ کی مرضی ہے اور جو اس دور میں کامیاب
ہو سکتا ہے مجھے اس کا الہام فرمایا گیا۔ اور میں نے اس طریق کو اپنے دو رسالوں
"ہمعات" اور "الطاف القدس" میں قلمبند کر دیا ہے۔

ایک کام مجھ سے یہ لیا گیا کہ متقدمین اہل سنت کے عقائد کو میں نے دلائل و
براہین سے ثابت کیا اور معقولیوں کے شکوک و شبہات کے خس و خاشاک سے
ان کو قطعی پاک کر دیا۔ اور ان کی تقریر بحمد اللہ ایسی کہ جس کے بعد کسی بحث کی گنجائش
ہی نہیں رہتی۔ علاوہ ازیں کمالات اربعہ ابداع، خلق، تدبیر، اور تدلّی کی حقیقت
اور نفوس انسانیہ کے استعدادات کا علم مجھے عطا فرمایا گیا۔ اور یہ دونوں ایسے
علم ہیں کہ اس فقیر سے پہلے کسی نے ان کے کوچہ میں قدم بھی نہیں رکھا۔ اور حکمت
عملی (کہ اس دور کی صلاح و فلاح اسی سے وابستہ بلکہ اسی میں منحصر ہے) مجھے بھرپور

دی گئی۔ اور کتاب وسنت وآثار صحابہ سے اس کی تطبیق وتفصیل کی توفیق بھی نصیب ہوئی۔ اس سب کے سوا مجھے وہ ملکہ عطا فرمایا گیا جس کے ذریعہ سے میں تمیز کرسکتا ہوں کہ دین کی اصل تعلیم جو فی الحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی ہے وہ کیا ہے اور وہ کیا کیا باتیں ہیں جو بعد میں اس میں ٹھونسی گئی ہیں ۔"

تصانیف

(۱) فتح الرحمٰن

(۲) الفوز الکبیر

(۳) فتح الخبیر

(۴) مصفّٰے

(۵) مسوّیٰ

(۶) حجۃ اللہ البالغہ

(۷) لبدور البازغہ

(۸) ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء

(۹) قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین

(۱۰) انصاف

(۱۱) عقد الجید

(۱۲) تحفۃ الموحدین

(۱۳) شرح تراجم ابواب صحیح بخاری

(۱۴) مجموعہ رسائل اربعہ

(۱۵) تفہیمات الہیہ

(۱۶) خیر کثیر

(۱۷) فیوض الحرمین

(۱۸) الدر الثمین فی مبشرات النبی الامین

(۱۹) انفاس العارفین

(۲۰) انسان العین

(۲۱) القول الجمیل

(۲۲) انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ

(۲۳) الطاف القدس

(۲۴) سطعات

(۲۵) ہمعات
(۲۶) لمعات
(۲۷) مکتوبات فی مناقب امام بخاری و ابن تیمیہ ۔
(۲۸) مکتوب المعارف مع مکاتیب ثلثہ
(۲۹) سرور المحزون
(۳۰) الجزو الطیف
(۳۱) المقالۃ الوضیۃ فی الوصیۃ والنصیحۃ
(۳۲) شفاء القلوب
(۳۳) زہراوین
(۳۴) تاویل الاحادیث
(۳۵) ہوامع شرح حزب البحر
(۳۶) العقیدۃ الحسنہ
(۳۷) المقدمۃ السنیہ
(۳۸) چہل حدیث
(۳۹) شرح رباعتین
(۴۰) آثر الاجداد
(۴۱) العطیۃ الصمدیہ
(۴۲) فتح الودود فی معرفۃ الجنود
(۴۳) مسلسلات

شاہ ولی اللہ کے ہمعصر سلاطین مغلیہ

حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کی ولادت ۱۱۱۴ھ / ۱۷۰۳ء میں اور وفات ۱۱۷۶ھ / ۱۷۶۲ء میں ہوئی تھی۔ اس مدت میں مندرجہ ذیل شاہان مغلیہ تخت پر آئے —

(۱) اورنگ زیب عالمگیر (۱۶۵۸-۱۷۰۷)

(۲) بہادر شاہ اول (۱۷۰۷-۱۷۱۲)

(۳) معزالدین جہاندار شاہ (۱۷۱۲-۱۷۱۳)

(۴) فرخ سیر (۱۷۱۳-۱۷۱۹)

(۵) نیکوسیر (۱۷۱۹)

(۶) رفیع الدرجات (۱۷۱۹)

(۷) رفیع الدولہ (۱۷۱۹)

(۸) محمد شاہ (۱۷۱۹-۱۷۴۸) - محمد ابراہیم - (۱۷۲۰)

(۹) احمد شاہ (۱۷۴۸-۱۷۵۴)

(۱۰) عالمگیر ثانی (۱۷۵۴-۱۷۵۹)

(۱۱) شاہ عالم (۱۷۵۹-۱۸۰۶)

LIBRARY

احمد شاہ ابدالی

۱۷۳۷ء میں جب نادر شاہ نے قندھار پر لشکر کشی کی تو ایک شخص احمد خاں نامی جنگی قیدی کی حیثیت سے اس کے پاس لایا گیا۔ نادر شاہ اس سے بہت متاثر ہوا ۔ اور اس کو لیسارل بنا کر اپنے ذاتی خدمت گاروں میں شامل کر لیا۔ اپنی خداداد صلاحیتوں کی بنا پر اس نے بہت جلد ترقی کر لی اور وہ نادر شاہ کے نہایت اعلیٰ اور معتبر فوجی افسروں میں شمار ہونے لگا۔ بعد ازاں نادر شاہ نے اس کو خزانہ کا مہتمم بنا دیا[1] اور اس پر مزید اعتماد کا اظہار کیا۔ گلستان رحمت میں لکھا ہے کہ وہ نادر شاہ کی مجلس کا رکن بھی ہو گیا تھا۔[2] نادر شاہ اس کے متعلق کھلے دربار میں کہا کرتا تھا کہ اس نے ایران۔ توران اور ہندستان میں کوئی شخص ایسی خوبیوں اور صلاحیتوں کا نہیں دیکھا جیسا کہ احمد خان ہے۔ نادر شاہ کی مہمات پر احمد خاں اکثر اس کے ساتھ ہوتا تھا۔ جب ۹ ذی الحجہ ۱۱۵۱ھ المطابق ۹ مارچ ۱۷۳۹ء کو نادر شاہ،

---

[1] خزانہ عامرہ۔ ص ۷۹۔ مآثر الامراء جلد دوم۔ ص ۹۱؛ مہتمم خزانہ کو منگ باشی کہتے تھے [2] گلستان رحمت (قلمی نسخہ)

محمد شاہ کے محل میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہوا تو احمد خاں دیوان عام کے پاس نظام الملک چن قلیچ خاں آصف جاہ کے ساتھ بیٹھا۔ نظام الملک نے جب اس کا چہرہ دیکھا تو بلندی اور عظمت کے آثار نظر آئے۔ اور پیشین گوئی کی کہ یہ شخص ضرور بادشاہ بنے گا۔ یہ خبر کسی طرح نادر شاہ کے کانوں تک پہونچ گئی۔ اس نے احمد خان کو اپنے پاس بلایا اور جیب سے چاقو نکال اس کے کان تھوڑے تھوڑے کاٹ دیئے اور کہا کہ "جب تم بادشاہ ہو جاؤ گے تو ان کو دیکھ کر میری یاد تازہ ہو جائے گی"۔

۲ جون ۱۷۴۷ء کو نادر شاہ اپنے کیمپ میں مارا گیا۔ اس کے مرتے ہی سلطنت میں انتشار اور بدنظمی پیدا ہو گئی۔ احمد خاں نے حالات سے فائدہ اٹھایا اور افغانستان میں آزاد حکومت کی بنا ڈال دی۔

احمد شاہ نے دُرِّ دوراں [۲] کا لقب اختیار کیا۔ بعد کو اسی نسبت سے

---

[۱] تاریخ احمد شاہی (قلمی)، تاریخ سلطانی [۲] نادر شاہ کے قتل کے بعد جب احمد شاہ افغانستان کو بھاگا تو لاہور کے ایک درویش کو اپنے ساتھ لیا۔ شاہ صابر نے نادر شاہ کے قتل سے تین دن پہلے پیشین گوئی کی تھی کہ احمد شاہ بادشاہ ہوگا۔ ابھی افغانستان بھی نہ پہونچے تھے کہ شاہ محمد صابر نے احمد خاں سے بادشاہت کا اعلان کرنے کا اصرار کیا۔ احمد خاں نے تامل کیا تو مٹی کے ایک ڈھیر پر زبردستی بٹھا دیا اور کہا یہ تمہارا تخت ہے۔ پھر گیہوں کا ایک خوشہ سر پر رکھا اور کہا تم دُرانی بادشاہ ہو" سیر المتاخرین (ج ۳) ص ۱۶، تاریخ حسین شاہی (قلمی)

اس کا خاندان دُرّانی کہلانے لگا۔ ابدالی[1] ایک مشہور افغان قبیلہ کا نام ہے جس سے احمد شاہ منسلک تھا۔

احمد شاہ نے ہندوستان کے حالات کا بغور مطالعہ کیا تھا۔ تخت نشینی سے پہلے وہ کئی بار ہندوستان آیا تھا۔ یہاں کی دولت، مرکز کی کمزوری، امراء کی مفسدانہ حرکتیں۔ سب اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھی تھیں۔ چنانچہ ۱۷۴۷ء سے ۱۷۶۹ء تک اس نے ہندوستان کو نو بار زیر و زبر کیا۔ ان حملوں کے اسباب مختلف تھے۔ بعض مرتبہ وہ خود آیا۔ بعض مرتبہ بلایا گیا۔ ۱۷۶۰ء میں اس کا چھٹا حملہ بالکل مختلف نوعیت کا تھا۔ ہندوستان کے حالات سے بددل ہونے کے بعد سنجیدہ امراء، بالغ نظر علماء اور مشائخ نے اس کو یہاں آنے کی دعوت دی تھی۔ طباطبائی نے لکھا ہے:۔

"نجیب الدولہ در اجہائے ہندوستان از دست مرہٹہ و عماد الملک بجاں آمدہ زوال دولت و ملک خود از دست بردِ مرہٹہ برائے العین مشاہدہ نمود عرائض استدعا

---

[1] قبیلہ کا نام ابدالی پڑنے کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ احمد شاہ کے اجداد میں سے ایک بزرگ خواجہ ابو احمد ابدال چشتیؒ کے مرید تھے۔ اور اسی نسبت سے ابدالی مشہور ہو گئے تھے۔ بعد کو ان کے قبیلہ کا نام ہی ابدالی مشہور ہو گیا۔ ملاحظہ ہو تاریخ حسین شاہی از سید ابو المحاسن حسین الحسینی (قلمی)، ص ۲

بخدمت احمد شاہ ابدالی نگاشتہ خواہاں ورود او شدند"

(سیر المتاخرین)

احمد شاہ بعض اعتبار سے اپنے عہد کے نہایت ہی ممتاز حکمرانوں میں تھا۔ اس کی صلاحیت جہانبانی، تدبر، عسکری لیاقت کا اعتراف اس کے مخالفین تک نے کیا ہے۔ اس نے اپنے ملک کو غلامی سے نجات دلائی۔ اور افغان علاقہ کو جو اس وقت چھوٹی چھوٹی منتشر ریاستوں پر مشتمل تھا۔ ایک مضبوط سیاسی سانچہ میں ڈھال کر "افغانستان" کی شکل دی۔

احمد شاہ مذہبی رجحانات کا آدمی تھا۔ علماء و مشائخ کا ہجوم اس کے گرد رہتا تھا۔ پشاور۔ لاہور۔ اور بٹالہ کے مشائخ کی خدمت میں وہ اکثر حاضر ہوا ہے۔ دہلی اجمیر اور پانی پت کے مزارات پر اس نے عقیدت سے حاضری دی ہے۔ جنگ پانی پت کے اگلے دن وہ حضرت بوعلی شاہ قلندرؒ کے مزار پر نیازمندانہ گیا تھا۔ ہر جمعرات کی شب میں وہ علماء و مشائخ کو کھانے پر بلاتا تھا اور مذہبی معاملات پر گفتگو کرتا تھا۔ وہ خود نہایت پابند شرع سنی تھا۔

ان تمام مذہبی دلچسپیوں کے باوجود وہ انتہائی غیر متعصب اور وسیع النظر تھا۔ اس کے ملک میں شیعہ، ہندو، عیسائی سب پوری مذہبی آزادی کے ساتھ رہتے تھے۔ افغانستان کی تجارت ہندوؤں کے ہاتھ میں تھی۔ ایران کے شمالی علاقہ سے نادر شاہ نے عیسائیوں کو لاکر کابل میں بسا دیا تھا۔ ہندو اور

عیسائی دونوں اطمینان کے ساتھ افغانستان میں زندگی بسر کرتے تھے۔ اس کی تصدیق ۱۷۸۳ء میں جارج فوسٹر نے کی تھی [۱]

فیریر نے لکھا ہے کہ مشرقی ممالک کی بہت سی خرابیوں سے احمد شاہ مبرا تھا۔ شراب نوشی، افیون وغیرہ سے اجتناب ہی کرتا تھا۔ لالچ اور منافقانہ حرکتوں سے پاک تھا۔ مذہب کا سخت پابند تھا۔ اس کی سادہ لیکن باوقار عادتیں اس کو ہر دلعزیز بنا دیتی تھیں۔ اس تک پہونچنا آسان تھا۔ وہ انصاف کا خاص خیال رکھتا تھا۔ کبھی کسی نے اس کے فیصلہ کی شکایت نہیں کی۔" [۲]

۲۰ رجب ۱۱۸۶ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۷۷۲ء کو ابدالی کا انتقال ہوا۔

---

[۱] ملاحظہ ہو "A Journey from Bengal to England ! Vol I

[۲] ملاحظہ ہو "History of the Afghans

احمد شاہ ابدالی کے حملے ہندستان پر

احمد شاہ ابدالی نے ۱۷۴۷ء سے ۱۷۶۹ء تک ہندوستان پر نو حملے کیے۔ سات حملے شاہ ولی اللہ صاحب کی زندگی میں ہوئے تھے۔

پہلا حملہ ۱۷۴۷ء میں پنجاب پر ہوا تھا۔ احمد شاہ نے لاہور اور سرہند پر بغیر مقابلہ کے قبضہ کر لیا۔ لیکن جب آگے بڑھا تو منوپور کے مقام پر مغلوں کی فوجوں نے حملہ کیا اور احمد شاہ کو شکست کھا کر واپس ہونا پڑا۔[1]

۱۷۵۰ء میں احمد شاہ ابدالی نے دوسری بار پنجاب پر حملہ کیا۔ صفدر جنگ نے مغل بادشاہ احمد شاہ کے اصرار پر ابدالی کے خلاف مرہٹوں سے معاہدہ کیا۔ لیکن یہ معاہدہ بارآور نہ ہوا۔ معین الملک نے جو لاہور کا وائسرائے تھا ابدالی سے صلح کر لی اور پنجاب کا کچھ علاقہ احمد شاہ کے حوالہ کر دیا۔[2]

---

[1] آنند رام مخلص نے اپنے تذکرہ میں اس حملہ کا مفصل ذکر کیا ہے۔ نیز ملاحظہ ہو۔
Sarkar Fall Of The Mughal Empire Vol I P. 207-233

[2] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔
Sarkar Fall Of The Mughal Empire Vol I P. 417-419

تاریخ احمد شاہی کے مصنف کا بیان ہے کہ اس علاقہ کو حوالہ کر دینے کی ہدایت مغل شہنشاہ نے کی تھی[1]

احمد شاہ ابدالی کا تیسرا حملہ[2] ۱۷۵۱ء میں ہوا۔ معین الملک نے حملہ کی خبر سنکر ۹ لاکھ روپئے ابدالی کے پاس بھیجے تاکہ یہ رقم لے کر وہ واپس ہوجائے لیکن اس نے پیش قدمی کو جاری رکھا۔ معین الملک ابدالی سے جنگ کرنے کے لیے آمادہ نہ تھا۔ لاہور کے ایک باثر تاجر کوڑامل نے حملہ آور سے صلح کرنے کی سخت مخالفت کی[3]۔ بالآخر یہ ہی طے ہوا کہ جنگ کی جائے۔ کوڑامل میدان جنگ میں مارا گیا۔ اس کے مرنے سے معین الملک کی ہمت ٹوٹ گئی۔ صلح کی پیش کش کی گئی۔ احمد شاہ ابدالی نے جواب میں کہلا بھیجا" میں کوڑامل سے نمٹنا چاہتا تھا۔ اب وہ ختم ہو گیا۔ تم جاؤ' اطمینان سے رہو' میں نے جتنے روپئے کا مطالبہ کیا تھا وہ بھیج دو"[4]

---

[1] تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔ Elliot & Dowson, Vol VIII P 114-115

[2] حملہ کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو۔
Sarkar: Fall Of The Mughal Empire Vol I-P.427-28.

[3] Elliot & Dowson, Vol VIII P.167.

[4] Elliot & Dowson, Vol VIII P.122-123

۱۷۵۲ء میں چوتھی بار ابدالی ہندوستان پر حملہ آور ہوا۔ وجہ یہ تھی کہ احمد شاہ ابدالی نے کشمیر کے گورنر سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ اس کے اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کرے۔ گورنر نے انکار کیا تو ابدالی نے حملہ کر دیا۔ رنجیت دیو ۱۷۸۱ء۔ ۱۸۳۵ راجہ جموں نے نہایت بہادری سے مقابلہ کیا لیکن کامیابی نہ ہوئی اور کشمیر احمد شاہ ابدالی کے قبضہ میں پہونچ گیا۔[1]

احمد شاہ ابدالی کے پانچویں حملہ کی نوعیت پہلے چار حملوں سے بالکل مختلف تھی۔ اس مرتبہ (۱۷۵۷ء) وہ خود نہیں آیا تھا بلکہ بلایا گیا تھا۔ عالمگیر ثانی نے اپنے مغرور وزیر عماد الملک غازی الدین سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے ابدالی کو مدعو کیا تھا۔[2] فرحت الناظرین کے ایک بیان سے ایسا خیال ہوتا ہے کہ عالمگیر ثانی نے نجیب الدولہ کے ذریعہ اس کو دعوت نامہ بھیجا تھا۔[3]

---

[1] اس حملہ کی تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو۔

Islamic Culture Vol XI No. 4, P. 499-500

Law de Lauriston · Memoire sur quelques affaires D,L empire mogal (1756-1761) P. 59

Francklin History of the Reign of Shah Aulum P4

Elliot & Douson Vol VIII P. 163.

بہرحال احمد شاہ ابدالی آیا۔ محل میں عالمگیر ثانی سے ملاقات کی[1] تمام ملک سے وکیلوں کو بلوایا گیا۔ اور انہوں نے احمد شاہ کو نذریں پیش کیں۔ جاٹوں کے سردار کے علاوہ سب نے ابدالی کے اقتدار کو تسلیم کر لیا۔ ابدالی نے غازی الدین کو معطل کر کر عالمگیر کے سب سے بڑے بیٹے علی گوہر کو نائب سلطنت مقرر کیا[2] اور اپنے بیٹے کی شادی عالمگیر ثانی کی بھتیجی سے کی۔[3] اس کے بعد ابدالی نے جاٹوں کے علاقہ کا رُخ کیا۔ اس مہم میں غازی الدین نے اس کی بے حد مدد کی۔ ابدالی اتنا خوش ہوا کہ عالمگیر کو لکھا کہ اس کو پھر وزیر مقرر کر دیا جائے۔ عالمگیر ثانی نے مودبانہ انکار بھی کیا۔ لیکن ابدالی نے قلمدان وزارت غازی الدین کے حوالہ کر دیا[4] اور نجیب الدولہ کو امیر الامراء مقرر کر دیا۔

ابدالی کا چھٹا حملہ ۱۷۶۰-۶۱ء میں ہوا۔ پنجاب سے مرہٹوں نے ابدالی

Elliot & Douson Vol VIII P. 247. [1]

Francklin: History of the reign of Shah Aulum P.P. 5-6 [2]

Elliot & Douson Vol VIII P. 265 [3]

Francklin P.P. 6-7 [4]

کے بیٹے اور جہاں خاں کو بھگا دیا تھا۔ ابدالی کو اس کا بدلہ لینا تھا۔ ادھر پانی پت میں مرہٹوں کے غلبہ کو دیکھ کر نجیب الدولہ، شاہ ولی اللہ دہلوی اور چند امرار باقتدار نے احمد شاہ سے امداد کی درخواست کی۔ اس جنگ کا حال مقدمہ میں بیان کیا جا چکا ہے [۱]۔

ابدالی نے ۱۷۶۲ء میں ساتواں حملہ ہندوستان پر کیا۔ اس حملہ کا مقصد سکھوں کی ہنگامہ آرائی کو روکنا تھا۔ ۱۷۶۷ء میں ابدالی نے آٹھویں بار حملہ کیا۔ اس وقت یہ مشہور ہو گیا تھا کہ احمد شاہ ابدالی کا مقصد انگریزوں کو بنگال سے نکالنا ہے۔ انگریزوں نے فوج کا ایک دستہ الہ آباد بھیج دیا تھا تاکہ اس کا مقابلہ اودھ میں کیا جائے۔ ۱۷۶۹ء میں ابدالی نے آخری بار سکھوں پر حملہ کیا۔

---

[۱] جنگ پانی پت کے تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ ہوں۔
Sarkar: fall of the Mughal empire Vol II p 298 - 372
Casi Raja Pundit: An account of the last battle of Panipat edited by H.G: Rawlinson. G.A. Malleson: Afghanistan, P. 289-291-

اس موقع پر اس کی فوج کے بارہ ہزار سپاہیوں نے غداری کی اور ابدالی کو مجبوراً کابل واپس ہونا پڑا[1]

---

[1] Islamic Culture
Vol XI P.506-507

نجیب الدّولہ

پشاور سے ۲۵ کوس کے فاصلہ پر ایک گاؤں سنری ہے۔ اسی مقام پر[۱] ۱۷۰۷ء میں نجیب الدولہ پیدا ہوا تھا۔ یہاں اس کو نہ تعلیم حاصل کرنے کے مواقع ملے[۲] نہ زندگی بسر کرنے کا کوئی ذریعہ ملا۔ تلاش معاش میں دوآب کے علاقہ میں آگیا۔ اللہ نے اسے بے پناہ صلاحیتیں عطا فرمائی تھیں۔ ۱۷۴۳ء میں آنولہ پہونچکر علی محمد خاں کے یہاں ملازم ہوگیا۔ شروع میں بارہ سوار اس کے نیچے رکھے گئے تھے۔ جلد ہی وہ ترقی کر گیا اور کئی سو سوار اس کی ماتحتی میں رہنے لگے۔ کچھ عرصہ بعد علی محمد خاں کو شہنشاہ نے سرہند کا گورنر مقرر کیا۔ نجیب خاں، اس کے ہمراہ گیا۔ علی محمد خاں کو اس کی صلاحیتوں کے پرکھنے کا موقع ملا۔ جب علی محمد خاں، سرہند سے آنولہ واپس آیا تو دوندے خاں نے (جس کی لڑکی در بیگم سے نجیب کی شادی ہو چکی تھی) چاندپور۔ نگینہ۔ بجنور وغیرہ کے علاقہ

---

[۱] نجیب التواریخ " از نصیر الدین (قلمی نسخہ حبیب گنج) ص ۱

[۲] نجیب التواریخ۔ ص ۵ (ب)

نجیب کے سپرد کردیئے۔

جب صفدر جنگ اور مرہٹوں نے افغانوں پر حملہ کئے تو نجیب خاں نے اپنی شجاعت اور بہادری کے جوہر دکھائے۔ حافظ الملک نے اس کو ایک ہزار سوار پر جملہ دار مقرر کردیا۔

۱۷۵۳ء میں احمد شاہ اور صفدر جنگ میں رسہ کشی شروع ہوئی نجیب خاں نے ایک عالم مولوی نذر محمد کے وعظ سے متاثر ہوکر بادشاہ کی امداد کا تہیہ کرلیا۔ اور ایک ہزار سوار کے ساتھ دہلی روانہ ہوگیا۔ راستے میں روہیلوں کو اپنے ساتھ شریک کرتا رہا۔ یہاں تک کہ دس ہزار آدمی اس کے ساتھ ہوگئے۔ عماد الملک نے شہنشاہ کی خدمت میں پیش کیا اور نجیب خاں کو نجیب الدولہ کا خطاب اور پنج ہزاری منصب عطا ہوا۔ نجیب الدولہ نے اس جنگ میں اپنی مردانگی اور شجاعت کا پورا پورا ثبوت دیا۔ بادشاہ نے فوجوں کی تنخواہ کے عیوض میں دوآب کا علاقہ عطا فرمایا۔ نجیب خاں چار ماہ بعد اپنے علاقہ میں واپس آیا۔ اب اس کی حیثیت بدل گئی تھی۔ شاہانِ مغلیہ سے اس کا براہ راست تعلق ہوگیا تھا۔ دہلی کی سیاست میں اس کا حصہ ہوگیا تھا۔ ترقی کرتے کرتے وہ دہلی کا ڈکٹیٹر ہوگیا۔ ۱۷۶۱ء سے ۱۷۷۰ء تک وہ دہلی کی سب سے بڑی شخصیت تھا۔ تمام سیاست اس کے گرد گھومتی تھی اور وہ سارا انظام حکومت اپنے کاندھوں پر سنبھالے

ہوئے تھا۔

نجیب الدولہ کو علوم رسمی کی تعلیم یقیناً نہیں ملی تھی۔ لیکن اس میں تمام وہ خوبیاں تھیں جو محنت، دیانت داری، اور تجربہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ اس کی عسکری لیاقت بے پناہ تھی۔ وہ دشمنوں کی سازشوں کا توڑ کرنا جانتا تھا۔ ناساز حالات میں اس کی دوربین نگاہ صحیح راہ عمل دیکھ لیتی تھی۔ خود اعتمادی اور سیاسی بصیرت کی اس میں کبھی کمی محسوس نہیں ہوئی۔ جب جواہر سنگھ کی فوج نے جس میں مرہٹے سکھ اور جاٹ تینوں شامل تھے۔ دہلی پر حملہ کیا تو اس نے مردانگی سے مقابلہ کیا۔ سر جدو ناتھ سرکار نے لکھا ہے۔

"ایک مورخ کی سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ اس کی کس خوبی کی سب سے زیادہ تعریف کرے۔ میدان جنگ میں اس کی حیرت انگیز قیادت کی، یا مشکلات میں اس کے تیز نگاہی اور صحیح رائے کی، یا اس کی اس فطری صلاحیت کی جو اس کو انتشار اور ابتری میں ایسی راہ دکھا دیتی تھی جس سے نتیجہ اس کے موافق نکل آتا تھا۔ ——" ج م ص ۱۶م

نجیب الدولہ انتہائی قومی درد اور مذہبی جذبہ رکھنے والا انسان تھا۔ اس نے مغلیہ سلطنت کو بچانے کے لیئے وہی سب کچھ کیا جو سلجوقیوں نے خلفاء بنی عباس کے اقتدار کو قائم رکھنے کے لیئے کیا تھا۔ اس کی مذہبی دلچسپیوں کا یہ عالم تھا کہ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ فرماتے ہیں۔

" نزدنجیب الدولہ ہزصد عالم بود،

ادنیٰ پنج روپیہ و اعلیٰ پانصد" ملفوظات ص ۸۱

روہیلکھنڈ کے ایک مشہور عالم حاجی محمد مہدی صاحب نے اس کی شان میں متعدد قصیدے لکھے ہیں۔ (ملاحظہ ہو انشاء مہدی (قلمی)

نجیب الدولہ نے نجیب آباد میں ایک مدرسہ قایم کیا تھا۔ اس مدرسہ کی اساس مدرسہ رحیمیہ کے اصول اور قواعد تھے۔ ولی اللہی حکمت اور فلسفہ کی ترویج و اشاعت میں اس مدرسہ کا خاص حصہ تھا۔ مولانا عبیداللہ سندھی مرحوم کے خیال کے مطابق شاہ ولی اللہ کی سیاسی تحریک کا ایک زبردست مرکز مدرسہ نجیب آباد بھی تھا۔

نجیب الدولہ حضرت شاہ ولی اللہ کے معتقدین خاص میں سے تھا۔ شاہ صاحب سے وہ اپنی مشکلات میں امداد و اعانت اور رہنمائی کی درخواست کیا کرتا تھا۔ ابدالی کو ہندوستان مدعو کرنے میں شاہ ولی اللہ صاحب کے ساتھ وہ بھی شریک تھا۔ اس جنگ میں وہ مقدمہ الجیش کا افسر تھا۔ احمد شاہ جب ہندوستان سے واپس ہوا تو اس کو "امیر الامراء" مقرر کیا۔ سیر المتاخرین میں لکھا ہے۔

" نجیب الدولہ را مامور بودن شاہ جہاں آباد کرد" ص ۹۱۵

احمد شاہ ابدالی کا ہندوستان آنا، نجیب الدولہ کا اس کے ساتھ

شریک ہونا، مرہٹوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کو ختم کرنا، اور پھر نجیب الدولہ کا امیر الامراء ہوجانا۔ یہ سب شاہ ولی اللہؒ کی کوششوں کا نتیجہ تھا۔

نجیب الدولہ نے ۳۱ر اکتوبر ۱۷۷۰ء کو انتقال کیا۔ اس کی عدل گستری اور بالغ نظری کا یہ واقعہ ہمیشہ تاریخ میں یادگار رہے گا کہ وہ جس وقت بستر مرگ پر آخری سانس لے رہا تھا تو اس نے اپنی فوجوں کو (جو اس کے ساتھ ہاپوڑ کے مقام پر تھیں اور گڈھ کا میلہ ہو رہا تھا) حکم دیا کہ گنگا کے میلے میں آنے جانے والے ہندو یاتریوں کے جان و مال کی پوری حفاظت کی جائے۔ (سرکار۔ ج ۲ ص ۵۱۴)

نواب مجدالدولہ

نواب مجدالدولہ عبدالمجید خاں، کشمیر کے رہنے والے تھے۔ وطن چھوڑ کر دہلی آ گئے تھے۔ کچھ دنوں عنایت اللہ خاں کے ساتھ رہے۔ اس کے انتقال کے بعد اعتماد الدولہ قمرالدین خاں کے ساتھ رہنے لگے۔ اور شاہی نوکری کی۔ ماثرالامراء میں لکھا ہے۔

" ازانجا کہ متصدی پختہ کار بود رفتہ رفتہ بعد واقعہ نادر شاہ در عہد فردوس آرام گاہ بدیوانی خالصہ و تن و ازاصل واضافہ بہ منصب شش ہزار سوار عطائے علم و نقارہ و پالکی جھالر دار و خطاب مجدالدولہ بہادر بدرجہ بلند رتبگی تصاعد نمود۔"

جلد سوم ص ۸۰۷ ـ ۸۰۷

مفتاح التواریخ میں لکھا ہے:۔

" نواب مجدالدولہ عبدالمجید خاں کشمیری در عہد احمد شاہ بادشاہ دہلی عہدہ سیوم بخشی گری داشت در ۱۱۶۵ھ

فوت شد۔ سانجھ سنگھ متخلص بہ بیدار تاریخش
بتعمیہ گفتہ ؎

حیف آں امیر دانا رفت از جہان فانی
واکرد بر رخ او رضواں در جناں را
تاریخ رحلتش را پرسیدہ از فرد گفت
فردوس باد مسکن عبدالمجید خاں را

یعنی اگر لفظ فردوس را با عدد عبدالمجید خاں یکجائی
"تاریخ برآید" ص ۴۳۳

نواب عبدالمجید خاں کے انتقال (۱۷۵۱ء / ۱۱۶۵ھ) کے بعد ان کے لڑکے عبدالاحد خاں کو مجدالدولہ کا خطاب مل گیا تھا۔ عبدالاحد خاں مجدالدولہ نے بھی بڑا اقتدار حاصل کیا تھا۔ اور شاہ عالم بادشاہ کے مزاج میں بڑا دخل ہو گیا تھا۔ (مآثرالامراء ج ۳ ص ۸۰۸) جب دہلی میں نجف خاں کا اقتدار ہوا تو اس کو قید کر دیا گیا تھا۔ مجدالدولہ عبدالاحد خاں مذہبی حلقہ میں مقبول تھا۔ مرزا مظہر جان جاناںؒ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں۔

"حال مردم ایں شہر از روزیکہ نجف خاں
آمدہ از شاہ تا گدا تباہ است و ذکر
خلاص مجدالدولہ بر زبان خاص عام
است تا خدائے تعالیٰ زود بظہور آرد" } مکتوب ۴۳ کلمات طیبات

مجدالدولہ عبدالمجید خاں کا۔ دجن کے نام شاہ ولی اللہ صاحب نے خط لکھا تھا) حال تاریخوں میں بہت مختصر ملتا ہے۔ لیکن ان کے بیٹے کے تفصیلی واقعات تاریخوں میں درج ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

ماثرالامراء۔ ج ۳ ص ۸۰۷—۸۰۷

Sarkar: Fall of the Mughal Empire vol III

Chapter XXX

History of the Reign of Shah Aulum, by Francklin Chapter VI

موخرالذکر کتاب میں ص ۸۰ پر مجدالدولہ کی تصویر کا عکس بھی دیا گیا ہے فرینکلن نے ۱۷۹۸ء میں کتاب لکھی تھی۔ اس لیئے یہ تصویر قابل اعتبار ہے۔

مولانا سید احمد (از مردم دیار روہیلہ)

اُن کا پورا نام مولانا سید احمد المشہور بہ شاہ جی بابا تھا۔ اپنے زمانہ میں روہیل کھنڈ کے با اثر علمار میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ تاریخوں میں ان کا نام ایک سفارت کی قیادت کے سلسلہ میں ملتا ہے۔

صفدر جنگ کو جب روہیلوں میں انتشار اور نفاق پیدا کرنے کا خیال پیدا ہوا تو نواب قائم خاں ابن نواب محمد خاں بنگش والی فرخ آباد کو روہیلکھنڈ کی سند دربار شاہی سے دلادی۔ تاکہ اس میں اور حافظ رحمت الملک میں ٹکراؤ پیدا ہوجائے۔ اور اس کشمکش میں جس کی بھی شکست ہو، بہرحال افغانوں کا ایک قومی بازو ٹوٹ جائے۔

قائم خاں ناتجربہ کار نوجوان تھا۔ صفدر جنگ کے ہاتھوں میں کھیلنے لگا۔ حافظ الملک نے اسے سمجھانے کی کوشش کی لیکن بار آور نہ ہوئی۔ اور وہ ۱۳ر نومبر ۱۷۴۹ء کو ۵۰ ہزار فوج اور چار سو بڑی توپیں لے کر روہیل کھنڈ کی فتح کے ارادہ سے نکل کھڑا ہوا۔

حافظ الملک نے مولانا سید احمد کو معہ دو اور علمار کے قائم خاں

کو سمجھانے کے لیے بھیجا۔ مولانا نے بڑی کوشش کی کہ قائم خاں جنگ سے باز آجائے۔ لیکن کچھ اثر نہ ہوا۔ بلکہ قائم خاں کے مہتمم محمود خاں نے نہایت اہانت آمیز لہجہ میں جواب دیا۔

"تم سید ہو۔ پیرزادے ہو۔ تم کو معاملات دنیا کا کیا حال معلوم تم کیوں اس قسم کے کاموں میں ہاتھ ڈالتے ہو" سید صاحب صلح سے، ناامید ہوکر حافظ الملک کے پاس واپس تشریف لائے اور تمام گفتگو کا اعادہ کرکے فرمایا۔

"آپ کو پوری خاطرجمعی کے ساتھ جنگ کرنی چاہیئے۔ انشاءاللہ فتح اور فیروزی نصیب ہوگی۔ کیونکہ جب میں مخالفوں کے پاس سے رخصت ہوا تو میں نے قائم خاں۔ محمود خاں اور دیگر حاضرین مجلس کے جسموں پر سر نہیں دیکھے"

(ملاحظہ ہو "گلستان رحمت" قلمی نسخہ
حیات حافظ رحمت خاں ص ۴۰ ۔ ۴۱

Life of Hafiz-ool-Moolk, p.30

معلوم ہوتا ہے کہ مولانا سید احمدؒ نے روہیلوں کو ان کی طاقت کے استحکام اور مخالف قوتوں کے مقابلہ میں ہر طرح کی مدد دی۔

جب قطب الدین خاں نے روہیل کھنڈ پر حملہ کیا تو حافظ الملک نے چار شخصوں کو مدافعت کے لیئے بھیجا۔ دوندے خاں۔ عبدالستار خاں۔ نجیب خاں اور مولانا سید احمدؒ کے صاحبزادے سیدّ معصوم شاہ۔

(حیات حافظ رحمت خاں۔ ص ۳۹)

کتابیں جنکے حوالے درج ہیں

عربی — (۱) تفہیمات الٰہیہ۔ شاہ ولی اللہ دہلویؒ۔ (مطبوعہ علمی مجلس ڈابھیل)
(۲) فیوض الحرمین۔ شاہ ولی اللہ دہلویؒ (۳) حجۃ اللہ البالغہ۔ (دو جلد) شاہ ولی اللہ دہلویؒ
(۴) الجامع الصغیر۔ سیوطی۔ (مطبع میمنیہ۔ مصر) (۴ الف) دیوان متنبی۔

فارسی — (۵) تاریخ عالمگیر ثانی۔ مصنف نامعلوم (قلمی) (۶) سیر المتاخرین۔ سید غلام حسین خاں طباطبائی (مطبوعہ نولکشور) (۷) ملفوظات شاہ عبد العزیز۔ شائع کردہ قاضی بشیر الدین میرٹھی (مطبع مجتبائی میرٹھ) (۸) تاریخ فیروز شاہی۔ ضیاء الدین برنی۔ (ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ)
(۹) راحت المحبین۔ ملفوظ شیخ نظام الدین اولیاء۔ از امیر خسرو (قلمی نسخہ) (۱۰) تاریخ فیروز شاہی۔ عفیف (ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ) (۱۱) تاریخ مبارک شاہی۔ یحییٰ سرہندی (ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ)
(۱۲) تذکرہ شاکر خاں۔ نواب شاکر خاں بن لطف اللہ خاں (قلمی) (۱۳) تاریخ فرشتہ۔ ہندوشاہ فرشتہ (نولکشور) (۱۴) طبقات اکبری۔ جلد سوم۔ نظام الدین بخشی (کلکتہ) (۱۵) دستور الانشاء۔ یار محمد (قلمی) (۱۶) چہار گلزار شجاعی۔ ہرچرن داس (قلمی) (۱۷) وصیت نامہ۔ شاہ ولی اللہ دہلویؒ۔
(۱۸) مکتوبات مجدد الف ثانی۔ (۱۹) الجزء اللطیف فی ترجمۃ العبد الضعیف۔ شاہ ولی اللہ دہلویؒ۔
(۲۰) خزانۂ عامرہ۔ غلام علی آزاد۔ (کانپور) (۲۱) مآثر الامراء۔ (ہر سہ جلد) (۲۲) گلستان رحمت۔ محمد مستجاب خاں (قلمی نسخہ) (۲۳) تاریخ حسین شاہی۔ عماد الدین حسینی (قلمی نسخہ) (۲۴) تذکرہ آنندرام مخلص (مطبوعہ رام پور) (۲۵) عجیب التواریخ۔ نصیر الدین (قلمی نسخہ) (۲۶) انشاء حاجی محمد مہدی (قلمی نسخہ) (۲۷) مفتاح التواریخ۔ (۲۸) کلمات طیبات۔

اردو — شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک۔ مولانا عبید اللہ سندھی (لاہور)
حیات حافظ رحمت خاں۔ سید الطاف علی بریلوی (بدایوں) حیات ولی۔ مولوی رحیم بخش (دہلی)

Sir J. N. Sarkar .... Fall of the Mughal Empire, (3 Vols).

Prof. M. Habib .... The campaigns of 'Alauddin Khalji.

Dr. R. P. Tripathi .... Some Aspects of Muslim Administration

Abdul Aziz .... The Mansabdari System and the Mughal Army.

Cambridge History of India Vol. IV.

Irvine .... Later Mughals (2 Vols.)

Irvine .... The Army of the Indian Mughals

Raghubir Singh .... Malwa in transition.

Sarkar .... Shivaji and His Times.

Sarkar .... History of Aurangzeb Vol IV.

Sen .... Military System of the Marathas

Sen .... Administrative system of the Marathas.

Pisurlencar .... Portuguesese Maratas.

H. R. Gupta .... History of the Sikhs.

Elliot .... Life of Hafizool Mulk.

George Forster .... A Journey from Bengal to England (London 1793) Vol. I

Ferrier ... History of the Afghans (London 1858).

W. Francklin .... History of the Reign of Shah Aullum, (London 1798).

Elliot & Dowson ... History of India as told by its own historians (Vol. VIII).

Law de Lauriston .. Memoire Sur quelques affaires de L' Empire Mogol (1756 – 1761).

Rawlinson .... An Account of the Last Battle of Panipat (Casi Raja).

G. A. Malleson .... Afghanistan.

ملنے کے پتے

۱–احتشام احمد نظامی۔ نفیس منزل۔ مسلم یونیورسٹی۔ علی گڈھ

۲–مولوی نسیم احمد فریدی۔ محلہ جھنڈا شہید۔ امروھہ۔